http://getebooks4free.com

☆

اپنے

عمو کے نام

جو

باقی دنیا کے لیے

احمد ندیم قاسمی

ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

# وہ سرِ شاخِ گل

## (نذر احمد ندیم قاسمی)

وہ سایہ دار شجر
جو مجھ سے دور، بہت دور ہے، مگر اس کی
لطیف چھاؤں
سجل، نرم چاندنی کی طرح
مرے وجود مری شخصیت پہ چھائی ہے!
وہ ماں کی بانہوں کی مانند مہربان شاخیں
جو ہر عذاب میں مجھ کو سمیٹ لیتی ہیں
وہ ایک مشفق دیرینہ کی دعا کی طرح
شریر جھونکوں سے پتوں کی نرم سرگوشی
کلام کرنے کا لہجہ مجھے سکھاتی ہے
وہ دوستوں کی حسیں مسکراہٹوں کی طرح
شفق عذار، دھنک پیرہن شگوفے، جو
مجھے زمیں سے محبت کا درس دیتے ہیں!

اداسیوں کی کسی جانگداز ساعت میں
میں اس کی شاخ پر سر رکھ کے جب بھی روئی ہوں
تو میری پلکوں نے محسوس کر لیا فوراً
بہت ہی نرم سی اک پنکھڑی کا شیریں لمس!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

(نمی تھی آنکھ میں لیکن میں مسکرائی ہوں!)

کڑی ہے دھوپ
تو پھر برگ برگ ہے شبنم

تپاں ہوں لہجے
تو پھر پھول پھول ہے ریشم
ہرے ہوں زخم
تو سب کونپلوں کا رس مرہم!

وہ ایک خوشبو
جو میرے وجود کے اندر
صداقتوں کی طرح زینہ زینہ اتری ہے
کرن کرن مری سوچوں میں جگمگاتی ہے
(مجھے قبول، کہ وجدان نہیں یہ چاند مرا
یہ روشنی مجھے ادراک دے رہی ہے مگر!)

وہ ایک جھونکا
جو اس شہرِ گل سے آیا تھا
اب اس کے ساتھ بہت دور جا چکی ہوں میں
میں ایک ننھی سی بچی ہوں اور خموشی سے
بس اس کی انگلیاں تھامے، اور آنکھیں بند کیے
جہاں جہاں لیے جاتا ہے، جا رہی ہوں میں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

وہ سایہ دار شجر

جو دن میں میرے لیے ماں کا نرم آنچل ہے

http://getebooks4free.com

☆

وہ رات میں، مرے آنگن پہ ٹھہرنے والا
شفیق، نرم زباں، مہرباں بادل ہے

مرے دریچوں میں جب چاندنی نہیں آتی
جو بے چراغ کوئی شب اترنے لگتی ہے
تو میری آنکھیں کرن کے شجر کو سوچتی ہیں

دبیز پردے، نگاہوں سے ہٹنے لگتے ہیں
ہزار چاند، سرِ شاخِ گل ابھرتے ہیں!

http://getebooks4free.com

☆

چلی ہے تھام کے بادل کے ہاتھ کو خوشبو
ہوا کے ساتھ سفر کا مقابلہ ٹھہرا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اجنبی

کھوئی کھوئی آنکھیں

بکھرے بال

شکن آلود قبا

لُٹا لُٹا انسان!

سائے کی طرح سے میرے ساتھ رہا کرتا ہے۔ لیکن

کسی جگہ مل جائے تو

گھبرا کے مُڑ جاتا ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اُلجھن

رات ابھی تنہائی کی پہلی دہلیز پہ ہے
اور میری جانب اپنے ہاتھ بڑھاتی ہے
سوچ رہی ہوں
ان کو تھاموں
زینہ زینہ سناٹوں کے تہہ خانوں میں اتروں
یا اپنے کمرے میں ٹھہروں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# احتیاط

سوتے میں بھی
چہرے کو آنچل سے چھپائے رہتی ہوں
ڈر لگتا ہے
پلکوں کی ہلکی سی لرزش
ہونٹوں کی موہوم سی جنبش
گالوں پر رہ رہ کے اترنے والی دھنک
لہو میں چاند رچاتی اس ننھی سی خوشی کا نام نہ لے لے
نیند میں آئی ہوئی مسکان
کسی سے دل کی بات نہ کہہ دے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اعتراف

جانے کب تک تری تصویر نگاہوں میں رہی
ہوگئی رات ترے عکس کو تکتے تکتے

میں نے پھر تیرے تصور کے کسی لمحے میں
تیری تصویر پہ لب رکھ دیے آہستہ سے!

http://getebooks4free.com

# کشف

ہونٹ بے بات ہنسے
زلف بے وجہ کھلی
خواب دکھلا کے مجھے
نیند کس سمت چلی
خوشبو لہرائی، مرے کان میں سرگوشی کی
اپنی شرمیلی ہنسی میں نے سنی

IqbalCyberLibrary
All rights reserved.

http://getebooks4free.com

# کانچ کی سُرخ چوڑی

کانچ کی سُرخ چوڑی
مرے ہاتھ میں
آج ایسے کھنکنے لگی
جیسے کل رات، شبنم سے لکھی ہوئی
ترے ہاتھ کی شوخیوں کو
ہواؤں نے سُر دے دیا ہو!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# گُماں

میں کچی نیند میں ہوں
اور اپنے نیم خوابیدہ تنفّس میں اترتی
چاندنی کی چاپ سنتی ہوں
گُماں ہے
آج بھی شاید مرے ماتھے پہ تیرے لب ستارے ثبت کرتے ہیں!

http://getebooks4free.com

# پیار

ابرِ بہار نے
پھول کا چہرہ
اپنے بنفشی ہاتھ میں لے کر
ایسے چوما
پھول کے سارے دُکھ
خوشبو بن کر بہہ نکلے ہیں!

http://getebooks4free.com

# نوید

سماعتوں کو نوید ہو۔ کہ
ہوائیں خوشبو کے گیت لے کر
دریچہ گل سے آ رہی ہیں!
کھلی آنکھوں میں سپنا جھانکتا ہے
وہ سویا ہے کہ کچھ کچھ جاگتا ہے

تری چاہت کے بھیگے جنگلوں میں
مرا تن، مور بن کر ناچتا ہے

مجھے ہر کیفیت میں کیوں نہ سمجھے
وہ میرے سب حوالے جانتا ہے

میں اس کی دسترس میں ہوں، مگر وہ
مجھے میری رضا سے مانگتا ہے

کسی کے دھیان میں ڈوبا ہوا دل
بہانے سے مجھے بھی ٹالتا ہے

سڑک کو چھوڑ کر چلنا پڑے گا
کہ میرے گھر کا کچا راستہ ہے

http://getebooks4free.com

رقص میں رات ہے بدن کی طرح
بارشوں کی ہوا میں، بن کی طرح

چاند بھی میری کروٹوں کا گواہ
میری بستر کی ہر شکن کی طرح

چاک ہے دامنِ قبائے بہار
میرے خوابوں کے پیرہن کی طرح

زندگی، تجھ سے دور رہ کر، میں

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

آج ملبوس میں ہے کیسی تھکن کی خوشبو
رات بھر جاگی ہوئی جیسے دُلہن کی خوشبو

پیرہن میرا مگر اس کے بدن کی خوشبو
اُس کی ترتیب ہے ایک ایک شکن کی خوشبو

موجۂ گُل کو ابھی اذنِ تکلم نہ ملے
پاس آتی ہے کسی نرم سخن کی خوشبو

قامتِ شعر کی زیبائی کا عالم مت پوچھ
مہرباں جب سے ہے اس سرو بدن کی خوشبو

ذکر شاید کسی خورشید بدن کا بھی کرے
کُو بہ کُو پھیلی ہوئی میرے گہن کی خوشبو

عارضِ گل کو چھوا تھا کہ دھنک سی بکھری
کس قدر شوخ ہے ننھی سی کرن کی خوشبو

کس نے زنجیر کیا ہے رمِ آہو چشماں
نکہتِ جاں ہے انہیں دشت و دمن کی خوشبو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اس اسیری میں ہر سانس کے ساتھ آتی ہے
صحنِ زنداں میں انہیں دشتِ وطن کی خوشبو

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ایکسٹیسی

سبز مدھم روشنی میں سُرخ آنچل کی دھنک
سرد کمرے میں مچلتی گرم سانسوں کی مہک

بازوؤں کے سخت حلقے میں کوئی نازک بدن

سلوٹیں ملبوس پر، آنچل بھی کچھ ڈھلکا ہوا
گرمئ رخسار سے دہکی ہوئی ٹھنڈی ہوا

نرم زلفوں سے ملائم انگلیوں کی چھیڑ چھاڑ

سُرخ ہونٹوں پر شرارت کے کسی لمحے کا عکس
ریشمیں بانہوں میں چوڑی کی کبھی مدھم کھنک

شرمگیں لہجوں میں دھیرے سے کبھی چاہت کی بات

دو دلوں کی دھڑکنوں میں گونجتی تھی اک صدا
کانپتے ہونٹوں پہ تھی اللہ سے صرف اک دعا

کاش یہ لمحے ٹھہر جائیں، ٹھہر جائیں، ذرا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

# ایک شعر

خوشبو بتا رہی کہ وہ راستے میں ہے
موج ہوا کے ہاتھ میں اس کا سراغ ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## پرزم

پانی کے اک قطرے میں
جب سورج اُترے
رنگوں کی تصویر بنے
دھنک کی ساتوں قوسیں
اپنی بانہیں پھیلائیں
قطرے کے ننھے سے بدن میں
رنگوں کی دنیا کھنچ آئے!

میرا بھی اک سورج ہے
جو میرا تن چُھو کر مجھ میں
قوسِ قزح کے پھول اُگائے
ذرا بھی اس نے زاویہ بدلا
اور میں ہوگئی
پانی کا اک سادہ قطرہ
بے منظر، بے رنگ!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

# گئے جنم کی صدا

وہ ایک لڑکی۔
کہ جس سے شاید میں ایک پل بھی نہیں ملی ہوں
میں اس کے چہرے کو جانتی ہوں
کہ اس کا چہرہ
تمہاری نظموں، تمہارے گیتوں کی چلمنوں سے اُبھر رہا ہے
یقین جانو
مجھے یہ چہرہ تمہارے اپنے وجود سے بھی عزیز تر ہے
کہ اس کی آنکھوں میں
چاہتوں کے وہی سمندر چھپے ہیں
جو میری اپنی آنکھوں میں موجزن ہیں
وہ تم کو اک دیوتا بنا کر، مری طرح پوجتی رہی ہے
اس ایک لڑکی کا جسم
خود میرا ہی بدن ہے
وہ ایک لڑکی۔
جو میرے اپنے گئے جنم کی مدھر صدا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

# پہلے پہل

شکن چپ ہے
بدن خاموش ہے
گالوں پہ ویسی تمتماہٹ بھی نہیں، لیکن
میں گھر سے کیسے نکلوں گی
ہوا، چنچل سہیلی کی طرح باہر کھڑی ہے
دیکھتے ہی مسکرائے گی!
مجھے چھو کر تری ہر بات پا لے گی
تجھے مجھ سے چُرا لے گی
زمانے بھر سے کہہ دے گی، میں تجھ سے مل کے آئی ہوں!
ہوا کی شوخیاں یہ
اور میرا بچپنا ایسا
کہ اپنے آپ سے بھی میں
تری خوشبو چھپاتی پھر رہی ہوں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

قریۂ جاں میں کوئی پھول کھلانے آئے
وہ مرے دل پہ نیا زخم لگانے آئے

میرے ویران دریچوں میں بھی خوشبو جاگے
وہ مرے گھر کے در و بام سجانے آئے

اس سے اک بار تو روٹھوں میں اسی کی مانند
اور مری طرح سے وہ مجھ کو منانے آئے

اسی کوچے میں کئی اس کے شناسا بھی تو ہیں
وہ کسی اور سے ملنے کے بہانے آئے

اب نہ پوچھوں گی میں کھوئے ہوئے خوابوں کا پتہ
وہ اگر آئے تو کچھ بھی نہ بتانے آئے

ضبط کی شہر پناہوں کی، مرے مالک! خیر
غم کا سیلاب اور مجھ کو بہانے آئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

چہرہ میرا تھا، نگاہیں اُس کی
خامشی میں بھی وہ باتیں اُس کی

میرے چہرے پہ غزل لکھتی گئیں
شعر کہتی ہوئی آنکھیں اُس کی

شوخ لمحوں کا پتہ دینے لگیں
تیز ہوتی ہوئی سانسیں اُس کی

ایسے موسم بھی گزارے ہم نے
صبحیں جب اپنی تھیں، شامیں اُس کی

دھیان میں اس کے یہ عالم تھا کبھی
آنکھ مہتاب کی یادیں اُس کی

رنگ جوئندہ وہ، آئے تو سہی!
پھول تو پھول ہیں، شاخیں اُس کی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

فیصلہ موجِ ہوا نے لکھا!
آندھیاں میری، بہاریں اُس کی

خود پہ بھی کھلتی نہ ہو جس کی نظر
جانتا کون زبانیں اُس کی

نیند اس سوچ سے ٹوٹی اکثر
کس طرح کٹتی ہیں راتیں اُس کی

دور رہ کر بھی سدا رہتی ہیں
مجھ کو تھامے ہوئے بانہیں اُس کی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# کنگن بیلے کا

اس نے میرے ہاتھ میں باندھا
اُجلا کنگن بیلے کا
پہلے پیار سے تھامی کلائی
بعد اُس نے ہولے ہولے پہنایا
گہنا پھولوں کا
پھر جُھک کر ہاتھ کو چوم لیا!
پھول تو آخر پھول ہی تھے
مرجھا ہی گئے
لیکن میری راتیں اب تک ان کی خوشبو سے اب
تک روشن ہیں
بانہوں پر وہ لمس ابھی تک تازہ ہے
(شاخِ صنوبر پر اک چاند دمکتا ہے!)
پھول کا گہنا
پریم کا کنگن
پیار کا بندھن
اب تک میری یاد کے ہاتھ سے لپٹا ہوا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# دھیان

ہرے لان میں
سُرخ پھولوں کی چھاؤں میں بیٹھی ہوئی
میں تجھے سوچتی ہوں
مری انگلیاں
سبز پتّوں کو چُھوتی ہوئی
تیرے ہمراہ گزرے ہوئے موسموں کی مہک چُن
رہی ہیں
وہ دل کش مہک
جو مرے ہونٹوں پہ آ کے ہلکی گلابی ہنسی بن گئی ہے!
دور اپنے خیالوں میں گُم
شاخ در شاخ
اک تیتری، خوشنما پَر سمیٹے ہوئے، اُڑ رہی ہے
مجھے ایسا محسوس ہونے لگا ہے
جیسے مجھ کو بھی پَر مل گئے ہوں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

عکسِ خوشبو ہوں، بکھرنے سے نہ روکے کوئی
اور بکھر جاؤں تو مجھ کو نہ سمیٹے کوئی

کانپ اٹھتی ہوں میں یہ سوچ کے تنہائی میں
میرے چہرے پہ ترا نام نہ پڑھ لے کوئی

جس طرح خواب مرے ہو گئے ریزہ ریزہ
اس طرح سے نہ کبھی ٹوٹ کے بکھرے کوئی

میں تو اس دن سے ہراساں ہوں کہ جب حکم ملے
خشک پھولوں کو کتابوں میں نہ رکھے کوئی

اب تو اس راہ سے وہ شخص گزرتا بھی نہیں
اب کس امید پہ دروازے سے جھانکے کوئی

کوئی آہٹ، کوئی آواز، کوئی چاپ نہیں
دل کی گلیاں بڑی سنسان ہیں، آئے کوئی

http://getebooks4free.com

# واہمہ

تمہارا کہنا ہے
تم مجھے بے پناہ شدت سے چاہتے ہو
تمہاری چاہت
وصال کی آخری حدوں تک
مرے فقط میرے نام ہو گی
مجھے یقیں ہے مجھے یقیں ہے،

http://getebooks4free.com

ہتھیلیوں کی دعا پھول لے کے آئی ہو
کبھی تو رنگ مرے ہاتھ کا حنائی ہو

کوئی تو ہو جو مرے تن کو روشنی بھیجے
کسی کا پیار ہوا میرے نام لائی ہو

گلابی پاؤں مرے چمپئی بنانے کو
کسی نے صحن میں مہندی کی باڑھ اُگائی ہو!

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

وہ رُت بھی آئی کہ میں پھول کی سہیلی ہوئی
مہک میں چمپا کلی، روپ میں چنبیلی ہوئی

میں سرد رات کی برکھا سے کیوں نہ پیار کروں
یہ رت تو ہے مرے بچپن کے ساتھ کھیلی ہوئی

زمیں پہ پاؤں نہیں پڑ رہے تکبر سے
نگارِ غم کوئی دلہن نئی نویلی ہوئی

وہ چاند بن کے مرے ساتھ ساتھ چلتا رہا
میں اس کے ہجر کی راتوں میں کب اکیلی ہوئی

جو حرف سادہ کی صورت ہمیشہ لکھی گئی
وہ لڑکی تیرے لئے کس طرح پہیلی ہوئی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

ہم سے جو کہنا ہے وہ بعد میں کہہ
اچھی ندیا! آج ذرا آہستہ بہہ

ہوا! مرے جوڑے میں پھول سجاتی جا
دیکھ رہی ہوں اپنے من موہن کی راہ

اس کی خفگی جاڑے کی نرماتی دھوپ
پارو سکھی! اس حدت کو ہنس کھیل کے سہہ

آج تو سچ مچ کے شہزادے آئیں گے
ندیا پیاری! آج نہ کچھ پریوں کو کہہ

دوپہروں میں جب گہرا سناٹا ہو
شاخوں شاخوں موجِ ہوا کی صورت بہہ

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

بعد مدت اسے دیکھا، لوگو
وہ ذرا بھی نہیں بدلا، لوگو

خوش نہ تھا مجھ سے بچھڑ کر وہ بھی
اس کے چہرے پہ لکھا تھا، لوگو

اس کی آنکھیں بھی کہے دیتی تھیں
رات بھر وہ بھی نہ سویا، لوگو

اجنبی بن کے جو گزرا ہے ابھی
تھا کسی وقت وہ اپنا، لوگو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# نن

وہ میری ہم سبق

زمین پر جو ایک آسمانی روح کی طرح سفر میں ہے

سفید پیرہن، گلے میں نقرئی صلیب

ہونٹ _ مستقل دعا!

میں اس کو ایسے دیکھتی تھی جیسے ذرہ آفتاب کی طرح نظر اٹھائے!

پر یہ کل کو ذکر ہے

کہ جب میں اپنے بازوؤں پہ سر رکھے

ترے لئے بہت اداس تھی

تو مرے قریب آئی

اور مجھ سے کیٹس کے لکھے ہوئے کسی خیال تک رسائی چاہنے لگی

سو میں نے اس کو شاعرِ جمال کی شریکِ خواب، فینی کا پتہ دیا

مگر وہ میری بات سن کے سادگی سے بولی:

پیار کس کو کہتے ہیں؟

میں لمحہ بھر کو گنگ رہ گئی!

دماغ سوچنے لگا

یہ کتنی بدنصیب ہے

جو چاہتوں کی لذتوں سے بے خبر ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں اس کی سمت پھر نگاہ کی

اور اس سے

مجھے مری محبتیں تمام تر دکھوں کے ساتھ یاد آ گئیں

محبتوں کے دکھ۔ عظیم دکھ!

مجھے لگا

کہ جیسے ذرہ۔ آفتاب کے مقابلے میں بڑھ گیا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اُس وقت

جب آنکھوں میں شام اترے
پلکوں پہ شفق پھولے
کاجل کی طرح، میری
آنکھوں کو دھنک چھولے
اس وقت کوئی اس کو
آنکھوں سے مری دیکھے
پلکوں سے مری چومے!

http://getebooks4free.com

# ایک شعر

ہمیں خبر ہے، ہوا کا مزاج رکھتے ہو،
مگر یہ کیا، کہ ذرا دیر کو رُکے بھی نہیں!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# اندیشہ ہائے دور دراز

اداس شام دریچوں میں مسکراتی ہے
ہوا بھی، دھیمے سروں میں کوئی اداس سا گیت
مرے قریب سے گزرے، تو گنگناتی ہے

مری طرح سے شفق بھی کسی کی سوچ میں ہے
میں اپنے کمرے میں کھڑکی کے پاس بیٹھی ہوں
مری نگاہ دھندلکوں میں الجھی جاتی ہے

نہ رنگ ہے، نہ کرن ہے، نہ روشنی، نہ چراغ
نہ تیرا ذکر، نہ تیرا پتہ، نہ تیرا سراغ
ہوا سے، خشک کتابوں کے اڑ رہے ہیں ورق

مگر میں بھول چکی ہوں تمام ان کے سبق
ابھر رہا ہے تخیل میں بس ترا چہرہ
میں اپنی پلکیں جھپکتی ہوں اس کو دیکھتی ہوں

میں اس کو دیکھتی ہوں اور ڈر کے سوچتی ہوں
کہ کل یہ چہرہ کسی اور ہاتھ میں پہنچے
تو میرے ہاتھوں کی لکھی ہوئی کوئی تحریر

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

جو ان خطوط میں روشن ہے آگ کی مانند
نہ ان ذہین نگاہوں کی زد میں آ جائے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

اپنی رسوائی، ترے نام کا چرچا دیکھوں
اک ذرا شعر کہوں اور میں کیا کیا دیکھوں

نیند آجائے تو کیا محفلیں برپا دیکھوں
آنکھ کھل جائے تو تنہائی کا صحرا دیکھوں

شام بھی ہوگئی، دھندلا گئیں آنکھیں بھی مری
بھولنے والے، میں کب تک ترا رستا دیکھوں

ایک اک کر کے مجھے چھوڑ گئیں سب سکھیاں
آج میں خود کو تری یاد میں تنہا دیکھوں

کاش صندل سے مری مانگ اجالے آکر
اتنے غیروں میں وہی، ہاتھ جو اپنا دیکھوں

تو مرا کچھ نہیں لگتا ہے مگر جانِ حیات!
جانے کیوں تیرے لئے دل کو دھڑکتا دیکھوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

بند کر کے مری آنکھیں وہ شرارت سے ہنسے
بوجھے جانے کا میں ہر روز تماشا دیکھوں

سب ضدیں اس کی میں پوری کروں، ہر بات سنوں
ایک بچے کی طرح سے اسے ہنستا دیکھوں

مجھ پہ چھا جائے وہ برسات کی خوشبو کی طرح
انگ انگ اپنا اسی رت میں مہکتا دیکھوں

پھول کی طرح مرے جسم کا ہر لب کھل جائے
پنکھڑی پنکھڑی ان ہونٹوں کا سایہ دیکھوں

میں نے جس لمحے کو پوجا ہے، اسے بس اک بار
خواب بن کر تری آنکھوں میں اترتا دیکھوں

تو مری طرح سے یکتا ہے، مگر مرے حبیب!
جی میں آتا ہے کوئی اور بھی تجھ سا دیکھوں

ٹوٹ جائیں کہ پگھل جائیں مرے کچے گھڑے
تجھ کو میں دیکھوں کہ یہ آگ کا دریا دیکھوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# پیشکش

اتنے اچھے موسم میں
روٹھنا نہیں اچھا
ہار جیت کی باتیں
کل پہ ہم اٹھا رکھیں
آج دوستی کر لیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

سکوں بھی خواب ہوا، نیند بھی ہے کم کم پھر
قریب آنے لگا دوریوں کا موسم پھر

بنا رہی ہے تری یاد مجھ کو سلکِ گہر
پرو گئی مری پلکوں میں آج شبنم پھر

وہ نرم لہجے میں کچھ کہہ رہا ہے پھر مجھ سے
چھڑا ہے پیار کے کومل سُروں میں مدھم پھر

تجھے مناؤں کہ اپنی انا کی بات سنوں
الجھ رہا ہے مرے فیصلوں کا ریشم پھر

نہ اس کی بات میں سمجھوں نہ وہ مری نظریں
معاملاتِ زباں ہو چلے ہیں مبہم پھر

یہ آنے والا نیا دکھ بھی اس کے سر ہی گیا
چٹخ گیا مری انگشتری کا نیلم پھر

وہ ایک لمحہ کہ جب سارے رنگ ایک ہوئے
کسی بہار نے دیکھا نہ ایسا سنگم پھر

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

بہت عزیز ہیں آنکھیں مری اسے، لیکن
وہ جاتے جاتے انہیں پُرنم کر گیا ہے پھر

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

چارہ گر ہار گیا ہو جیسے
اب تو مرنا ہی دوا ہو جیسے

مجھ سے بچھڑا تھا وہ پہلے بھی مگر
اب کے یہ زخم نیا ہو جیسے

میرے ماتھے پہ ترے پیار کا ہاتھ
روح پر دستِ صبا ہو جیسے

یوں بہت ہنس کے ملا تھا، لیکن
دل ہی دل میں وہ خفا ہو جیسے

سر چھپائیں تو بدن کھلتا ہے
زیست مفلس کی ردا ہو جیسے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اتنا معلوم ہے!

اپنے بستر پہ بہت دیر سے میں نیم دراز
سوچتی تھی کہ وہ اس وقت کہاں پر ہو گا

میں یہاں ہوں مگر اس کوچہ رنگ و بو میں
روز کی طرح سے وہ آج بھی آیا ہو گا

اور جب اس وہاں مجھ کو نہ پایا ہو گا!؟
آپ کو علم ہے، وہ آج نہیں آئی ہیں؟

میری ہر دوست سے اس نے یہی پوچھا ہو گا
کیوں نہیں آئی وہ۔ کیا بات ہوئی ہے آخر

خود سے اس بات پہ سو بار وہ الجھا ہو گا
کل وہ آئے گی تو میں اس سے نہیں بولوں گا

آپ ہی آپ کئی بار وہ روٹھا ہو گا
وہ نہیں ہے تو بلندی کا سفر کتنا کٹھن

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اس یہ سوچا ہو گا
راہداری میں، ہرے لان میں، پھولوں کے قریب

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اس نے ہر سمت مجھے آن کے ڈھونڈا ہو گا
نام بھولے سے جو میرا کہیں آیا ہو گا

غیر محسوس طریقے سے وہ چونکا ہو گا
ایک جملے کو کئی بار سنایا ہو گا

بات کرتے ہوئے سو بار وہ بھولا ہو گا
یہ جو لڑکی نئی آئی ہے، کہیں وہ تو نہیں

اس نے ہر چہرہ یہی سوچ کے دیکھا ہو گا
جان، محفل ہے، مگر آج فقط میرے بغیر

ہائے کس درجہ وہی بزم میں تنہا ہو گا
کبھی سناٹوں سے وحشت جو ہوئی ہو گی اسے

اس بے ساختہ پھر مجھ کو پکارا ہو گا
چلتے چلتے کوئی مانوس سی آہٹ پا کر

دوستوں کو بھی کسی عذر سے روکا ہو گا
یاد کر کے مجھے، نم ہو گئی ہوں گی پلکیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

آنکھ میں پڑ گیا کچھ کہہ کے یہ ٹالا ہو گا
اور گھبرا کے کتابوں میں جو لی ہو گی پناہ

ہر سطر میں مرا چہرہ ابھر آیا ہو گا
جب ملی ہوگی اسے میری علالت کی خبر

اس نے آہستہ سے دیوار کو تھاما ہو گا
سوچ کر یہ، کہ بہل جائے پریشانی دل
یونہی بے وجہ، کسی شخص کو روکا ہو گا!

اتفاقاً مجھے اس شام مری دوست ملی
میں نے پوچھا کہ سنو۔ آئے تھے وہ؟ کیسے تھے؟

مجھ کو پوچھا تھا؟ مجھے ڈھونڈا تھا چاروں جانب؟
۔ اس نے ایک لمحے کو دیکھا مجھے اور پھر ہنس دی

کیا کہا اس نے مجھے یاد نہیں ہے۔ لیکن
اتنا معلوم ہے، خوابوں کا بھرم ٹوٹ گیا!

http://getebooks4free.com

## ایک شعر

تو بدلتا ہے تو بے ساختہ میری آنکھیں
اپنے ہاتھوں کی لکیروں سے الجھ جاتی ہیں

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# خلش

عجیب طرزِ ملاقات اب کے بار رہی
تمہی تھے بدلے ہوئے یا مری نگاہیں تھیں!

تمہاری نظروں سے لگتا تھا جیسے میری بجائے
تمہارے گھر میں کوئی اور شخص آیا ہے
تمہارے عہدے کی دینے تمہیں مبارکباد
سو تم نے میرا سواگت اسی طرح سے کیا
جو افسرانِ حکومت کے ایٹی کیٹ میں ہے!

تکلفاً مرے نزدیک آ کے بیٹھ گئے
پھر اہتمام سے موسم کا ذکر چھیڑ دیا
کچھ اس کے بعد سیاست کی بات بھی نکلی
ادب پہ بھی کوئی دو چار تبصرے فرمائے
مگر نہ تم نے ہمیشہ کی طرح یہ پوچھا
کہ وقت کیسا گزرتا ہے تیرا، جانِ حیات!

پہاڑ دن کی اذیت کی میں کتنی شدت ہے
اجاڑ رات کی تنہائی کیا قیامت ہے!
شبوں کی سست روی کا تجھے بھی شکوہ ہے؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

غمِ فراق کے قصے، نشاطِ وصل کا ذکر
روایتاً ہی سہی، کوئی بات تو کرتے!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# آنے والی کل کا دکھ

مری نظر میں ابھر رہا ہے
وہ ایک لمحہ
کہ جب کسی کی حسین زلفوں کی نرم چھاؤں میں آنکھ موندے
گئے دنوں کا خیال کر کے
تم ایک لمحے کو کھو سے جاؤ گے اور شاید
نہ چاہ کر بھی اداس ہو گے
تو کوئی شیریں نوا یہ پوچھے گی۔
میری جاں! تم کو کیا ہوا ہے؟
یہ کس تصور میں کھو گئے ہو؟
تمہارے ہونٹوں پہ صبح کی اولین کرن کی طرح سے ابھرے گی
مسکراہٹ
تم اس کے رخسار تھپتھپا کے
کہو گے اس سے۔
میں ایک لڑکی کو سوچتا ہوں
عجیب لڑکی تھی۔ کتنی پاگل!
تمہاری ساتھی کی خوبصورت جبیں پہ کوئی شکن بنے گی
تو تم بڑے پیار سے ہنسو گے
کہو گے اس سے
ارے وہ لڑکی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

وہ میرے جذبات کی حماقت

وہ اس قدر بے وقوف

مرے لئے کب کی مر چکی ہے!

پھر اپنی ساتھی کی نرم زلفوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے تم

کہو گے اس سے

چلو، نئے آنے والی کل میں

ہم اپنے ماضی کو دفن کر دیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# شرط

ترا کہنا ہے۔
مجھ کو خالقِ کون و مکاں نے
کتنی ڈھیروں نعمتیں دی ہیں
مری آنکھوں میں گہری شام کا دامن کشاں جادو
مرے لہجے کی نرمی موج گل نے تراشی ہے
مرے الفاظ پر قوسِ قزح کی رنگ پاشی ہے
مرے ہونٹوں میں ڈیزی کے گلابی پھول کی رنگت
مرے رخسار پر گلنار شاموں کی جواں حدت
مرے ہاتھوں میں پنکھڑیوں کی شبنم لمس نرمی ہے
مرے بالوں میں برساتوں کی راتیں اپنا راستہ بھول جاتی ہیں
میں جب دھیمے سُروں میں گیت گاتی ہوں
تو ساحل کی ہوائیں
ادھ کھلے ہونٹوں میں پیاسے گیت لے کر
سایہ گل میں سمٹ کر بیٹھ جاتی ہیں
مرا فن سوچ کو تصویر دیتا ہے
میں حرفوں کو نیا چہرہ
تو چہروں کو حروفِ نو کا رشتہ نذر کرتی ہوں
زباں تخلیق کرتی ہوں۔''
ترا کہنا مجھے تسلیم ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں مانتی ہوں

اس نے میری ذات کو بے حد نوازا ہے

خدائے برگ و گل کے سامنے

میں بھی دعا میں ہوں سراپا شکر ہوں

اس نے مجھے اتنا بہت کچھ دے دیا۔ لیکن

تجھے دے دے تو میں جانوں!

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# بس اتنا یاد ہے

دعا تو جانے کون سی تھی
ذہن میں نہیں
بس اتنا یاد ہے
کہ دو ہتھیلیاں ملی ہوئی تھیں
جن میں ایک میری تھی
اور اک تمہاری!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

وہ جب سے شہرِ خرابات سے روانہ ہوا
براہ راست ملاقات کو زمانہ ہوا

وہ شہر چھوڑ کے جانا تو کب سے چاہتا تھا
یہ نوکری کا بلاوا تو اک بہانہ ہوا

خدا کرے تری آنکھیں ہمیشہ ہنستی رہیں
یہ آنکھیں جن کو کبھی دکھ کا حوصلہ نہ ہوا

کنارِ صحنِ چمن سبز بیل کے نیچے
وہ روز صبح کا ملنا تو اب فسانہ ہوا

میں سوچتی ہوں کہ مجھ میں کمی تھی کس شے کی
کہ سب کا ہو کے رہا وہ، بس اک مرا نہ ہوا

کسے بلاتی ہیں آنگن کی چمپئی شامیں
کہ وہ اب اپنے نئے گھر میں بھی پرانا ہوا

دھنک کے رنگ میں ساری تو رنگ لی میں نے
اور اب یہ دکھ، کہ پہن کر کسے دکھانا ہوا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں اپنے کانوں میں بیلے کے پھول کیوں پہنوں
زبانِ رنگ سے کس کو مجھے بلانا ہوا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

پھر مرے شہر سے گزرا ہے وہ بادل کی طرح
دستِ گل پھیلا ہوا ہے مرے آنچل کی طرح

کہہ رہا ہے کسی موسم کی کہانی اب تک
جسم برسات میں بھیگے ہوئے جنگل کی طرح

اونچی آواز میں اس نے تو کبھی بات نہ کی
خفگیوں میں بھی وہ لہجہ رہا کومل کی طرح

مل کے اس شخص سے میں لاکھ خموشی سے چلوں
بول اٹھتی ہے نظر، پاؤں کی چھاگل کی طرح

پاس جب تک وہ رہے درد تھما رہتا ہے
پھیلتا جاتا ہے پھر آنکھ کے کاجل کی طرح

اب کسی طور سے گھر جانے کی صورت ہی نہیں
راستے میرے لیے ہو گئے دلدل کی طرح

جسم کے تیرہ و آسیب زدہ مندر میں
دل سرِ شام سلگ اٹھتا ہے صندل کی طرح

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# مری دعا ترے رخشِ صبا خرام کے نام

مری دعا ترے رخشِ صبا کرام کے نام!

ہوا کے ہاتھ اسے یہ پیام بھی پہنچے
کہ میں نے اپنی محبت سپرد کی ہے تجھے
سو دیکھ! میری امانت سنبھال کے رکھنا
اسے بہار کی نرماہٹوں نے پالا ہے
سو اس کو گرم ہوا سے بہت بچا رکھنا
یہ گل عذار نہیں آشنائے سختیِ گل
یہ ساتھ ہو تو بہت احتیاط سے چلنا
مزاج اس کا ہواؤں کی طرح سر کش ہے
سو اس کی جنبشِ ابرو کو دیکھتے رہنا
نہیں، یہ سننے کا عادی نہیں رہا ہے کبھی
سو اس کی بات، وہ کیسی ہو، مانتے رہنا

اطاعت اس کی بہر گام اب ہے تیرا کام!

ہوا کے ساتھ اسے یہ پیام بھی پہنچے
کہ خوش نصیب ہے تو اس کا ہمسفر ٹھہرا
میں تیرہ بخت تھی، اس سے بچھڑ گئی کب کی
بھٹک رہی ہوں گھنے جنگلوں میں اب تنہا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

تو اس کے لمس سے ہر روز زندگی پائے
میں اس کے ہجر میں ہر رات لمسِ مرگ چکھوں
ترے گلے میں وہ ہر روز بانہیں ڈالتا ہے
مرے بدن کو وہ حلقہ مگر نصیب نہیں
وہ تیرے جسم سے کتنا قریب ہوتا ہے
مگر میں اس کے بدن کی مہک کہاں ڈھونڈوں
کہ اس کے شہر کی پاگل ہوائیں ۔ میرے گھر
نجانے کون سی گلیوں سے ہو کے آتی ہیں
کہ وہ مہک کہیں رستے میں چھوٹ جاتی ہے
اسی یاد میں ہوتی ہے اب تو صبح و شام
ہوا کے ہاتھ اسے یہ پیام بھی پہنچے
کہ تیری عمر خدائے ازل دراز کرے
جو خواب بھی تری آنکھوں میں ہو، وہ پورا ہو
کہ تیرے ساتھ نے اس کو بہت کو خوشی دی ہے
وہ اپنے سارے رفیقوں میں سربلند ہوا!
شکستہ دل تھا مگر آج ارجمند ہوا
غریب شہر کو جینے کا آسرا تو دیا
بہت اداس تھا، تو نے اسے ہنسا تو دیا
(میں کس زباں میں، بتا، تجھ کو شکریہ لکھوں؟)
دعا یہ ہے کہ تجھے ہر خوشی میسر ہو
اسی طرح سے کبھی تو بھی سر اٹھا کے چلے
کبھی تجھے بھی کوئی بھیجے تہنیت کا پیام!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ہوا کے ساتھ اسے یہ پیام بھی پہنچے
کہ اپنے آقا کے ہمراہ سیر کو نکلے
تو اسپ تازی، کسی دن زقند ایسی بھرے
کہ اڑ کے میرے نگر، میرے شہر آ پہنچے

تمام عمر دعائیں رہیں گی اس کے نام!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# خوشبو کی زباں

زبانِ غیر میں لکھا ہے تو نے خط مجھ کو
بہت عجیب عبارت، بڑی اوق تحریر
یہ سارے حرف مری حد فہم سے باہر
میں ایک لفظ بھی محسوس کر نہیں سکتی
میں ہفت خواں تو کبھی بھی نہ تھی ۔ مگر اس وقت
یہ صورت و رنگ، یہ آہنگ اجنبی ہی سہی
مجھے لگتا ہے جیسے میں جانتی ہوں انہیں
( ازل سے میری سماعت ہے آشنا ان سے!)
کہ تیری سوچ کی قربت نصیب ہے ان کو
یہ وہ زباں ہے جسے تیرا لمس حاصل ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

تمام رات میرے گھر کا ایک در کھلا رہا
میں راہ دیکھتی رہی، وہ راستہ بدل گیا

وہ شہر ہے کہ جادو گرنیوں کا کوئی دیس ہے
وہاں تو جو گیا، کبھی بھی لوٹ کر نہ آسکا

میں وجہِ ترکِ دوستی کو سن کے مسکرائی ____ تو
وہ چونک اٹھا، عجب نظر سے مجھ کو دیکھنے لگا

بچھڑ کے مجھ سے خلق کو عزیز ہو گیا ہے تو
مجھے تو جو کوئی ملا، تجھی کو پوچھتا رہا

وہ دلنواز لمحے بھی گئی رتوں میں آئے ____ جب
میں خواب دیکھتی رہی، وہ مجھ کو دیکھتا رہا!

وہ جس کی ایک پل کی بے رُخی بھی دل کو بار تھی
اُسے خود اپنے ہاتھ سے لکھا ہے ____ مجھ کو بھول جا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

دمک رہا ہے ایک چاند سا جبیں پہ اب تلک
گریز پا محبتوں کا کوئی پل ٹھہر گیا!

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اس کے مسیحا کے لیے ایک نظم

اجنبی!
کبھی زندگی میں اگر تو اکیلا ہو
اور درد حد سے گزر جائے
آنکھیں تری
بات بے بات رو پڑیں
تب کوئی اجنبی
تیری تنہائی کے چاند کا نرم ہالہ بنے
تیری قامت کا سایہ بنے
تیرے زخموں پہ مرہم رکھے
تیری پلکوں سے شبنم چُنے
تیرے دُکھ کا مسیحا بنے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# تشکّر

دشتِ غربت میں جس پیڑ نے
میرے تنہا مسافر کی خاطر گھنی چھاؤں پھیلائی ہے
اس کی شادابیوں کے لیے
میری سب اُنگلیاں
ہوا میں دعا لکھ رہی ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

وہ عکسِ موجۂ گل تھا چمن چمن میں رہا
وہ رنگ رنگ میں اترا، کرن کرن میں رہا

وہ نام حاصلِ فن ہو کے میرے فن میں رہا
کہ روح بن کے مری سوچ کے بدن میں رہا

سکونِ دل کے لئے میں کہاں کہاں نہ گئی
مگر یہ دل، کہ سدا اس کی انجمن میں رہا

وہ شہر والوں کے آگے کہیں مہذب تھا
وہ ایک شخص جو شہروں سے دور بن میں رہا

چراغ بجھتے رہے اور خواب جلتے رہے
عجیب طرز کا موسم مرے وطن میں رہا!

http://getebooks4free.com

# ایک شعر

میں جب بھی چاہوں، اسے چھو کے دیکھ سکتی ہوں
مگر وہ شخص کہ لگتا ہے اب بھی خواب ایسا!

http://getebooks4free.com

☆

دروازہ جو کھولا تو نظر آئے کھڑے وہ
حیرت ہے مجھے، آج کدھر بھول پڑے وہ

بھولا نہیں دل، ہجر کے لمحات کڑے وہ
راتیں تو بڑی تھیں ہی، مگر دن بھی بڑے وہ!

کیوں جان پہ بن آئی ہے بگڑا ہے اگر وہ
اس کی تو یہ عادت کہ ہواؤں سے لڑے وہ

الفاظ تھے اس کے کہ بہاروں پیامات
خوشبو سی برسنے لگی، یوں پھول جھڑے وہ

ہر شخص مجھے، تجھ سے جدا کرنے کا خواہاں
سن پائے اگر ایک تو دس جا کے جڑے وہ

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ویسٹ لینڈ

ایسٹ کی مشہور نظم (ویسٹ لینڈ) سے متاثر ہو کر

ترے بغیر سرد موسموں کے خوشگوار دن اداس ہیں
فضا میں دکھ رچا ہوا ہے!
ہوا کوئی اداس گیت گنگنا رہی ہے
پھول کے لبوں پہ پیاس ہے
ایسا لگتا ہے
ہوا کی آنکھیں روتے روتے خشک ہو گئی ہوں
صبا کے دونوں ہاتھ خالی ہیں
کہ شہر میں ترا کہیں پتہ نہیں
سانس لینا کس قدر محال ہے!

اداسیاں اداسیاں
تمام سبز سایہ دار پیڑوں نے
ترے بغیر وحشتوں میں اپنے پیرہن کو تار تار کر دیا ہے
اب کسی شجر کے جسم پر قبا نہیں
سوکھے زرد پتے
کو بہ کو تری تلاش میں بھٹک رہے ہیں

اداسیاں اداسیاں!
مرے دریچوں میں گلابی دھوپ روز جھانکتی ہے
مگر اب اس کی آنکھوں میں
وہ جگمگاہٹیں نہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

جو تیرے وقت میں زمین کے صبیح ماتھے پر
سورجوں کی کہکشاں سجانے آتی تھیں
زمین بھی مری طرح ہے!
ترے بغیر اس کی کوکھ سے بھی اب
کوئی گلاب اُگ نہ پائے گا
زمین بانجھ ہوگئی ہے
اور میری روح کی بہار آفرین کوکھ بھی!
میری سوچ کے صدف میں
فن کے سچے موتی کس طرح جنم لیا کریں
کہ میں سراپا تشنگی ہوں
اور دور دور تک وصالِ ابر کی خبر نہیں!
میرے اور تیرے درمیان
پانچ پانیوں کے دیس ہیں
کچے گھڑے بھی تو میری دسترس سے دور ہیں
میں شعر کس طرح کہوں
میری سوچ کے بدن کے، تو نمو تو دے
میں ترے بغیر ویسٹ لینڈ ہوں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# موسم کی دعا

پھر ڈسنے لگی ہیں سانپ راتیں
برساتی ہیں آگ پھر ہوائیں
پھیلا دے کسی شکستہ تن پہ
بادل کی طرح سے اپنی بانہیں!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

یہ غنیمت ہے کہ ان آنکھوں نے پہچانا ہمیں
کوئی تو سمجھا دیارِ غیر میں اپنا ہمیں

وہ کہ جن کے ہاتھ میں تقدیر فصلِ گل رہی
دے گئے سوکھے ہوئے پتوں کا نذرانہ ہمیں

وصل میں تیرے خرابے بھی لگیں گھر کی طرح
اور تیرے ہجر میں بستی بھی ویرانہ ہمیں

سچ تمہارے سارے کڑوے تھے مگر اچھے لگے
پھانس بن کر رہ گیا بس ایک افسانہ ہمیں

اجنبی لوگوں میں ہو تم اور اتنی دور ہو
ایک الجھن سی رہا کرتی ہے روزانہ ہمیں

http://getebooks4free.com

ق

سنتے ہیں قیمت تمہاری لگ رہی ہے آج کل
سب سے اچھے دام کس کے ہیں یہ، بتلانا ہمیں

تاکہ اس خوش بخت تاجر کو مبارکباد دیں
(اور اس کے بعد دل کو بھی ہے سمجھانا ہمیں)

http://getebooks4free.com



اپنے سرد کمرے میں
میں اداس بیٹھی ہوں
نیم وا دریچوں سے
نم ہوائیں آتی ہیں
میرے جسم کو چُھو کر
آگ سی لگاتی ہیں
تیرا نام لے لے کر
مجھ کو گدگداتی ہیں

کاش میرے پر ہوتے
تیرے پاس اُڑ آتی
کاش [illegible]

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

لمحاتِ وصل کیسے حجابوں میں کٹ گئے
وہ ہاتھ بڑھ نہ پائے کہ گھونگھٹ سمٹ گئے

خوشبو تو سانس لینے کو ٹھہری تھی راہ میں
ہم بد گمان ایسے کہ گھر کو پلٹ گئے

مانا دوبارہ ملنے کا وعدہ جدائیاں
اتنے بہت سے کام اچانک نمٹ گئے

روئی ہوں آج کُھل کے بڑی مدتوں کے بعد
بادل جو آسمان پہ چھائے تھے، چھٹ گئے

کس دھیان سے پرانی کتابیں کُھلی تھیں کل
آئی ہوا تو کتنے ورق ہی اُلٹ گئے

شہرِ وفا میں دھوپ کا ساتھی کوئی نہیں
سورج سروں پہ آیا تو سائے بھی گھٹ گئے

اتنی جسارتیں تو اسی کو نصیب تھیں
جھونکے ہوا کے، کیسے گلے سے لپٹ گئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

دستِ ہوا نے جیسے درانتی سنبھال لی
اب کے سروں کی فصل سے کھلیان پٹ گئے

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# توقّع

جب ہوا
دھیمے لہجوں میں کچھ گنگناتی ہوئی
خواب آسا، سماعت کو چھو جائے تو
کیا تمھیں کوئی گزری ہوئی بات یاد آئے گی؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

ٹوٹی ہے مری نیند مگر، تم کو اس سے کیا!
بجتے رہے ہواؤں سے در، تم کو اس سے کیا!

تم موج موج مثلِ صبا گھومتے رہو
کٹ جائیں میری سوچ کے پر، تم کو اس سے کیا!

اوروں کا ہاتھ تھاموں، انھیں راستہ دکھاؤ
میں بھول جاؤں اپنا ہی گھر، تم کو اس سے کیا

ابرِ گریز پا کو برسنے سے کیا غرض
سیپی میں بن نہ پائے گُہر، تم کو اس سے کیا!

لے جائیں مجھ کو مالِ غنیمت کے ساتھ عدو
تم نے تو ڈال دی ہے سپر، تم کو اس سے کیا

تم نے تو تھک کے دشت میں خیمے لگا لیے
تنہا کٹے کسی کا سفر، تم کو اس سے کیا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# چاندرات

گئے برس کی عید کا دن کیا اچھا تھا
چاند کو دیکھ کے اس کا چہرہ دیکھا تھا!
فضا میں کیٹس کے لہجے کی نرماہٹ
موسم اپنے رنگ میں فیضؔ کا مصرعہ تھا
دُعا کے بے آواز، اُلوہی لمحوں میں
وہ لمحہ بھی کتنا دلکش لمحہ تھا
ہاتھ اُٹھا کر جب آنکھوں ہی آنکھوں میں
اس نے مجھ کو اپنے رّب سے مانگا تھا
پھر میرے چہرے کو ہاتھوں میں لے کر
کتنے پیار سے میرا ماتھا چوما تھا!

ہوا! کچھ آج کی شب کا بھی احوال سنا

http://getebooks4free.com

## مقدّر

میں وہ لڑکی ہوں
جس کو پہلی رات
کوئی گھونگھٹ اٹھا کے یہ کہہ دے۔
میرا سب کچھ ترا ہے، دل کے سوا!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# ایک شعر

لو! میں آنکھیں بند کیے لیتی ہوں، اب تم رخصت ہو
دل تو جانے کیا کہتا ہے، لیکن دل کا کہنا کیا!

http://getebooks4free.com

☆

چراغِ راہ بجھا کیا، کہ رہنما بھی گیا
ہوا کے ساتھ مسافر کا نقشِ پا بھی گیا

میں پھول چنتی رہی اور مجھے خبر نہ ہوئی
وہ شخص آکے مرے شہر سے چلا بھی گیا

بہت عزیز سہی اس کو میری دلداری
مگر یہ ہے کہ کبھی دل مرا دکھا بھی گیا

اب ان دریچوں پہ گہرے دبیز پردے ہیں
وہ تانک جھانک کا معصوم سلسلہ بھی گیا

سب آئے میری عیادت کو، وہ بھی آیا تھا
جو سب گئے تو مرا دردِ آشنا بھی گیا

یہ غربتیں مری آنکھوں میں کیسی اتری ہیں
کہ خواب بھی مرے رخصت ہیں، رتجگا بھی گیا

http://getebooks4free.com

# وہی نرم لہجہ

وہی نرم لہجہ
جو اتنا ملائم ہے، جیسے
دھنک گیت بن کر سماعت کو چھونے لگی ہو
شفق نرم کومل سُروں میں کوئی پیار کی بات کہنے چلی ہو
کس قدر! رنگ و آہنگ کا کس قدر خوبصورت سفر!
وہی نرم لہجہ!
کبھی اپنے مخصوص انداز میں مجھ سے باتیں کرے گا
تو ایسا لگے
جیسے ریشم کے جھولے پہ کوئی مدھر گیت ہلکورے لینے لگا ہو!
وہی نرم لہجہ!
کسی شوخ لمحے میں اس کی ہنسی بن کے بکھرے
تو ایسا لگے
جیسے قوسِ قزح نے کہیں پاس ہی اپنی پازیب چھنکائی
ہنسی کی وہ رم جھم!
کہ جیسے بنفشی چمکدار بوندوں کے گھنگرو چھنکنے لگے ہوں!
وہی نرم لہجہ!
مجھے چھیڑنے پر جب آئے تو ایسا لگے
جیسے ساون کی چنچل ہوا
سبز پتوں کے جھانجھن پہن
سرخ پھولوں کی پائل بجاتی ہوئی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میرے رخسار کو
گاہے گاہے شرارت سے چھونے لگے
میں جو دیکھوں پلٹ کے، تو وہ
بھاگ جائے۔ مگر
دور پیڑوں میں چھپ کر ہنسے
اور پھر۔ ننھے بچوں کی مانند خوش ہو کے تالی بجانے لگے!
وہی نرم لہجہ!
کہ جس نے مرے زخمِ جاں پر ہمیشہ شگفتہ گلابوں کی شبنم رکھی ہے
بہاروں کے پہلے پرندے کی مانند ہے
جو سدا آنے والے نئے سکھ کے موسم کا قاصد بنا ہے
اسی نرم لہجے نے پھر مجھ کو آواز ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

چاند اس دیس میں نکلا کہ نہیں
جانے وہ آج بھی سویا کہ نہیں

اے مجھے جاگتا پاتی ہوئی رات
وہ مری نیند سے بہلا کہ نہیں

بھیڑ میں کھویا ہوا بچّہ تھا
اس نے خود کو ابھی ڈھونڈا کہ نہیں

مجھ کو تکمیل سمجھنے والا
اپنے معیار میں بدلا کہ نہیں

گنگناتے ہوئے لمحوں میں اسے
دھیان میرا کبھی آیا کہ نہیں

بند کمرے میں کبھی میری طرح
شام کے وقت وہ رویا کہ نہیں

میری خودداری برتنے والے!
تیرا پندار بھی ٹوٹا کہ نہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

الوداع ثبت ہوئی تھی جس پر
اب بھی روشن ہے وہ ماتھا کہ نہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

سبز موسم کی خبر لے کے ہوا آئی ہو
کام پت جھڑ کے، اسیروں کی دعا آئی ہو

لوٹ آئی ہو وہ شب جس کے گزر جانے پر
گھاٹ سے پائیلیں بجنے کی صدا آئی ہو

اسی امید میں ہر موجِ ہوا کو چوما
چھو کے شاید مرے پیاروں کی قبا آئی ہو

گیت جتنے لکھے ان کے لئے اے موجِ صبا!
دل یہی چاہا کہ تو ان کو سنا آئی ہو

آہٹیں صرف ہواؤں کی ہی دستک نہ بنیں
اب دروازوں پہ مانوس صدا آئی ہو

لوں سر شام، کھلے سر میں کہاں تک بیٹھوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

تیرے تحفے تو سب اچھے ہیں مگر موجِ بہار!
اب کے میرے لئے خوشبوئے حنا آئی ہو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# آج کی شب تو کسی طور گزر جائے گی

آج کی شب تو کسی طور گزر جائے گی!

رات گہری ہے مگر چاند چمکتا ہے ابھی
میرے ماتھے پہ ترا پیار دمکتا ہے ابھی
میری سانسوں میں ترا لمس مہکتا ہے ابھی
میرے سینے میں ترا نام دھڑکتا ہے ابھی
زیست کرنے کو مرے پاس بہت کچھ ہے ابھی

تیری آواز کا جادو ہے ابھی میرے لیے
تیرے ملبوس کی خوشبو ہے ابھی میرے لیے
تیری بانہیں، تیرا پہلو ہے ابھی میرے لیے
سب سے بڑھ کر، مری جاں! تو ہے ابھی میرے لیے
زیست کرنے کو مرے پاس بہت کچھ ہے ابھی

آج کی شب تو کسی طور گزر جائے گی!

آج کے بعد مگر رنگِ وفا کیا ہو گا
عشق حیراں ہے سرِ شہرِ سبا کیا ہو گا
میرے قاتل! ترا اندازِ جفا کیا ہو گا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

آج کی شب تو بہت کچھ ہے، مگر کل کے لیے
ایک اندیشہء بے نام ہے اور کچھ بھی نہیں
دیکھنا یہ ہے کہ کل تجھ سے ملاقات کے بعد
رنگِ امید کھلے گا کہ بکھر جائے گا!
وقت پرواز کرے گا کہ ٹھہر جائے گا!
جیت ہو جائے گی یا کھیل بگڑ جائے گا
خواب کا شہر رہے گا کہ اُجڑ جائے گا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# وہ آنکھیں کیسی آنکھیں ہیں؟

وہ آنکھیں کیسی آنکھیں ہیں؟
جنہیں اب تم چاہا کرتے ہو!
تم کہتے تھے
مری آنکھیں، اتنی اچھی، اتنی سچی ہیں
اس حسن اور سچائی کے سوا، دنیا میں کوئی چیز نہیں
کیا ان آنکھوں کو دیکھ کے بھی
تم فیض کا مصرعہ پڑھتے ہو؟

تم کہتے تھے
مری آنکھوں کی نیلاہٹ اتنی گہری ہے
مری روح اگر اک بار اتر جائے تو اس کی پور پور نیلم ہو جائے۔
مجھے اتنا بتاؤ
آج تمہاری روح کا رنگ پیراہن کیا ہے
کیا وہ آنکھیں بھی سمندر ہیں؟

یہ کالی بھوری آنکھیں
جن کو دیکھ کے تم کہتے تھے
یوں لگتا ہے شام نے رات کے ہونٹ پہ اپنے ہونٹ رکھے ہیں
کیا ان آنکھوں کے رنگ میں بھی یوں دونوں وقت ملا کرتے ہیں؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کیا سورج ڈوبنے کا لمحہ، ان آنکھوں میں ٹھہر گیا
یا وہاں فقط مہتاب ترشتے رہتے ہیں؟

مری پلکیں
جن کو دیکھ کے تم کہتے تھے
ان کی چھاؤں تمہارے جسم پہ اپنی شبنم پھیلا دے
تو گزرتے خواب کے موسم لوٹ آئیں
کیا وہ پلکیں بھی ایسی ہیں
جنہیں دیکھ کے نیند آ جاتی ہو؟

تم کہتے تھے
مری آنکھیں یونہی اچھی ہیں
ہاں کاجل کی دھندلائی ہوئی تحریر بھی ہو تو
بات بہت دلکش ہو گی!
وہ آنکھیں بھی سنگھار تو کرتی ہوں گی
کیا ان کا کاجل خود ہی مٹ جاتا ہے؟

کبھی یہ بھی ہوا
کسی لمحے تم سے روٹھ کے وہ آنکھیں رو دیں
اور تم نے اپنے ہاتھ سے ان کے آنسو خشک کیے
پھر جھک کر ان کو چوم لیا
(کیا ان کو بھی!!)

http://getebooks4free.com

وہی نرم لہجہ!

کہ جس نے مرے زخم جاں پر ہمیشہ شگفتہ گلابوں کی شبنم رکھی ہے

بہاروں کے پہلے پرندے کی مانند ہے

جو سدا آنے والے نئے سکھ کے موسم کا قاصد بنا ہے

اسی نرم لہجے نے پھر مجھ کو آواز دی ہے!

http://getebooks4free.com

# رّدِ عمل

گئے موسم کے کسی لمحے میں
تو نے اس طرح پکارا تھا مجھے
جیسے مدھم کا بہت میٹھا سُر
روح کا کوئی سرا چھو جائے
جیسے شبنم کا اکیلا موتی
عارضِ برگِ حنا چھو جائے
جیسے اک موج ہوا کی صورت
رات کی رانی سے کچھ رات کہے
جیسے بچپن کی سہیلی میری
شوخ لہجے میں تری بات کہے!

میں نے شرما کے جھکا لیں پلکیں
اک عجب نشے کے احساس سے میری آنکھیں
خود بخود بند ہوئی جاتی تھیں
دیر تک خواب کے عالم میں رہی!
تیری آواز کہ اک گونج بنی جس کے ساتھ
روح ان دیکھے جزیروں میں سفر کرتی رہی
کبھی سمٹی، کبھی بکھری، کبھی مدہوش ہوئی
چاند میں، دشت میں شبنم میں، سمندر میں رہی
نیلمیں، ریشمیں دنیا میں رہی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

آج لوگوں نے بتایا کہ انہوں نے دیکھا

اسی لہجے اسی انداز کے ساتھ

تیرے ہونٹوں پہ کسی اور کا نام!

سوچتی ہوں کہ ترے لہجے کی اس نرمی پر

جانے اس لڑکی نے کیا سوچا ہو!

خواب، مہتاب، گلاب اور شبنم

نیل، آکاش، سحاب اور پونم

چاندنی، رنگ، کرن، نکہتِ گل کا موسم

گیت، خوشبو، لبِ جُو، تیرے بدن کا ریشم

یا ترے ساتھ میں، شیزان سے کافی پی کر

تجھ سے اٹھلا کے کہا ہو، کہ میری جان، چلو لے آئیں

روبی جیولرز کے ہاں سے کوئی تازہ نیلم!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# تیری ہم رقص کے نام

رقص کرتے ہوئے

جس کے شانوں پہ تو نے ابھی سر رکھا ہے
کبھی میں بھی اس کی پناہوں میں تھی

فرق یہ ہے کہ میں

رات سے قبل تنہا ہوئی

اور تو صبح تک

http://getebooks4free.com

میرے شانوں پہ سر رکھ کے
آج
کسی کی یاد میں وہ جی بھر کے رویا!

http://getebooks4free.com

# ایک شعر

حال پوچھا تھا اس نے ابھی
اور آنسو رواں ہو گئے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

خیال و خواب ہوا برگ و بار کا موسم
بچھڑ گیا تری صورت، بہار کا موسم

کئی رتوں سے مرے نیم وا دریچوں میں
ٹھہر گیا ہے ترے انتظار کا موسم

وہ نرم لہجے میں کچھ تو کہے کہ لوٹ آئے
سماعتوں کی زمیں پر پھوار کا موسم

پیام آیا ہے پھر ایک سرو قامت کا
مرے وجود کو کھینچے ہے دار کا موسم

وہ آگ ہے کہ مری پور پور جلتی ہے
مرے بدن کو ملا ہے چنار کا موسم

رفاقتوں کے نئے خواب خوشنما ہیں مگر
گزر چکا ہے ترے اعتبار کا موسم

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ہوا چلی تو نئی بارشیں بھی ساتھ آئیں
زمیں کے چہرے پہ آیا نکھار کا موسم

وہ میرا نام لیے جائے اور میں اس کا نام
لہو میں گونج رہا ہے پکار کا موسم

قدم رکھے مری خوشبو کہ گھر کو لوٹ آئے
کوئی بتائے مجھے کوئے یار کا موسم

وہ روز آ کے مجھے اپنا پیار پہنائے
مرا غرور ہے بیلے کے ہار کا موسم

ترے طریقِ محبت پہ بارہا سوچا
یہ جبر تھا کہ ترے اختیار کا موسم

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

گو بہ گو پھیل گئی بات شناسائی کی
اس نے خوشبو کی طرح میری پذیرائی کی

کیسے کہہ دوں کے مجھے چھوڑ دیا ہے اُس نے
بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی

وہ کہیں بھی گیا لوٹا تو میرے پاس آیا
بس یہی بات ہے اچھی مرے ہرجائی کی

تیرا پہلو، ترے دل کی طرح آباد رہے
تجھ پہ گزرے نہ قیامت شبِ تنہائی کی

اس نے جلتی ہوئی پیشانی پر جب ہاتھ رکھا
روح تک آ گئی تاثیر مسیحائی کی

اب بھی برسات کی راتوں میں بدن ٹوٹتا ہے
جاگ اٹھتی ہیں عجب خواہشیں انگڑائی کی

http://getebooks4free.com

☆

دل پہ اک طرفہ قیامت کرنا
مسکراتے ہوئے رخصت کرنا

اچھی آنکھیں جو ملی ہیں اس کو
کچھ تو لازم ہوا وحشت کرنا

کوچ چاہے گا تمہیں میری طرح
اب کسی سے نہ محبت کرنا

گھر کا دروازہ کھلا رکھا ہے
وقت مل جائے تو زحمت کرنا!

http://getebooks4free.com

☆

نیند تو خواب ہو گئی شاید
جنسِ نایاب ہو گئی شاید

اپنے گھر کی طرح وہ لڑکی بھی
نذرِ سیلاب ہو گئی شاید

تجھ کو سوچوں تو روشنی دیکھوں
یاد، مہتاب ہو گئی شاید

ایک مدت سے آنکھ روئی نہیں
جھیل پایاب ہو گئی شاید

ہجر کے پانیوں میں عشق کی ناؤ
کہیں غرقاب ہو گئی شاید

چند لوگوں کی دسترس میں ہے
زیست کم خواب ہو گئی شاید

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

عذاب اپنے بکھیروں کہ مرتسم کر لوں
میں ان سے خود کو ضرب دوں کہ منقسم کر لوں

میں آندھیوں کی مزاج آشنا رہی ہوں مگر
خود اپنے ہاتھ سے کیوں گھر کو منہدم کر لوں

بچھڑنے والوں کے حق میں کوئی دعا کر کے
شکستِ خواب کی ساعت کو محتشم کر لوں

بچاؤ شیشوں کے گھر کا تلاش کر ہی لیا
یہی کہ سنگ بدستوں کو منصرم کر لوں

میں تھک گئی ہوں اس اندر کی خانہ جنگی سے
بدن کو سامرا آنکھوں کو معتصم کر لوں

مری گلی میں کوئی شہریار آتا ہے
ملا ہے حکم کہ لہجے کو محترم کر لوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

گرد چہرے پر قبائے خاک تن پر سج گئی
رات کی گم گشتگی جیسے بدن پر سج گئی

جا چکے موسم کی خوشبو، صورتِ تحریرِ گل
یاد کے ملبوس کی اک اک شکن پر سج گئی

میں تو شبنم تھی، ہتھیلی پر تری گم ہو گئی
وہ ستارہ تھی سو تیرے پیرہن پر سج گئی

کچھ تو شہرِ درد کا احوال آنکھوں نے کہا
اور کچھ گلیوں کی سفاکی تھکن پر سج گئی

http://getebooks4free.com

# چاند

ایک سے مسافر ہیں
ایک سا مقدر رہے
میں زمیں پہ تنہا!
اور وہ آسمانوں میں!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# فاصلے

پہلے خط روز لکھا کرتے تھے
دوسرے تیسرے، ہم فون بھی کر لیتے تھے
اور اب یہ، کہ تمہاری خبریں
صرف اخبار سے مل پاتی ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ڈیوٹی

''جان!
مجھے افسوس ہے
تم سے ملنے، شاید اس ہفتے بھی نہ آسکوں گا
بڑی اہم مجبوری ہے!''

جان!
تمہاری مجبوری کو
اب تو میں بھی سمجھنے لگا ہوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

سوچوں تو وہ ساتھ چل رہا ہے
دیکھوں تو نظر بدل رہا ہے

کیوں بات زباں سے کہہ کے کھوئی
دل آج بھی ہاتھ مل رہا ہے

راتوں کے سفر میں وہم سا تھا
یہ میں ہوں کہ چاند چل رہا ہے

ہم بھی ترے بعد جی رہے ہیں
اور تو بھی کہیں بہل رہا ہے

سمجھا کے ابھی گئی ہیں سکھیاں
اور دل ہے کہ پھر مچل رہا ہے

ہم ہی بُرے ہو گئے _____ کہ تیرا
معیارِ وفا بدل رہا ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

پہلی سی وہ روشنی نہیں اب
کیا درد کا چاند ڈھل رہا ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

دعا کا ٹوٹا ہوا حرف سرد آہ میں ہے
تری جدائی کا منظر ابھی نگاہ میں ہے

ترے بدلنے کے باوصف تجھ کو چاہا ہے
یہ اعتراف بھی شامل مرے گنا ہ میں ہے

عذاب دے گا تو پھر مجھ کو خواب بھی دے گا
میں مطمئن ہوں، مرا دل تری پناہ میں ہے

بکھر چکا ہے مگر مسکرا ماتا ہے
وہ رکھ رکھاؤ ابھی میرے کجکلاہ میں ہے

جسے بہار کے مہمان خالی چھوڑ گئے
وہ اک مکان ابھی تک مکیں کی چاہ میں ہے

یہی وہ دن تھے جب اک دوسرے کو پایا تھا
ہماری سالگرہ ٹھیک اب کے ماہ میں ہے

http://getebooks4free.com

میں بچ بھی جاؤں تو تنہائی مار ڈالے گی

مرے قبیلے کا ہر فرد، قتل گاہ میں ہے

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

آنگنوں میں اترا ہے بام و در کا سناٹا
میرے دل پہ چھایا ہے میرے گھر کا سناٹا

رات کی خموشی تو پھر بھی مہرباں نکلی
کتنا جان لیوا ہے دوپہر کا سناٹا

صبح میرے جوڑے کی ہر کلی سلامت تھی
گونجتا تھا خوشبو میں رات بھر کا سناٹا

اپنی دوست کو لے کر تم وہاں گئے ہو گے
مجھ کو پوچھتا ہو گا رہگذر کا سناٹا

خط کو چوم کر اس نے آنکھ سے لگایا تھا
کل جواب گویا تھا لمحہ بھر کا سناٹا

تو نے اس کی آنکھوں کو غور سے پڑھا قاصد!
کچھ تو کہہ رہا ہو گا اس نظر کا سناٹا

http://getebooks4free.com

# دوست چڑیوں کے لیے کچھ حرف

(۱)

بھولی چڑیا!
میرے کمرے میں کیا لینے آئی ہو؟
یہاں تو صرف کتابیں ہیں!
جو تجھ کو تیرے گھر کا نقشہ تو دے سکتی ہیں
لیکن
تنکے لانے والے ساتھی
ان کی پہنچ سے باہر ہیں!

(۲)

چڑیا پیاری،
میرے روشن دان سے اپنے تنکے لے جا!
ایسا نہ ہو کہ
میرے گھر کی ویرانی کل
تیرے گھر کی آبادی کو کھا جائے!
تجھ پر میری مانگ کا سایہ پڑ جائے!

(۳)

گوریا!
کیوں روتی ہے؟
آج تو تیرے گھر میں سورج ہوا کا قاصد بنا ہوا تھا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کرنیں تیرے سب بچوں کی انگلی تھامے رقصاں تھیں
ننھے پہلی بار ہوا سے گلے ملے تھے
اور ہوا سے جو اک بار گلے مل جاتا ہے
وہ گھر واپس کب آتا ہے!

(۴)

سجے سجائے گھر کی تنہا چڑیا!
تیری تارہ سی آنکھوں کی ویرانی میں
پچھم جا بسنے والے شہزادوں کی ماں کا دُکھ ہے
تجھ کو دیکھ کے اپنی ماں کو دیکھ رہی ہوں
سوچ رہی ہوں
ساری مائیں ایک مقدر کیوں لاتی ہیں؟
گودیں پھولوں والی!
آنگن پھر بھی خالی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

آنکھوں سے میری، کون مرے خواب لے گیا
چشمِ صدف سے گوہرِ نایاب لے گیا

اس شہرِ خوش جمال کو کس کی لگی ہے آہ
کس دل زدہ کا گریہ خونناب لے گیا

کچھ ناخدا کے فیض سے ساحل بھی دور تھا
کچھ قسمتوں کے پھیر میں گرداب لے گیا

واں شہر ڈوبتے ہیں، ادھر بحث کہ انہیں
خم لے گیا ہے یا کہ خمِ محراب لے گیا

کچھ کھوئی کھوئی آنکھیں بھی موجوں کے ساتھ تھیں
شاید انہیں بہا کے کوئی خواب لے گیا

طوفانِ ابر و باد میں سب گیت کھو گئے
جھونکا ہوا کا ہاتھ سے مضراب لے گیا

غیروں کی دشمنی نے نہ مارا، مگر ہمیں
اپنوں کے التفات کا زہراب لے گیا

http://getebooks4free.com

اے آنکھ! اب تو خواب کی دنیا سے لوٹ آ
مژگاں تو کھول! شہر کو سیلاب لے گیا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

## مفاہمت

زندگی کے لئے

اب تمہارا رویّہ، اچانک بہت صلح جو ہو گیا ہے

(سمندر کی سرکش ہواؤں کو

جوئے شبستاں کی آہستہ گامی مبارک!)

یہ اچھا شگن ہے

ہوا کے مقابل

اگر پھول آئے

تو پھر

مفاہمت

زندگی کے لئے

اب تمہارا رویہ، اچانک بہت صلح جو ہو گیا ہے

(سمندر کی سرکش ہواؤں کو

جوئے شبستاں کی آہستہ گامی مبارک!)

یہ اچھا شگن ہے

ہوا کے مقابل

اگر پھول آئے

تو پھر پنکھڑی پنکھڑی

اجلے بادلوں کے خوابوں کی صورت بکھر جائے گی

سو ایسے میں، جھکنے میں ہی خیر ہے!

بارشِ سنگ میں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

خواب کے شیش محلوں کو کب تک بچائے رکھیں
اتنے ہاتھوں میں پتھر ہیں
کوئی تو لگ جائے گا
اور پھر
گھپ اندھیرے میں کب تک نظر کرچیاں ان کی ڈھونڈے
کیا یہ بہتر نہ ہوگا
کہ ایسی قیامت سے پہلے ہی
ان شیش محلوں کو ہم
مصلحت کی چمکتی ہوئی ریت میں دفن کر دیں
اور پھر خواب بنتی ہوئی آنکھ سے معذرت کر لیں!
سو تم نے بھی اب
ایک ہاری قوم کے رہنما کی طرح
اپنے ہتھیار دشمن کے قدموں میں رکھ
نئی دوستی کا لرزتا ہوا ہاتھ اس کی طرف پھر بڑھایا ہے
اور میری سمجھ میں نہیں آ رہا ہے
کہ ہتھیار دینے کی اس رسم میں
کیا کروں
تمہاری چمکدار، متروکہ تلوار کو
بڑھ کے چوموں
کہ اپنے گلے پر رکھوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

شدید دکھ تھا اگرچہ تری جدائی کا
سوا ہے رنج ہمیں تیری بے وفائی کا

تجھے بھی ذوق نئے تجربات کا ہو گا
ہمیں بھی شوق تھا کچھ بخت آزمائی کا

جو میرے سر سے دوپٹہ نہ ہٹنے دیتا تھا
اسے بھی رنج نہیں میری بے ردائی کا

سفر میں رات جو آئی تو ساتھ چھوڑ گئے
جنھوں نے ہاتھ بڑھایا تھا رہنمائی کا

ردا چھنی مرے سر سے، مگر میں کیا کہتی
کٹا ہوا تو نہ تھا ہاتھ میرے بھائی کا

ملے تو ایسے، رگِ جاں کو جیسے چھو آئے
جدا ہوئے تو وہی کرب نارسائی کا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں سچ کو سچ بھی کہوں گی، مجھے بر ہی نہ تھی
تجھے بھی علم نہ تھا میری اس برائی کا

کوئی سوال جو پوچھے، تو کیا کہوں اس سے
بچھڑنے والے! سبب تو بتا جدائی کا

http://getebooks4free.com

یہ کیا کہ میں تری خوشبو کا صرف ذکر سنوں
تو عکسِ موجہ گل ہے تو جسم و جاں میں اتر

ذرا یہ حبس کٹے، کھل کے سانس لے پاؤں
کوئی ہوا تو رواں ہو، صبا ہو یا صرصر

گئے دنوں کے تعاقب میں تتلیوں کی طرح
ترے خیال کے ہمراہ کر رہی ہوں سفر

ٹھہر گئے ہیں قدم، راستے بھی ختم ہوئے
مسافتیں رگ و پے میں اتر رہی ہیں مگر

میں سوچتی تھی، ترا قرب کچھ سکوں دے گا
اداسیاں ہیں کہ کچھ اور بڑھ گئیں مل کر

ترا خیال، کہ ہے تارِ عنکبوت تمام
مرا وجود، کہ جیسے کوئی پرانا کھنڈر!

# پکنک

سکھیاں میری
کھلے سمندر بیچ کھڑی ہنستی ہیں
اور میں سب سے دور، الگ ساحل پر بیٹھی
آتی جاتی لہروں کو گنتی ہوں
یا پھر گیلی ریت پہ تیرا نام لکھے جاتی ہوں!

WWW.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# سمندر کی بیٹی

وسعتوں سے سدا اس کا ناتا رہا تھا
کھلے آسمانوں
کھلے پانیوں
اور کھلے بازوؤں سے ہمیشہ محبت رہی تھی
ہوا، آگ، پانی، کرن اور خوشبو
وہ سارے عناصر جو پھیلیں تو ہر دو جہاں اپنی بانہوں میں لے لیں
سدا اس کے ساتھی رہے تھے
وہ جنگل کی الہڑ ہوا کی طرح راستوں کے تعین سے آزاد تھی
وہ تو تخلیقِ فطرت تھی
پر خوبصورت سے شوکیس میں قید کر دی گئی تھی
قفسِ رنگ ماحول کے حبس میں سانس روکے ہوئے تھی
کہ اک دم جو تازہ ہوا کی طرح
اک نوید سفر آئی تو
ایک لمحے کو آزاد ہونے کی وحشی تمنا میں وہ
ایک بچے کی صورت مچلنے لگی
شہر سے دور
ماں کی محبت کی مانند
بے لوث، بے انتہا مہرباں دوست اس کے لئے منتظر تھا
نرم موجیں کھلے بازوؤں اس کی جانب بڑھیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اور وہ بھی ہوا کی طرح بھاگتی ہی گئی

اور پھر چند لمحوں میں دنیا نے دیکھا

سمندر کی بیٹی سمندر کی بانہوں میں سمٹی ہوئی تھی!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# احساس

گہرے نیلم پانی میں
پھول بدن لہریں لیتے تھے
ہوا کے شبنم ہاتھ انہیں چھو جاتے تو
پور پور میں خنکی تیرنے لگتی تھی
شوخ سی کوئی موج شرارت کرتی تو
نازک جسموں، نازک احساسات کے مالک لوگ
شاخِ گلاب کی صورت کانپ اٹھتے تھے!
اوپر وسط اپریل کا سورج
انگارے برساتا تھا
ایسی تمازت!
آنکھیں پگھلی جاتی تھیں!
لیکن دل کا پھول کھلا تھا
جسم کے اندر رات کی رانی مہک رہی تھی
روح محبت کی بارش میں بھیگ رہی تھی
گیلی ریت اگرچہ دھوپ کی حدت پا کر
جسموں کو جھلسانے لگی تھی
پھر بھی سب چہروں پہ لکھا تھا
ریت کے ہر ذرے کی چبھن میں
فصلِ بہار کے پہلے گلابوں کی ٹھنڈک ہے!

http://getebooks4free.com

# خواب

کھلے پانیوں میں گھری لڑکیاں
نرم لہروں کے چھینٹے اڑاتی ہوئی
بات بے بات ہنستی ہوئی
اپنے خوابوں کے شہزادوں کا تذکرہ کر رہی تھیں
جو خاموش تھیں
ان کی آنکھوں میں بھی مسکراہٹ کی تحریر تھی
ان کے ہونٹوں کو بھی ان کہے خواب کا ذائقہ چومتا تھا!
(آنے والے نئے موسموں کے سبھی پیرہن نیلمیں ہو چکے تھے!)
دور ساحل پہ بیٹھی ہوئی ایک ننھی سی بچی
ہماری ہنسی اور موجوں کے آہنگ سے بے خبر
ریت سے ایک ننھا گھروندا بنانے میں مصروف تھی
اور میں سوچتی تھی
خدایا! یہ ہم لڑکیاں
کچی عمروں سے ہی خواب کیوں دیکھنا چاہتی ہیں
(خواب کی حکمرانی میں کتنا تسلسل رہا ہے!)

# مشورہ

ننھی لڑکی
ساحل کے اتنے نزدیک
ریت سے اپنے گھر نہ بنا
کوئی سرکش موج ادھر آئی تو
تیرے گھر کی بنیادیں تک بہہ جائیں گی
اور پھر ان کی یاد میں تو
ساری عمر اداس رہے گی!

IqbalCyberLibrary.net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

# آنچل اور بادبان

ساحل پر اک تنہا لڑکی
سرد ہوا کے بازو تھامے
گیلی ریت پہ گھوم رہی ہے
جانے کس کو ڈھونڈ رہی ہے
بن کاجل، بے کل آنکھوں سے
کھلے سمندر کے سینے پر
فراٹے بھرتی کشتی کے بادبان کے لہرانے کو
کس حیرت سے دیکھ رہی ہے!
کس حسرت سے اپنا آنچل مسل رہی ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# جان پہچان

شور مچاتی موجِ آب
ساحل سے ٹکرا کے جب واپس لوٹی تو
پاؤں کے نیچے جمی ہوئی چمکیلی سنہری ریت
اچانک سرک گئی!
کچھ کچھ گہرے پانی میں
کھڑی ہوئی لڑکی نے سوچا
یہ لمحہ کتنا جانا پہچانا لگتا ہے!

IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# دل کی ہنسی

وہ لڑکی
جس کے چہرے پر سدا اداسی رہتی تھی
جس کے ہونٹ کبھی اخلاقاً بھی ہنستے تو
یوں لگتا تھا
اک لمحہ بھی اور ہنسے تو
اس کی آنکھیں رو دیں گی!
جو، روزانہ
اپنے وقت پہ کالج آتی
سب سے الگ اپنی دنیا میں گم رہتی
اپنے کھوئے ہوئے لوگوں کی یاد میں کھوئی رہتی
وہ خاموش اداس سی لڑکی
میرا کہنا مان کے پکنک پر چل دی
میں نے دیکھا
میری سکھیوں کے ہمراہ
وہ پانی میں بیٹھی ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## دوست

اس اکیلی چٹان نے
سمندر کے ہمراہ
تنہائی کا زہر اتنا پیا ہے
کہ اس کا سنہری بدن نیلا پڑنے لگا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

نیند تو خواب ہے اور ہجر کی شب خواب کہاں
اس اماوس کی گھنی رات میں مہتاب کہاں

رنج سہنے کی مرے دل میں تب و تاب کہاں
اور یہ بھی ہے کہ پہلے سے وہ اعصاب کہاں

میں بھنور سے تو نکل آئی، اور اب سوچتی ہوں
موجِ ساحل نے کیا ہے مجھے غرقاب کہاں

میں نے سونپی تھی تجھے آخری پونجی اپنی
چھوڑ آیا ہے مری ناؤ تہہ آب کہاں

ہے رواں آگ کا دریا مری شریانوں میں
موت کے بعد بھی ہو پائے گا پایاب کہاں

بند باندھا ہے سروں کا مرے دہقانوں نے
اب مری فصل کو لے جائے گا سیلاب کہاں

http://getebooks4free.com

گونگے لبوں پہ حرفِ تمنا کیا مجھے
کس کور چشم شب میں ستارا کیا مجھے

زخم ہنر کو سمجھے ہوئے ہے گل، ہنر
کس شہر ناسپاس میں پیدا کیا مجھے

جب حرف ناشناس یہاں لفظ فہم ہیں
کیوں ذوقِ شعر دے کے تماشا کیا مجھے

خوشبو ہے چاندنی ہے، لب جو ہے اور میں
کس بے پناہ رات میں تنہا کیا مجھے

دی تشنگی خدا نے تو چشمے بھی دے دیے
سینے میں دشت، آنکھوں میں دریا کیا مجھے

میں یوں سنبھل گئی کہ تری بے وفائی نے
بے اعتباریوں سے شناسا کیا مجھے

وہ اپنی ایک ذات میں کل کائنات تھا
دنیا کے ہر فریب سے ملوا دیا مجھے

http://getebooks4free.com

ق

اوروں کے ساتھ میرا تعارف بھی جب ہوا
ہاتھوں میں ہاتھ لے کے وہ سوچا کیا مجھے

بیتے دنوں کا عکس نہ آئندہ کا خیال
بس خالی خالی آنکھوں سے دیکھا کیا مجھے

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com



چاند کیا چھپ گیا ہے
گھنے بادلوں کے کنارے
روپہلے ہوئے جا رہے ہیں!

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

جستجو کھوئے ہوؤں کی عمر بھر کرتے رہے
چاند کے ہمراہ ہم ہر شب سفر کرتے رہے

راستوں کا علم تھا نہ ہم کو سمتوں کی خبر
شہرِ نامعلوم کی چاہت مگر کرتے رہے

ہم نے خود سے بھی چھپایا ہے اور سارے شہر کو
تیرے جانے کی خبر دیوار و در کرتے رہے

وہ نہ آئے گا ہمیں معلوم تھا، اس شام بھی
انتظار اس کا مگر کچھ سوچ کر کرتے رہے

آج آیا ہے ہمیں بھی ان اڑانوں کا خیال
جن کو تیرے زعم میں، بے بال و پر کرتے رہے

زندگی سے نظر ملاؤ کبھی
ہار کے بعد مسکراؤ کبھی

ترکِ الفت کے بعد امیدِ وفا
ریت پر چل سکی ہے ناؤ کبھی

اب جفا کی صراحتیں بیکار
بات سے بھر سکا ہے گھاؤ کبھی

شاخ سے موجِ گل تھمی ہے کہیں!
ہاتھ سے رک سکا بہاؤ کبھی

اندھے ذہنوں سے سوچنے والو
حرف میں روشنی ملاؤ کبھی

بارشیں کیا زمیں کے دکھ بانٹیں!
آنسوؤں سے بجھا الاؤ کبھی

اپنے اسپین کی خبر رکھنا
کشتیاں تم اگر جلاؤ کبھی!

سمندر کے ادھر سے کوئی صدا آئی
دلوں کے بند دریچے کھلے ہوا آئی

سرک گئے تھے جو آنچل، وہ پھر سنوارے گئے
کھلے ہوئے تھے جو سر، ان پہ پھر ردا آئی

اتر رہی ہیں عجب خوشبوئیں رگ و پے میں
یہ کس کو چھو کے مرے شہر میں صبا آئی

[illegible]

http://getebooks4free.com

# ننھے دوست کے نام ایک نظم

گھنے درختوں کی سبز شاخوں پہ کھلنے والے حسین شگوفے!

سنا ہے

تیرے گلاب چہرے کو برفباری کی رت نے نرگس بنا دیا ہے

سو ننھی کونپل! اداس مت ہو

کہ تیرے رخسار کی شفق کو

کبھی بھی دستِ شبِ زمستاں نہ چھونے پائے گا

اس شفق میں محبتوں کا لہو رواں ہے

عظیم گہری محبتوں کے صدف میں

ابر بہار کی پہلی سانس ہے تو

جوان جسموں کی مشترک دھڑکنوں کا پہلا جمیل نغمہ

جوان راتوں کے کوکھ سے پھوٹتا ہوا پہلا چاند ہے تو

زمین اور آسماں کے سنگم پہ

زندگی کا نیا افق تو

سوائے مرے ادھ کھلے شگوفے!

تمام سچی محبتوں کے تمام گیتوں کی طرح تو بھی امر رہے گا

وہ لمحہ آواز دے رہا ہے

جب ایسی ویران شاخساروں کے بے نمو جسم پر نئی کونپلیں اگیں گی

شجر شجر کی برہنگی سبز پوش ہو گی

وہ ساعتیں راستے میں ہیں

جب کہ تیرے کم سن بدن کی کچی مہک کو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

دست بہار کا لمس

وصف گویائی دے سکے گا

یہ زردرت جلد بیت جائے گی

سبز موسم قریب تر ہے!

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# شہر چارہ گراں

پس شہر چارہ گراں
نرم آبی قباؤں میں ملبوس کچھ نوجواں
اپنے اپنے فرائض کی تکمیل میں
مثلِ موجِ صبا، پھر رہے تھے
آنسوؤں کا مداوا
دکھوں کی مسیحائی
زخمِ ہنر کی پذیرائی کرتے ہوئے
پھول چہرہ، فرشتہ قبا، زندگی رنگ، شبنم زباں، چاندنی لمس، عیسیٰ نفس
چارہ گر
مجھ کو بے طرح اچھے لگے
جی یہ چاہا کہ ان کے لئے کچھ لکھوں
ان کے چہروں کی یہ مہرباں چاندنی
ان کی آنکھوں کی یہ نرم دل روشنی
ان کے لہجوں کی غم خوار تابندگی
ان کے ہونٹوں کی دلدار پیاری ہنسی
یوں ہی روشن رہے، جگمگاتی رہے
زندگی ان کے ہمراہ ہنستی رہے!

یہ دعا میرے ہونٹوں پہ لیکن ادھوری رہی
دفعتاً جانے کس سمت سے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ایک انسان کا زخمی بدن آ گیا
خوں میں ڈوبا ہوا، کرب آلودہ چہرہ
مرے ذہن پر اس طرح چھا گیا
میری پلکوں کی مانند لہجہ بھی نم ہو گیا
گفتگو کی قبا بھی لہو رنگ ہونے لگی
مگر جو مسیحا مرے سامنے تھا
کھڑا مسکراتا رہا
سلسلہ اس کی باتوں کا چلتا رہا
اس کی آنکھوں میں ہلکا سا بھی دکھ نہ تھا
بلکہ وہ
میری افسردگی دیکھ کر ہنس دیا
بی بی! اس طرح تو روز ہوتا ہے
کوئی کہاں تک پریشان ہو
کون اوروں کے دکھ مول لے
روز کی بات ہے
چھوڑیے بھی اسے آئیں باتیں کریں!
میں فرشتوں کے پر سے تراشے ہوئے
نرم آبی لبادے میں ملبوس انسان کو دیکھتی رہ گئی
مجھ کو لوگوں نے سمجھایا دیکھو سنو
یہ مسیحا ہیں، ان کے لئے موت بھی
عام سا واقعہ ہے، قیامت نہیں!
چارہ سازی کی منزل مبارک انہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

پر یہاں تک یہ جس راہ سے آئے ہیں

اس میں ہر موڑ پر

ان کے دل ان کے پیروں تلے آئے ہیں

نرم حساس دل کے عوض، چارہ سازی خریدی گئی

اور یہ قیمت بہت ہی بڑی ہے بہت ہی بڑی!

http://getebooks4free.com

سحاب تھا کہ ستارہ، گریز پا ہی لگا
وہ اپنی ذات کے ہر رنگ میں ہوا ہی لگا

میں ایسے شخص کی معصومیت پہ کیا لکھوں
جو مجھ کو اپنی خطاؤں میں بھی بھلا ہی لگا

زباں سے چپ ہے مگر آنکھ بات کرتی ہے
نظر اٹھائی ہے جب بھی تو بولتا ہی لگا

جو خواب دینے پہ قادر تھا، مری نظروں میں
عذاب دیتے ہوئے بھی مجھے خدا ہی لگا

نہ میرے لطف پہ حیراں نہ اپنی الجھن پر
مجھے یہ شخص تو ہر شخص سے جدا ہی لگا

http://getebooks4free.com

# زمیں پہ جب کسی نئے وجود نے جنم لیا

## (عالمی یومِ اطفال)

زمیں پہ جب کسی نئے وجود نے جنم لیا
یقین آ گیا
خدا ابھی بشر سے بدگماں نہیں
مگر نئی کلی کا رنگ دیکھ کر
یہ واہمہ بھی جاگ اٹھا
خدا بہار سے خفا ہے کیا؟
خدا خفا ہو یا نہ ہو
ہوا ضرور بدگمان ہے!

یہ زرد رُو، دریدہ جاں
یہ پور پور استخواں
اماوسوں کی رات میں نہ لوریاں، نہ پالنا
خزاں کے ہاتھ سے بچ سکیں نہ شوخیاں نہ بچپنا
نہ ان کا ذہن آگہی کے لمس کا شریک ہے
نہ ان کی آنکھ کی روشنی کے ذائقے سے آشنا!
ضدوں کا وقت اور خود کو روکنا
شرارتوں کی عمر اور سوچنا!
یہ سر اٹھائیں کیا، انہیں کسی پہ مان ہی نہیں
کسی کا پیار ان کے حوصلوں کی جان ہی نہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ہوائیں خوشبوؤں کے تحفے دلدلوں کے پار لے گئیں
گھٹائیں بارشوں کے سب سندیس ندیوں کو دے گئیں
غزال اب بھی تشنہ کام ہی رہے
ہوا سے صرف نامہ و پیام ہی رہے
وہی ہے تشنگی، وہی رتوں کی کم نگاہیاں!
وہی اکیلا پن، وہی سمے کی کج ادائیاں!

ہوا میں طائرانِ آہنی کا وصل (گرچہ) خوب ہے
(خلا سے لے کے چاند تک زمیں کہاں غروب ہے؟)
مگر زمیں کے اپنے چاند، آج بھی گہن میں ہیں
جبیں کے داغ کیا دھلیں، سیاہیاں کرن میں ہیں
صبا نفس حیات کا جمال بے نمو رہا
ہوا گزیدہ پھول کا لباس بے رفو رہا
ہمکتے کھلکھلاتے بچے اب خیال و خواب ہو گئے

ہمارے اگلے
اپنی بے بضاعتی میں کیا عذاب ہو گئے
یہ شب نصیب
جن کو بھوک نے جنم دیا ہے
تشنگی نے دیکھ بھال کی
یہ کھوکھلی جڑیں
نئی رتوں میں شاخسارِ جاں کو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کیسی کونپلیں عطا کریں گی؟
(کرسکیں گی؟۔یہ بھی سوچنے کی بات ہے)
شدید موسم پہ پلنے والے پیڑ
کتنے اونچے جائیں گے؟
یہ بے ثمر درخت
اپنی چھاؤں کتنی دور لائیں گے؟
جڑوں کو بانجھ کوکھ میں نہ رنگ ہے، نہ روپ ہے
نظر کی آخری حدوں تلک
فضا میں صرف دھوپ ہے!

نوادرات، سیم وزر، گئے زمانوں کی کہانیاں بھی
محترم ہیں
ان کو جمع کرنا نیک کام ہے
مگر یہ بچے زندگی ہیں
میوزیم کے افسران زندگی جمع کریں
اسے پناہ دیں!
اسے نمو دیں!
اسے غرور دیں!
یہ بے اماں۔یہ بے مکاں
یہ کم لباس، کم زباں
انہیں بھی راستوں میں نرم چھاؤں کی نوید ہو
ہرے بھرے لباس میں کبھی تو ان کی عید ہو!

http://getebooks4free.com

تیرا گھر اور میرا جنگل بھیگتا ہے ساتھ ساتھ
ایسی برساتیں کہ بادل بھیگتا ہے ساتھ ساتھ

بچپنے کا ساتھ ہے، پھر ایک سے دونوں کے دکھ
رات کا اور میرا آنچل بھیگتا ہے ساتھ ساتھ

وہ عجب دنیا کہ سب خنجر بکف پھرتے ہیں اور
کانچ کے پیالوں میں صندل بھیگتا ہے ساتھ ساتھ

بارشِ سنگِ ملامت میں بھی وہ ہمراہ ہے
میں بھی بھیگوں، خود بھی پاگل بھیگتا ہے ساتھ ساتھ

لڑکیوں کے دکھ عجب ہوتے ہیں سکھ اس سے عجیب

☆

بجا کہ آنکھ میں نیندوں کے سلسلے بھی نہیں
شکستِ خواب کے اب مجھ میں حوصلے بھی نہیں

نہیں نہیں! یہ خبر دُشمنوں نے دی ہو گی
وہ آئے! آ کے چلے بھی گئے! ملے بھی نہیں!

یہ کون لوگ اندھیروں کی بات کرتے ہیں
ابھی تو چاند تری یاد کے ڈھلے بھی نہیں

ابھی سے میرے رفوگر کے ہاتھ تھکنے لگے
ابھی تو چاک مرے زخم کے سِلے بھی نہیں

خفا اگرچہ ہمیشہ ہوئے مگر اب کے
وہ برہمی ہے کہ ہم سے انہیں گلے بھی نہیں

http://getebooks4free.com

# بنفشے کا پھول

وہ پتھر پہ کھلتے ہوئے خوبصورت بنفشے کا ننھا سا اک پھول تھی
جس کی سانسوں میں جنگل کی وحشی ہوائیں سمائی ہوئی تھیں
اس کے بے ساختہ حسن کو دیکھ کر
اک مسافر بڑے پیار سے توڑ کر، اپنے گھر لے گیا
اور پھر
اپنے دیوان خانے میں رکھتے ہوئے کانچ کے خوبصورت سے گل دان
میں
اس کو ایسے سجایا
کہ ہر آنے والے کی پہلی نظر اس پہ پڑنے لگی
داد و تحسین کی بارش میں وہ بھیگتا ہی گیا
کوئی اس سے کہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# فلاور شو

پھول ہی پھول ہیں

تا بہ حدِ نظر

آتشی، آسمانی، گلابی

کاسنی، چمپئی، ارغوانی

کتنے مشتاق ہاتھوں نے، کتنی،

یاسمن یاسمن انگلیوں نے

اس طرح سے سجایا، سنوارا انہیں

اور پھر دادِ اہلِ نظر اور تحسینِ چشمِ نگاراں ملی

یہ نہ سوچا کسی نے، کہ گل نے

شاخ سے ٹوٹ کر

حسن کے اس سفر میں کس طرح کی اذیت اٹھائی!

ہم کہ شاعر ہیں نوکِ قلم سے

فکر کے پھول مہکا رہے ہیں

اپنی سوچوں کی تابندگی سے

عارضِ وقت چمکا رہے ہیں

ایک ایسا وقت بھی آ رہا ہے

جب کہ دیوان اپنے

آبنوس اور مرمر کے شیلفوں میں پتھر کی مانند سج جائیں گے

یاسمن یاسمن انگلیاں

شعر کے لمس سے بے خبر

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ان کو ترتیب دیں گی

نرگسی نرگسی کتنی آنکھیں

حسنِ ترتیب دیں گی

اس حقیقت سے نا آشنا۔

حسنِ تخلیق کے اس سفر میں

ہم نے کیسی اذیت اٹھائی!

http://getebooks4free.com

☆

دسترس سے اپنی، باہر ہوگئے
جب سے ہم ان کو میسر ہوگئے

ہم جو کہلائے طلوعِ ماہتاب
ڈوبتے سورج کا منظر ہوگئے

شہرِ خوباں کا یہی دستور ہے
مڑ کے دیکھا اور پتھر ہوگئے

بے وطن کہلائے اپنے دیس میں
اپنے گھر میں رہ کے بے گھر ہوگئے

سکھ تری میراث تھے، تجھ کو ملے
دکھ ہمارے تھے، مقدر ہوگئے

وہ سراب اترا رگ و پے میں کہ ہم
خود فریبی میں سمندر ہوگئے

http://getebooks4free.com

تیری خود غرضی سے خود کو سوچ کر
آج ہم تیرے برابر ہوگئے

http://getebooks4free.com

# لڑکیاں اداس ہیں

پھر وہی نرم ہوا
وہی آہستہ سفر موجِ صبا
گھر کے دروازے پہ ننھی سی ہتھیلی رکھے
منتظر ہے
کہ کسی سمت سے آواز کی خوشبو آئے
سبز بیلوں کے خنک سائے سے کنگن کی کھنک
سرخ پھولوں کی سجل چھاؤں سے پائل کی چھنک
کوئی آواز۔ بنامِ موسم!
اور پھر موجِ ہوا موجۂ خوشبو کی وہ البیلی سکھی
کچی عمروں کے نئے جذبوں کی سرشاری سے پاگل برکھا
دھانی آنچل میں شفق ریز، سلونا چہرہ
کاسنی چنری، بدن بھیگا ہوا
پشت پر گیلے مگر آگ لگاتے گیسو
بھوری آنکھوں میں دمکتا ہوا گہرا کجرا
رقص کرتی ہوئی رم جھم کے مدھر تال کے زیر و بم پر
جھومتی نقرئی پازیب بجاتی ہوئی آنگن میں اتر آئی ہے
تھام کر ہاتھ یہ کہتی ہے
مرے ساتھ چلو!

http://getebooks4free.com

# لڑکیاں

شیشوں کے شفاف دریچوں پہ گرائے ہوئے سب پردوں کو
اپنے کمروں میں اکیلی بیٹھی
کیٹس کے ،اوڈس، پڑھا کرتی ہیں
کتنا مصروف سکوں چہروں پہ چھایا ہے مگر
جھانک کے دیکھیں
تو آنکھوں کو نظر آئے کہ ہر موئے بدن
گوش بر ساز ہے!
ذہن بیتے ہوئے موسم کی مہک ڈھونڈتا ہے
آنکھوں کھوئے خوابوں کا پتہ چاہتی ہے
دل بڑے کرب سے
دروازوں سے ٹکراتے ہوئے نرم رم جھم کے مدھر گیت کے اس سر کو
بلانے کی سعی کرتا ہے
جو گئے لمحوں کی بارش میں کہیں ڈوب گیا!

http://getebooks4free.com

# رفاقت

سبز موسم کی بے حد خنک رات تھی
چنبیلی کی خوشبو سے بوجھل ہوا
دھیمے لہجوں میں سرگوشیاں کر رہی تھی
ریشمیں اوس میں بھیگ کر
رات کا نرم آنچل بدن سے لپٹنے لگا تھا
ہارسنگھار کی نرم خوشبو کا جادو
جواں رات کی سانس میں گھل رہا تھا
چاندنی، رات کی گود میں سر رکھے ہنس رہی تھی
اور میں سبز موسم کی گلنار ٹھنڈک میں کھوئی ہوئی
شاخ در شاخ
اک تیتری اڑ رہی تھی
کبھی اپنی پرواز میں رک کے نیچے جو آتی تو احساس ہوتا مجھے
شبنمی گھاس کا لمس پاؤں کو کتنا سکوں دے رہا ہے!
دفعتاً
میں نے ٹی وی کی خبروں پہ موسم کی بات سنا۔
ترے شہر میں لُو چلی ہے
ایک سو ساٹھ سے بھی زیادہ حرارت کا درجہ رہا ہے
مجھے یوں لگا
میرے چاروں طرف آگ ہی آگ ہے
ہوائیں جہنم سے آنے لگی ہیں

http://getebooks4free.com

تمازت سے میرا بدن پھنک رہا ہے
میں اس شبنمی روح پرور فضا کو جھٹک کر
کچھ اس طرح کمرے میں اپنے چلی آئی
جیسے کہ اک لمحہ بھی اور رک جاؤں گی تو جھلس جاؤں گی!
پھر بڑی دیر تک
تیرے تپتے ہوئے جسم کو
اپنے آنچل سے جھلتی رہی
تیرے چہرے سے لپٹی ہوئی گرد کو
اپنی پلکوں سے چنتی رہی
رات سونے سے پہلے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

لمحہ لمحہ وقت کی جھیل میں ڈوب گیا
اب پانی میں اتریں بھی تو پائیں کیا

طوفاں جب آیا تو جھیل میں کود پڑا
وہ لڑکا جو کشتی کھینے نکلا تھا

کتنی دیر تک اپنا آپ بچائے گی
ننھی سی اک لہر کو موجوں نے گھیرا

اپنے خوابوں کی نازک پتواروں سے
تیر رہا ہے سطحِ آب پہ اک پتہ

ہلکی ہلکی لہریں نیلم پانی میں
دھیرے دھیرے ڈولے یاقوتی نیا

شبنم کے رخساروں پر سورج کے ہونٹ
ٹھہر گیا ہے وصل کا ایک روشن لمحہ

چاند اتر آیا ہے گہرے پانی میں
ذہن کے آئینے میں جیسے عکس ترا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کیسے ان لمحوں میں تیرے پاس آؤں

ساگر گہرا، رات اندھیری، میں تنہا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

ٹھہر کے دیکھے تو رک جائے نبض ساعت کی
شبِ فراق کی قامت ہے کس قیامت کی

وہ رات جاگے، وہ گئی رات تک سخن کاری
شبیں گزاری ہیں ہم نے بھی کچھ ریاضت کی

وہ مجھ کو برف کے طوفاں میں کیسے چھوڑ گیا
ہوائے سرد میں بھی جب مری حفاظت کی

سفر میں چاند کا ماتھا جہاں بھی دھندلایا
تری نگاہ کی زیبائی نے قیادت کی!

ہوا نے موسمِ باراں سے سازشیں کر لیں
مگر شجر کو خبر ہی نہیں شرارت کی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ڈیپارٹمنٹل اسٹور میں

"پرل کا نیچرل پنک"

ریولان کا ہینڈ لوشن

الزبتھ آرڈرن کا بلش آن بھی،

میڈورا میں پھر نیل پالش کا کوئی نیا شیڈ آیا؟

مرے اس بنفشی دوپٹے سے ملتی ہوئی

راثمل میں لپ اسٹک ملے گی؟

ہاں، وہ ٹیولپ کا شیمپو بھی دیجئے گا

یاد آیا

کچھ روز پہلے جو ٹیوزر لیا تھا، وہ بالکل ہی بیکار نکلا

دوسرا دیجئے گا!

ذرا بل بنا دیجئے!

ارے! وہ جو کونے میں ایک سینٹ رکھا ہوا ہے

دکھائیں ذرا

اسے ٹسٹ کرکے تو دیکھوں

(خدایا! خدایا!

یہ خوشبو تو اس کی پسندیدہ خوشبو رہی ہے

سدا اس کے ملبوس سے پھوٹتی تھی!)

ذرا اس کی قیمت بتا دیں!

اس قدر!!

اچھا، یوں کیجئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

باقی چیزیں کبھی اور لے جاؤں گی
آج تو صرف اس سینٹ کو پیک کر دیجیے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# مسئلہ

پتھر کی زباں، کی شاعرہ نے
اک محفلِ شعر و شاعری میں
جب نظم سناتے مجھ کو دیکھا
کچھ سوچ کے دل میں مسکرائی!

جب میز پہ ہم ملے تو اس نے
بڑھ کر مرے ہاتھ ایسے تھامے
جیسے مجھ کو کھوجتی ہو کب سے
پھر مجھ سے کہا کہ آج، پروین!
جب شعر سناتے تم کو دیکھا
میں خود کو بہت ہی یاد آئی!
وہ وقت، کہ جب تمہاری صورت
میں بھی یونہی شعر کہہ رہی تھی
لکھتی تھی اسی طرح کی نظمیں
پر اب تو وہ ساری نظمیں، غزلیں
گزرے ہوئے خواب کی ہیں باتیں!
میں سب کو ڈس اون کر چکی ہوں!

پتھر کی زباں کی شاعرہ کے
چنبیلی سے نرم ہاتھ تھامے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

خوشبو، کی سفیر سوچتی تھی
درپیش ہواؤں کے سفر میں
پل پل کی رفیق راہ میرے
اندر کی یہ سادہ لوح ایلس
حیرت کی جمیل وادیوں سے
وحشت کے مہیب جنگلوں میں
آئے گی تو اس کا پھول لہجہ
کیا جب بھی صبا نفس رہے گا!؟
وہ خود کو ڈس اون کر سکے گی!؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com



آپ کی شاعری صرف خوشبو ہے
دل میں اترتی ہوئی
روح پر شبنمی ہاتھ رکھتی ہوئی
یہ مگر ذہن کو صرف ہلکے سے چھو کر گزر جائے گی
آپ اسے رنگ کا پیرہن دیجئے
کوئی
آدرش اونچا، انوکھا عقیدہ، کوئی گنجلک فلسفہ
سخت نا قابلِ فہم الفاظ میں پیش کرنے کی کوشش کریں
آپ کی سوچ میں کچھ تو گہرائی ہو۔!
آپ سچ کہہ رہے ہیں
مگر دیکھیے نا ابھی میرا فن کچی عمروں میں ہے
(آپ اسے خواب ہی دیکھنے دیجئے
اتنی گمبھیر دانشوری میں نہ الجھائیے)
میں نہیں چاہتی کہ میرا فن
جواں ہونے سے قبل ہی بوڑھا ہو جائے
اور فلسفے کا عصا لے کے چلنے لگے!

http://getebooks4free.com

## اوتھیلو

اپنے فون پہ اپنا نمبر
بار بار ڈائل کرتی ہوں

سوچ رہی ہوں
کب تک اس کا ٹیلی فون انگیج رہے گا
دل کڑھتا ہے
اتنی اتنی دیر تلک
وہ کس سے باتیں کرتا ہے!

http://getebooks4free.com

☆

متاعِ قلب و جگر ہیں، ہمیں کہیں سے ملیں
مگر وہ زخم جو اس دستِ شبنمی سے ملیں

نہ شام ہے نہ گھنی رات ہے، نہ پچھلا پہر
عجیب رنگ تری چشمِ سرگیں سے ملیں

میں اس وصال کے لمحے کا نام کیا رکھوں
ترے لباس کی شکنیں تری جبیں سے ملیں

ستائشیں مرے احباب کی نوازش ہیں
مگر صلے تو مجھے اپنے نکتہ چیں سے ملیں

تمام عمر کی نامعتبر رفاقت سے
کہیں بھلا ہو کہ پل بھر ملیں، یقیں سے ملیں

یہی رہا ہے مقدر، مرے کسانوں کا
کہ چاند بوئیں اور ان کو گہن زمیں سے ملیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## سکھ کے موسم کا دکھ

آنے والے رتوں کے آنچل میں
کوئی ساعت سعید کیا ہو گی

رات کے وقت رنگ کیا پہنوں
روشنی کی کلید کیا ہو گی

جب کہ بادل کی اوٹ لازم ہو
جانتی ہوں کہ دید کیا ہو گی

زرد موسم کی خشک ٹہنی سے

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

عکسِ شکستِ خواب بہر سو بکھیریے
چہرے پہ خاک، زخم پہ خوشبو بکھیریے

کوئی گزرتی رات کے پچھلے پہر کہے
لمحوں کو قید کیجئے، گیسو بکھیریے

دھیمے سُروں میں کوئی مدھر گیت چھیڑیے
ٹھہری ہوئی ہواؤں میں جادو بکھیریے

گہری حقیقتیں بھی اترتی رہیں گی پھر
خوابوں کی چاندنی تو لبِ جو بکھیریے

دامانِ شب کے نام کوئی روشنی تو ہو
تارے نہیں نصیب تو آنسو بکھیریے

وحشتِ غزال سے کوئی خوبی تو مانگیے
شہرِ جمال میں رمِ آہو بکھیریے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## لیلۃ الصّک

عجب پُراسراری فضا تھی
ہوا میں لوبان وعود وعنبر کی آسمانی مہک رچی تھی
سپید، مخروطی، مومی شمعیں
عجیب ناقابلِ بیاں مذہبی تیقّن سے جل رہی تھیں
کہ جیسے آبی قباؤں میں کچھ اداس، معصوم لڑکیاں
دونوں ہاتھ اٹھائے
دعا میں مصروف ہوں
اور ان کی چنبیلی سی انگلیوں کی لَو تھرتھرا رہی ہو!
دریچوں میں طاقچوں میں
ننھے چراغ یوں جھلملا رہے تھے
کہ جیسے نوزائیدہ فرشتے
زمین کو دیکھ کر
تعجب سے اپنی پلکیں جھپک رہے ہوں!
کتابِ الہام کی تلاوت
سروشِ جبریل کے تصور کی جیسے تجسیم کر رہی تھی!
میں ہلکے رنگوں کے اک دوپٹے میں اپنی زیبائش چھپائے
ترے بہت ہی قریب
سر کو جھکائے بیٹھی تھی
اور تو اپنے سادہ ملبوس میں مرے پاس تھا
مگر ہم ایک اور دنیا میں کھو چکے تھے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

زمین کی خواہشیں دھنک پر ہی رہ گئی تھیں
وجود، تتلی کے پر کی صورت، لطیف ہو کر
ہوا میں پرواز کر رہا تھا!
ہمیں بزرگوں نے یہ بتایا، کہ آج کی رات
آسمانوں میں زندگی اور موت کے فیصلے بھی انجام پا رہے ہیں
دعاؤں کی باریابیوں کا یہی سمے ہے!
سو ہم نے اپنے دیئے جلا کر
حیاتِ تازہ کی آرزو کی
محبتوں کی ہمیشگی کی دعائیں مانگیں!

میں آج اپنے اکیلے گھر میں
ہوا کے رخ پر چراغ ہاتھوں میں لے کے بیٹھی
خدا کے اس فیصلے کا مفہوم سوچتی ہوں
(کہ جس کی تکمیل میں یہ دیکھا
بدن تو زندہ ہے میرا اب تک
مگر مری روح مر چکی ہے)
میں آج جا کر سمجھ سکی ہوں
کہ آج سے ایک سال پہلے
ترا جلایا ہوا دیا جلد کیوں بجھا تھا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

وہ تو خوشبو ہے، ہواؤں میں بکھر جائے گا
مسئلہ پھول کا ہے پھول کدھر جائے گا

ہم تو سمجھے تھے کہ اک زخم ہے بھر جائے گا
کیا خبر تھی کہ رگِ جاں میں اتر جائے گا

وہ ہواؤں کی طرح خانہ بجاں پھرتا ہے
ایک جھونکا ہے جو آئے گا، گزر جائے گا

وہ جب آئے گا تو پھر اس کی رفاقت کے لئے
موسم گل مرے آنگن میں ٹھہر جائے گا

آخرش وہ بھی کہیں ریت پہ بیٹھی ہو گی
تیرا یہ پیار بھی دریا ہے، اتر جائے گا

مجھ کو تہذیب کے برزخ کا بنایا وارث
جرم یہ بھی مرے اجداد کے سر جائے گا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# سالگرہ

یہی وہ دن تھا

جب آج سے چار سال پہلے

اسی روش پر، بنفشی بیلوں کے نرم سائے میں ہم ملے تھے

وہ لمحہ جب کہ ہمارے جسموں کو اپنے ہونے کا

حیرت آمیز، راحت افزا، نشاط اِثبات مل سکا تھا

ہماری روحوں نے اپنا اپنا، نیا سنہری جسم لیا تھا

وہ ایک لمحہ

ہماری روحوں کو اپنے دستِ جمال سے چھو رہا ہے اب تک

نظر کو شاداب کر رہا ہے

بدن کو مہتاب کر رہا ہے

ہم اس کے مقروض ہو چکے ہیں!

سو آؤ اب اس عظیم لمحے کے نام کوئی دعا کریں ہم

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

پانیوں پانیوں جب چاند کا ہالہ اترا
نیند کی جھیل پہ اک خواب پرانا اترا

آزمائش میں کہاں عشق بھی پورا اترا
حسن کے آگے تو تقدیر کا لکھا اترا

دھوپ ڈھلنے لگی، دیوار سے سایہ اترا
سطح ہموار ہوئی، پیار کا دریا اترا

یاد سے نام مٹا ذہن سے چہرہ اترا
چند لمحوں میں نظر سے تری کیا کیا اترا

آج کی شب میں پریشاں ہوں تو یوں لگتا ہے
آج مہتاب کا چہرہ بھی ہے اترا اترا

میری وحشت رمِ آہو سے کہیں بڑھ کر تھی
جب مری ذات میں تنہائی کا صحرا اترا

اک شبِ غم کے اندھیرے پہ نہیں ہے موقوف
تو نے جو زخم لگایا ہے وہ گہرا اترا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

رات کی رانی کی خوشبو سے کوئی یہ کہہ دے

رات کی رانی کی خوشبو سے کوئی یہ کہہ دے

آج کی شب نہ مرے پاس آئے

آج تسکینِ مشامِ جاں کو

دل کے زخموں کی مہک کافی ہے

یہ مہک آج سرِ شام ہی جا اٹھی ہے

اب یہ بھیگی ہوئی بوجھل پلکیں

اور نمناک، اداس آنکھیں لئے

رت جگا ایسے منائے گی کہ خود بھی جاگے

اور پل بھر کے لئے میں بھی نہ سونے پاؤں

دیو مالائی فسانوں کی کسی منتظرِ موسمِ گل راجکماری کی خزاں بخت، دکھی

روح کی مانند

بھٹکنے کے لئے

کو بہ کو ابرِ پریشاں کی طرح جائے گی

دور افتادہ سمندر کے کنارے بیٹھی

پہروں اس سمت تکے گی کہ جہاں سے اکثر

اس کے گم گشتہ جزیروں کی ہوا آتی ہے!

گئے موسم کی شناسا خوشبو

یوں رگ و پے میں اترتی ہے

کہ جیسے کوئی چمکیلا، روپہلا سیال

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

جسم میں ایسے سرایت کر جائے

جیسے صحراؤں کی شریانوں میں پہلی بارش !

غیر محسوس سروشِ نکہت

ذہن کے ہاتھ میں وہ اسم ہے

جس کی دستک

یاد کے بند دریچوں کو بڑی نرمی سے

ایسے کھولے گی کہ آنگن میرا

ہر دریچے کی الگ خوشبو سے

رنگ در رنگ چھلک جائے گا!

یہ دلآویز خزانے میرے

میرے پیاروں کی عطا بھی ہیں

مرے دل کی کمائی بھی ہیں

ان کے ہوتے ہوئے اوروں کی ضرورت کیا ہے

رات کی رانی کی خوشبو سے کوئی یہ کہہ دے

آج کی شب نہ مرے پاس آئے !

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

خوشبو بھی اس کی طرزِ پذیرائی پر گئی
دھیرے سے میرے ہاتھ کو چھو کر گزر گئی

آندھی کی زد میں آئے ہوئے پھول کی طرح
میں ٹکڑے ٹکڑے ہو کے فضا میں بکھر گئی

شاخوں نے پھول پہنے تھے کچھ قبل ہی
کیا ہو گیا، قبائے شجر کیوں اتر گئی

ان انگلیوں کا لمس تھا اور میری زلف تھی
گیسو بکھر رہے تھے تو قسمت سنور تھی

اترے نہ میرے گھر میں وہ مہتاب رنگ لوگ
میری دعائے نیم شبی بے اثر گئی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# دھوپ کا موسم

میں رنگ میں دیکھتی تھی، خوشبو میں سوچتی ہوتی تھی!
مجھے گماں تھا
کہ زندگی اجلی خواہشوں کے چراغ لے کر
مرے دریچوں میں روشنی کی نوید بن کر اتر رہی ہے
میں کہر میں چاندنی پہن کر
بنفشی بادل کا ہاتھ تھامے
فضا میں پرواز کر رہی تھی
سماعتوں میں سحاب لہجوں کی بارشیں تھیں
بصارتوں میں گلاب چہروں کی روشنی تھی
ہوا کی ریشم رفاقتیں تھیں
صبا کی شبنم عنایتیں تھیں
حیات خوابوں کا سلسلہ تھی!

کھلیں جو آنکھیں تو سارے منظر دھنک کے اس پار رہ گئے تھے
نہ رنگ میرے، نہ خواب میرے
ہوئے تو بس کچھ عذاب میرے
نہ چاند راتیں، نہ پھول باتیں
نہ نیل صبحیں، نہ جھیل شامیں
نہ کوئی آہٹ، نہ کوئی دستک
حروف مفہوم کھو چکے تھے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

علامتیں بانجھ ہو گئی تھیں
گلابی خوابوں کے پیرہن راکھ ہو چکے تھے
حقیقتوں کی برہنگی
اپنی ساری سفاکیوں کے ہمراہ
جسم و جاں پر اتر رہی تھی
وہ مہرباں سایہ دار بادل
عذاب کی رت میں چھوڑ کر مجھ کو جا چکا تھا
زمین کی تیز دھوپ آنکھوں میں چبھ رہی تھی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

پورا دکھ اور آدھا چاند!
ہجر کی شب اور ایسا چاند
دن میں وحشت بہل گئی تھی
رات ہوئی اور نکلا چاند
کس مقتل سے گزرا ہو گا
اتنا سہما سہما چاند
یادوں کی آباد گلی میں
گھوم رہا ہے تنہا چاند
میری کروٹ پر جاگ اٹھے
نیند کا کتنا کچا چاند
میرے منہ کو کس حیرت سے
دیکھ رہا ہے بھولا چاند
اتنے گھنے بادل کے پیچھے
کتنا تنہا ہو گا چاند
آنسو روکے نور نہائے
دل دریا، تن صحرا چاند
اتنے روشن چہرے پر بھی
سورج کا ہے سایا چاند
جب پانی میں چہرہ دیکھا
تو نے کس کو سوچا چاند

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

برگد کی ایک شاخ ہٹا کر
جانے کو کس کو جھانکا چاند

بادل کے ریشم جھولے میں
بھور سمے تک سویا چاند

رات کے شانے پر سر رکھے
دیکھ رہا ہے سپنا چاند

سوکھے پتوں کے جھرمٹ پر
شبنم تھی یا ننھا چاند

ہاتھ ہلا کر رخصت ہو گا
اس کی صورت ہجر کا چاند

صحرا صحرا بھٹک رہا ہے
اپنے عشق میں سچا چاند

رات کے شاید ایک بجے ہیں
سوتا ہو گا میرا چاند!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اپنی زمین کے لئے ایک نظم

خواب، آنکھوں کی عبادت ہیں
گئی رات کے سناٹے میں
اپنے ہونے کا یقیں بھی ہیں
گل و نغمہ کا اثبات بھی ہیں
خواب کے رنگ دھنک سے بڑھ کر
کبھی پلکوں پہ ستارہ، کبھی آنکھوں میں سحاب
کبھی رخسار پہ لالہ، کبھی ہونٹوں پہ گلاب
کبھی زخموں کا، کبھی خندۂ گل کا موسم
کبھی تنہائی کا چاند اور کبھی پچھلے پہر کی شبنم
خواب، جو تجزیہ ذات ہوئے
ان کو جب فرد کی نیندوں کی نفی کر کے لکھا جائے
تو اک قوم کا ناقابلِ تردید تشخص بن جائیں!
وہ خزاں زاد تھا
اور بنت بہار
اس کی آنکھوں کے لیے خوابِ حیات
اسے اس خواب کی تقلیم بچانے کے لئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

چاند پرچم پہ اتر آیا ہے!
سنگریزوں میں گلاب اگتے ہیں
شہر آذر میں اذاں گونجتی ہے
خوشبو آزاد ہے
جنگل کی ہوا بن کے سفر کرتی ہے
نئی مٹی کا، نئی خواب زمینوں کا سفر
یہ سفر ــــ رقص زمیں، رقص ہوا، رقص محبت ہے
خواب لمحہ موجود تک آ پہنچا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

دل و نگاہ پہ کس طور کے عذاب اُترے
وہ ماہتاب ہی اترا نہ اس کے خواب اُترے

کہاں وہ رُت کہ جبینوں پہ آفتاب اُترے
زمانہ بیت گیا ان کی آب و تاب اُترے

میں اس سے کھل کے ملوں، سوچ کا حجاب اُترے
وہ چاہتا ہے مری روح کا نقاب اُترے

اداس شب میں کڑی دوپہر کے لمحوں میں
کوئی چراغ، کوئی صورتِ گلاب اُترے

کبھی کبھی ترے لہجے کی شبنمی ٹھنڈک
سماعتوں کے دریچوں پہ خواب خواب اُترے

فصیلِ شہرِ تمنا کی زرد بیلوں پر
ترا جمال کبھی صورتِ سحاب اُترے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

تری ہنسی میں نئے موسموں کی خوشبو تھی
نوید ہو کہ بدن سے پرانے خواب اترے

سپردگی کا مجسم سوال بن کے کھلوں
مثالِ قطرہء شبنم ترا جواب اترے

تری طرح، مری آنکھیں بھی معتبر نہ رہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# وحی

عجیب موسم تھا وہ بھی، جبکہ
عبادتیں کور چشم تھیں
اور عقیدتیں اپنی ساری بینائی کھو چکی تھیں
خود اپنے ہاتھوں سے ترشے پتھر کو دیوتا کہہ کے
خیر و برکت کی نعمتیں لوگ مانگتے تھے!
مگر وہ اک شخص
جو ابھی اپنے آپ پر بھی نہ منکشف تھا
عجیب الجھن میں مبتلا تھا
یہ وہ نہیں ہیں، وہ کون ہوگا کا کربِ بے نام چکھ رہا تھا!
سو اپنے ان نارسا دکھوں کی صلیب اٹھائے
غموں کی نایاب شہریت کو تلاش کرتے
وہ شہر آذر سے دور
اپنے تمام لمحے
حرا کے غاروں کے خواب آسا سکوت کو سونپنے لگا تھا
یہ سوچ کا اعتکاف بھی تھا
اور ایک ان دیکھی روحِ کل کے وجود کا اعتراف بھی تھا!
وہ رات بھی ارتکاز کی ایک رات تھی
جبکہ لمحہ بھر کو
فضا پہ سناٹا چھا گیا
اور ہواؤں کی سانس رک گئی تھی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ستارۂ شب کے دل کی دھڑکن ٹھہر گئی تھی

گریز پا ساعتیں تحیر زدہ تھیں

جیسے وجود کی نبض تھم گئی ہو!

یکا یک اک روشنی جمال و جلال کے سارے رنگ لے کر

فضا میں گونجی

''پڑھو!''

''میں پڑھ نہیں سکوں گا!''

''پڑھو!''

میں پڑھ نہیں سکوں گا!

''پڑھو!''

''(مگر) میں کیا پڑھوں؟

دے! تم اپنے (عظیم) پرودگار کا نام لے کے

جو سب کو خلق کرتا ہے

جس نے انسان کو بنایا ہے منجمد خون سے

پڑھو (کہ) تمہارا پرودگا بے حد کریم ہے

(اور) جس نے تم کو قلم سے تعلیم دی

اسی نے بتائیں انسان کو وہ باتیں

کہ جن کو وہ جانتا نہیں تھا.............

فضائے بے نطق جیسے اقرا کا ورد کرنے لگی تھی

وہ سارے لفظ، جو

تیرگی کے سیلاب میں کہیں بہہ چکے تھے

پھر روشنی کی لہروں میں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

واپسی کے سفر کا آغاز کر رہے تھے
دریچۂ بےخیال میں
آگہی کے سورج اتر رہے تھے!
اس ایک پل میں
وہ میرا اُمّی
مدینۃ العلم بن چکا تھا!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

یارب! مرے سکوت کو نغمہ سرائی دے
زخمِ ہنر کو حوصلۂ لب کشائی دے

لہجے کو جوئے آب کی وہ نے نوائی دے
دنیا کو حرف حرف کا بہتا سنائی دے

رگ رگ میں اس کا لمس اترتا دکھائی دے
جو کیفیت بھی جسم کو دے، انتہائی دے

تخیل ماہتاب ہو، اظہار آئینہ
آنکھوں کو لفظ لفظ کا چہرہ دکھائی دے

دل کو لہو کروں تو کوئی نقش بن سکے
تو مجھ کو کربِ ذات کی سچی کمائی دے

دکھ کے سفر میں منزلِ نایافت کچھ نہ ہو
زخمِ جگر سے زخمِ ہنر تک رسائی دے

شہرِ سخن سے روح کو وہ آشنائی دے
آنکھیں بھی بند رکھوں تو رستہ سجھائی دے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں عشقِ کائنات میں زنجیر ہو سکوں
مجھ کو حصارِ ذات کے شر سے رہائی دے

پہروں کی تشنگی پہ بھی ثابت قدم رہوں
دشتِ بلا میں روح مجھے کربلائی دے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

دھنک دھنک مری پوروں کے خواب کر دے گا
وہ لمس میرے بدن کو گلاب کر دے گا

قبائے جسم کے ہر تار سے گزرتا ہوا
کرن کا پیار مجھے آفتاب کر دے گا

جنوں پسند ہے دل اور تجھ تک آنے میں
بدن کو ناؤ، لہو کو چناب کر دے گا

میں سچ کہوں گی مگر پھر بھی ہار جاؤنگی
وہ جھوٹ بولے گا اور لاجواب کر دے گا

انا پرست ہے اتنا کہ بات سے پہلے
وہ اٹھ کے بند مری ہر کتاب کر دے گا

سکوتِ شہرِ سخن میں وہ پھول سا لہجہ
سماعتوں کی فضا خواب خواب کر دے گا

اسی طرح سے اگر چاہتا رہا پیہم
سخن وری میں مجھے انتخاب کر دے گا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

مری طرح سے کوئی ہے جو زندگی اپنی
تمہاری یاد کے نام انتساب کر دے گا!

All rights reserved. ©2002-2006 www.IqbalCyberLibrary.Net

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

گئے موسم میں جو کھلتے تھے گلابوں کی طرح
دل پہ اتریں گے وہی خواب عذابوں کی طرح

راکھ کے ڈھیر پہ اب رات بسر کرنی ہے
جل چکے ہیں میرے خیمے، مرے خوابوں کی طرح

ساعتِ دید کے عارض ہیں گلابی اب تک
اولیں لمحوں کے گلنار حجابوں کی طرح

وہ سمندر ہے تو پھر روح کو شاداب کرے
تشنگی کیوں مجھے دیتا ہے سرابوں کی طرح

غیر ممکن ہے ترے گھر کے گلابوں کا شمار
میرے رستے ہوئے زخموں کے حسابوں کی طرح

یاد تو ہوں گی وہ باتیں تجھے اب بھی لیکن
شیلف میں رکھی ہوئی بند کتابوں کی طرح

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کون جانے کے نئے سال میں تو کس کو پڑھے
تیرا معیار بدلتا ہے نصابوں کی طرح

شوخ ہو جاتی ہے اب بھی ترے آنکھوں کی چمک
گاہے گاہے ترے دلچسپ جوابوں کی طرح

ہجر کی شب کی، مری تنہائی پہ دستک دے گی
تیری خوشبو، مرے کھوئے ہوئے خوابوں کی طرح

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کمال ضبط کو خود بھی تو آزماؤں گی
میں اپنے ہاتھ اس کی دلہن سجاؤں گی

سپرد کر کے اسے چاندنی کے ہاتھوں میں
میں اپنے گھر کے اندھیروں میں لوٹ جاؤں گی

بدن کے کرب کو وہ بھی سمجھ نہ پائے گا
میں دل میں روؤں گی، آنکھوں میں مسکراؤں گی

وہ کیا گیا کہ رفاقت کے سارے لطف گئے
میں کس سے روٹھ سکوں گی، کسے مناؤں گی

اب اس کا فن تو کسی اور سے ہوا منسوب
میں کس کی نظم اکیلے میں گنگناؤں گی

وہ ایک رشتۂ بے نام بھی نہیں لیکن
میں اب بھی اس کے اشاروں پہ سر جھکاؤں گی

بچھا دیا تھا گلابوں کے ساتھ اپنا وجود
وہ سو کے اٹھے تو خوابوں کی راکھ اٹھاؤں گی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

سماعتوں میں گھنے جنگلوں کی سانسیں ہیں
میں اب کبھی تری آواز سن نہ پاؤں گی

جواز ڈھونڈ رہا تھا نئی محبت کا
وہ کہہ رہا تھا کہ میں اس کو بھول جاؤں گی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# عیادت

پت جھڑ کے موسم میں تجھ کو
کون سے پھول کا تحفہ بھیجوں
میرا آنگن خالی ہے
لیکن میری آنکھوں میں
نیک دعاؤں کی شبنم ہے
شبنم کا ہر تارہ
تیرا آنچل تھام کے کہتا ہے
خوشبو، گیت، ہوا، پانی اور رنگ کو چاہنے والی لڑکی!
جلدی سے اچھی ہو جا
صبح بہار کی آنکھیں کب سے
تیری نرم ہنسی کا رستہ دیکھ رہی ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ایک دوست کے نام

لڑکی!

یہ لمحے بادل ہیں
گزر گئے تو ہاتھ کبھی نہیں آئیں گے
ان کے لمس کو پیتی جا
قطرہ قطرہ بھیگتی جا
بھیگتی جا تو جب تک ان میں نم ہے
اور تیرے اندر کی مٹی پیاسی ہے
مجھ سے پوچھ
کہ بارش کو واپس آنے کا رستہ کبھی نہ یاد ہوا
بال سکھانے کے موسم ان پڑھ ہوتے ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## آئینہ

لڑکی سر کو جھکائے بیٹھی
کافی کے پیالے میں چمچہ ہلا رہی ہے
لڑکا، حیرت اور محبت کی شدت سے پاگل
لانبی پلکوں کے لرزیدہ سایوں کو
اپنی آنکھ سے چوم رہا ہے
دونوں میری نظر بچا کر
اک دوجے کو دیکھتے ہیں ہنس دیتے ہیں!
میں دونوں سے دور
دریچے کے نزدیک

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کچے زخموں سے بدن سجنے لگے راتوں کے
سبز تحفے مجھے آنے لگے برساتوں کے

جیسے سب رنگ دھنک کے مجھے چھونے آئے
عکس لہراتے ہیں آنکھوں میں مری، ساتوں کے

بارشیں آئیں اور آنے لگے خوشرنگ عذاب
جیسے صندوقچے کھلنے لگے سوغاتوں کے

چھو کے گزری تھی ذرا جسم کو بارش کی ہوا
آنچ دینے لگے ملبوس جواں راتوں کے

پہروں باتیں وہ ہری بیلوں کے سائے سائے
واقعے خواب ہوئے ایسی ملاقاتوں کے

قریۂ جاں میں کہاں اب وہ سخن کے موسم
سوچ چمکاتی رہے رنگ گئی باتوں کے

کن لکیروں کی نظر سے ترا رستہ دیکھوں
نقش معدوم ہوئے جاتے ہیں ان ہاتھوں کے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

تو مسیحا ہے، بدن تک ہے ترے چارہ گری
تیرے امکاں میں کہاں زخم کڑی باتوں کے

قافلے نکہت و انوار کے بے سمت ہوئے
جب سے دولہا نہیں ہونے لگے باراتوں کے

پھر رہے ہیں مرے اطراف میں بے چہرہ وجود
ان کا کیا نام ہے، یہ لوگ ہیں کن ذاتوں کے

آسمانوں میں وہ مصروف بہت ہے ____ یا پھر
بانجھ ہونے لگے الفاظ مناجاتوں کے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

نم ہیں پلکیں تری اے موجِ ہوا، رات کے ساتھ
کیا تجھے بھی کوئی یاد آتا ہے برسات کے ساتھ

روٹھنے اور منانے کی حدیں ملنے لگیں
چشم پوشی کے سلیقے تھے، شکایات کے ساتھ

تجھ کو کھو کر بھی رہوں خلوت جاں میں تیری
جیت پائی ہے محبت نے عجب مات کے ساتھ

نیند لاتا ہوا، پھر آنکھ کو دکھ دیتا ہوا
تجربے دونوں ہیں وابستہ ترے ہات کے ساتھ

کبھی تنہائی سے محروم نہ رکھا مجھ کو
دوست ہمدرد رہے کتنے، مری ذات کے ساتھ

http://getebooks4free.com

موسم کا عذاب چل رہا ہے
بارش میں گلاب جل رہا ہے

پھر دیدہ و دل کی خیر یا رب!
پھر ذہن میں خواب پل رہا ہے

صحرا کے سفر میں کب ہوں تنہا
ہمراہ سراب چل رہا ہے

آندھی میں دعا کو بھی نہ اٹھا
یوں دست گلاب شل رہا ہے

http://getebooks4free.com

موجوں نے وہ دکھ دیے بدن کو
اب لمس حباب کھل رہا ہے

قرطاس بدن پہ سلوٹیں ہیں
ملبوسِ کتاب گل رہا ہے!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# تمہارا رویہ

تمہارا رویہ

مرے ساتھ ایسا رہا ہے

کہ جو ایک کہنہ سیاسی مدبر کا

کمسن صحافی کے ہمراہ ہوتا ہے ___

ہر حرف اپنے عواقب سے ہشیار

ہر لفظ تولا ہوا

(مسئلہ فقرے بازی میں الجھا ہوا)

کوئی بات ایسی نہ ہو پائے، جو بعد میں

اس کے حق میں

خود اس کی زباں سے چلایا ہوا تیر بن جائے

(اور وہ پشیمان ہو)

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# خود سے ملنے کی فرصت کسے تھی

اپنی پندار کی کرچیاں
چن سکوں گی
شکستہ اڑانوں کے ٹوٹے ہوئے پر سمیٹوں گی
تجھ کو بدن کی اجازت سے رخصت کروں گی
کبھی اپنے بارے میں اتنی خبر ہی نہ رکھی تھی
ورنہ بچھڑنے کی یہ رسم کب کی ادا ہو چکی ہوتی
مرا حوصلہ
اپنے دل پر بہت قبل ہی منکشف ہو گیا ہوتا
لیکن ــــ یہاں
خود سے ملنے کی فرصت کسے تھی!

http://getebooks4free.com

☆

جب ہوا تک یہ کہے نیند کو رخصت جانو
ایسے موسم میں جو خواب آئیں غنیمت جانو

جب تک اس سادہ قبا کو نہیں چھونے پاتی
موجہ رنگ کا پندار سلامت جانو

جس گھروندے میں ہوا آتے ہوئے کترائے
دھوپ آجائے تو یہ اس کی مروت جانو

دشتِ غربت میں جہاں کوئی شناسا بھی نہیں
ابر رک جائے ذرا دیر تو رحمت جانو

منہ پہ چھڑکاؤ ہو، اندر سے جڑیں کاٹی جائیں
اس پہ اصرار، اسے عین محبت جانو

ورنہ یوں طنز کا لہجہ بھی کسے ملتا ہے
ان کا طرزِ سخن خاص عنایت جانو!

# کن رس

یہ جھکی جھکی آنکھیں
یہ رکا رکا لہجہ
لب پہ بار بار آ کے
ٹوٹتا ہوا فقرہ
گرد میں اٹی پلکیں
دھوپ سے تپا چہرہ
سر جھکائے آیا ہے
ایک عمر کا بھولا
دل ہزار کہتا ہے
ہاتھ تھام لوں اس کا
چوم لوں یہ پیشانی
لوٹنے نہ دوں تنہا
کوئی دل سے کہتا ہے
سارے حرف جھوٹے ہیں
اعتبار مت کرنا!
اعتبار مت کرنا!

IqbalCyberLibrary.net All rights reserved. ©2003-2006

http://getebooks4free.com

☆

کیسی بے چہرہ رتیں آئیں وطن میں، اب کے
پھول آنگن میں کھلے ہیں نہ چمن میں، اب کے

برف کے ہاتھ ہی ہاتھ آئیں گے، اے موجِ ہوا
حدتیں مجھ میں، نہ خوشبو کے بدن میں، اب کے

دھوپ کے ہاتھ میں جس طرح کھلے خنجر ہوں
کھردرے لہجوں کی نوکیں ہیں کرن میں، اب کے

دل اسے چاہے جسے عقل نہیں چاہتی ہے
خانہ جنگی ہے عجب ذہن و بدن میں، اب کے

جی یہ چاہے، کوئی پھر توڑ کے رکھ دے مجھ کو
لذتیں ایسی کہاں ہوں گی تھکن میں، اب کے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# بے نسب ورثے کا بوجھ

گہرے پانی کی چادر پہ لیٹی ہوئی جل پری
اپنے آئینۂ تن کی عریانیوں کے تکلم سے نا آشنا
موجۂ زلفِ آب رواں سے لپٹ کر
ہواؤں کی سرگوشیاں سنتے رہنے میں مشغول تھی!
ناگہاں
نیلگوں آسمانوں پر اڑتے ہوئے دیوتا نے
زمیں پر جو دیکھا
تو پرواز ہی بھول بیٹھا
نظر جیسے شل ہو گئی
اڑنا چاہا__ مگر
خواہشِ بے اماں نے بدن میں قیامت میں مچا دی
مگر وصل کیسے ہو ممکن
کہ وہ دیوتا__ آسمانوں کا بیٹا ہوا!
جل پری کا تعلق زمیں سے
سو خواہشوں کے عفریت نے
آسماں اور زمیں کے کہیں درمیاں سرزمینوں کی
مخلوق کا روپ دھارا
بہت کھولتی خواہشوں کے تلاطم سے سرشار نیچے اترنے لگا
جل پری__
اس قدر دودھیا خوشنما ہنس کو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اپنی جانب لپکتے ہوئے دیکھ کر مسکرائی
مگر اس کی یہ مسکراہٹ ہنسی بننے سے قبل ہی چیخ میں ڈھل گئی

اس کا انکار بے سود

وحشت ہراسیمگی، اجنبی پھڑ پھڑاہٹ میں گم ہو گئی

آہ و زاری کے باوصف

مضبوط پر اس کا سارا بدن ڈھک چکے تھے!

اجلی گردن میں وحشت زدہ چونچ اتری چلی جا رہی تھی!

اس کے آنسو

سمندر میں شبنم کی مانند حل ہو گئے!

سسکیاں

تند موجوں کی آواز میں بے صدا ہو گئیں!

ہنس اپنے لہو کی دہکتی ہوئی وحشتیں

نیم بے ہوش خوشبو کے رس سے بجھاتا رہا

اور پھر اپنے پیاسے بدن کے مساموں پہ

بھیگی ہوئی لذتوں کی تھکن اوڑھ کر اڑ گیا!

**جل پری**

گہرے نیلے سمندر کی بیٹی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کیا کیا نہ خواب ہجر کے موسم میں کھو گئے
ہم جاگتے رہے تھے مگر بخت سو گئے

اس نے پیام بھیجے تو رستے میں رہ گئے
ہم نے جو خط لکھے وہ ہوا برد ہو گئے

میں شہرِ گل میں زخم کا چہرہ کسے دکھاؤں
شبنم بدست لوگ تو کانٹے چبھو گئے

آنچل میں پھول لے کے کہاں جا رہی ہوں میں
جو آنے والے لوگ تھے، وہ لوگ تو گئے

کیا جانیے، افق کے ادھر کیا طلسم ہے
لوٹے نہیں زمین پہ، اک بار جو گئے

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

وہ بچپنے کی نیند تو اب خواب ہو گئی
کیا عمر تھی کہ رات ہوئی اور سو گئے!

کیا دکھ تھے، کون جان سکے گا، نگارِ شب!
جو میرے اور تیرے دوپٹے بھگو گئے!

http://getebooks4free.com

ویسے تو کج ادائی کا دکھ کب نہیں سہا
آج اس کی بے رخی نے مگر دل دکھا دیا

موسم مزاج تھا، نہ زمانہ سرشت تھا
میں اب بھی سوچتی ہوں وہ کیسے بدل گیا

دکھ سب کے مشترک تھے مگر حوصلے جدا
کوئی بکھر گیا تو کوئی مسکرا دیا

جھوٹے تھے سارے پھول جو پیڑوں پہ آئے تھے
کوئی شگوفہ بھی تو ثمرور نہیں ہوا

وہ چوٹ کیا ہوئی جو آنسو نہ بن سکی
وہ درد کیا ہوا کہ جو مصرعہ نہ بن سکا

ایسے بھی زخم تھے جو چھپاتے پھرے ہیں ہم
درپیش تھا کسی کے کرم کا معاملہ

آلودۂ سخن بھی نہ ہونے دیا اسے
ایسا بھی دکھ ملا جو کسی سے نہیں کہا

http://getebooks4free.com

تیرا خیال کرکے میں خاموش ہو گئی
ورنہ زبان، خلق سے کیا کیا نہیں سنا

میں جانتی ہوں میری بھلائی اسی میں تھی
لیکن یہ فیصلہ بھی کچھ اچھا نہیں ہوا

میں برگ برگ اس کو نمو بخشتی رہی

http://getebooks4free.com

☆

ڈسنے لگے ہیں خواب مگر کس سے بولیے
میں جانتی تھی، پال رہی ہوں سنپولیے!

بس یہ ہوا کہ اس نے تکلف سے بات کی
اور ہم نے روتے روتے دوپٹے بھگو لیے

پلکوں پہ کچی نیندوں کا رس پھیلتا ہو جب
ایسے میں آنکھ دھوپ کے رخ کیسے کھولیے

تیری برہنہ پائی کے دکھ بانٹتے ہوئے
ہم نے خود اپنے پاؤں میں کانٹے چبھو لیے

میں تیرا نام لے کے تذبذب میں پڑ گئی
سب لوگ اپنے اپنے عزیزوں کو رو لیے!

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved ©2002-2006

http://getebooks4free.com

## بائیسویں صلیب

صبح کے وقت، اذاں سے پہلے
اب سے بائیس سال قبل اُدھر
عمر میں پہلی دفعہ روئی تھی میں
کرب میں ڈوبی ہوئی چیخ کو سن کر مری ماں ہنس دی تھی
مری آواز نے اس کو شاید
اس کے ہونے کا یقیں بخشا تھا
دکھ کے اک لمبے سفر اور اذیت کی کئی راتیں بسر کرنے پر
اس نے تخلیق کے اس نے نئی زندگی پائی تھی جسے
آنسوؤں نے مرے بپتسمہ دیا!

ہر نئے سال کے چوبیس نومبر کی سحر
دکھ کا اک نیا رنگ لے مرے گھر اتری
اور میں ہر رنگ کے شایان سواگت کے لیے
نذر کرتی رہی
کیا کیا تحفے!
کبھی آنگن کی ہری بیلوں کی ٹھنڈی چھایا
کبھی دیوار پہ اگتے ہوئے پھولوں کا بنفشی سایہ
کبھی آنکھوں کا کوئی طفلک معصوم
کبھی خوابوں کا کوئی شہزادہ کہ تھا قاف کا رہنے والا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کبھی نیندوں کے مسلسل کئی موسم

تو کبھی

جاگتے رہنے کی بے انت رتیں!

(رس میں بھیگی ہوئی برسات کا کاجل راتیں

چاندنی کے مچلتی ہوئی پاگل راتیں!)

وقت نے مجھ سے کئی دان لیے

اس کی بانہیں، مری مضبوط پناہیں لے لیں

مجھ تک آتی ہوئی اس سوچ کی راہیں لے لیں

حد تو یہ ہے کہ وہ بے فیض نگاہیں لے لیں

رنگ تو رنگ تھے خوشبوئے حنا تک لے لی

سایہ ابر کا کیا ذکر، ردا تک لے لی

کانپتے ہونٹوں سے موہوم دعا تک لے لی

ہر نئے سال کی اک تازہ صلیب

میرے بے رنگ دریچوں میں گڑی

قرضِ زیبائی طلب کرتی رہی

اور میں تقدیر کی مشاطہ مجبور کی مانند ادھر

اپنے خوابوں سے لہو لے لے کر

دست قاتل کی حنا بندی میں مصروف رہی

اور یہاں تک کہ __ صلیبیں مری قامت سے بڑی ہونے لگیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ہاں کبھی نرم ہوا نے بھی دریچوں پہ مرے، دستک دی
اور خوشبو نے مرے کان میں سرگوشی کی
رنگ نے کھیل رچانے کو کہا بھی، لیکن
میرے اندر کی یہ تنہا لڑکی
رنگ وخوشبو کی سکھی بن نہ سکی
ہر نئی سالگرہ کی شمعیں
میرے ہونٹوں کی بجائے
شام کی سرد ہوا نے گُل کیں
اور میں جاتی ہوئی رت کے شجر کی مانند
تن تنہا و تہی دست کھڑی
اپنے ویران کواڑوں سے ٹکائے سر کو
خود کو تقسیم کے نادیدہ عمل میں سے گزرتے ہوئے بس دیکھا کی!

آج اکیس صلیبوں کو لہو دے خیال آتا ہے
اپنے بائیسویں مہمان کی کس طرح پذیرائی کروں
آج تو آنکھ میں آنسو بھی نہیں!
ماں کی خاموش کی نگاہیں
مرے اندر کے شجر میں کسی کونپل کی مہک ڈھونڈتی ہیں
اپنے ہونے سے مرے ہونے کی مربوط حقیقت کا سفر چاہتی ہیں
خالی سیپی سے گہر مانگتی ہیں!
میں تو موتی کے لیے گہرے سمندر میں اترنے کو بھی راضی ہوں، مگر

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ایسی برسات کہاں سے لاؤں

جو مری روح کو چتسمہ دے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

یاد کیا آئی کہ روشن ہو گئے آنسو کے گھر
جنگلوں میں شام اتری جل اٹھے جگنو کے گھر

رات کی رانی کا آنچل تھام کر چلتی ہوں میں
آج کی شب زندگی مہماں ہوئی خوشبو کے گھر

رات میں بھیگے ہوئے جنگل کا منظر دیکھنے
شب گزیدہ لوگ کیسے جائیں گے جگنو کے گھر

کیا عجب جو سر کٹے لوگوں کی پرچھائیں ملیں
شہر میں کھلنے لگے ہیں جابجا جادو کے گھر

تجھ میں خواہش تھی کہ گہری رات کا تارہ بنے
آ، کہ اب پہلے سی بھی تاریکی ہیں گیسو کے گھر

پہلے یہ منظر پڑھا تھا صرف، اب دیکھا بھی ہے
بانسری بجتی رہی، جلتے رہے نیرو کے گھر!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

درد پھر جاگا، پرانا زخم پھر تازہ ہوا
فصلِ گُل کتنے قریب آئی ہے اندازہ ہوا

صبح یوں نکلی، سنور کے جس طرح کوئی دلہن
شبنم آویزہ ہوئی، رنگِ شفق غازہ ہوا

ہاتھ میرے بھول بیٹھے دستکیں دینے کا فن
بند مجھ پر جب سے اس کے گھر کا دروازہ ہوا

ریل کی سیٹی میں کیسے ہجر کی تمہید تھی
اس کو رخصت کر کے گھر لوٹے تو اندازہ ہوا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# امر

ہم میں بھی نہیں وہ روشنی اب
اور تم بھی تمام جل بجھے ہو
دونوں سے بچھڑ گئی ہیں کرنیں
ویران ہیں شہرِ دل کی راتیں
اب خواب ہیں چاندنی کی باتیں
جنگل میں ٹھہر گئی ہیں شامیں!
لیکن
یہ جو دفعتاً ادھر سے گزرے
گل مہر شاخ کو ہٹا کر
ابھرا ہے افق پہ چاند میرا
اس چاند کا حسن تو وہی ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

یاد کیا آئیں گے وہ لوگ جو آئے نہ گئے
کیا پذیرائی ہو ان کی جو بلائے نہ گئے

اب وہ نیندوں کا اجڑنا تو نہیں دیکھیں گے
وہی اچھے تھے جنہیں خواب دکھائے نہ گئے

رات بھر میں نے کھلی آنکھوں سے سپنا دیکھا
رنگ وہ پھیلے کہ نیندوں سے چرائے نہ گئے

بارشیں رقص میں تھیں اور زمیں ساکت تھی
عام تھا فیض مگر رنگ کمائے نہ گئے

پر سمیٹے ہوئے شاخوں میں پرندے آکر
ایسے سوئے کہ ہوا سے بھی جگائے نہ گئے

تیز بارش ہو، گھنا پیڑ ہو، اک لڑکی ہو
ایسے منظر کبھی شہروں میں تو پائے نہ گئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

روشنی آنکھ نے پی اور سر مژگانِ خیال
چاند وہ چمکے کہ سورج سے بجھائے نہ گئے!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

گلاب ہاتھ میں ہو، آنکھ میں ستارہ ہو
کوئی وجود محبت کا استعارہ ہو

میں گہرے پانی کی اس رو کے ساتھ بہتی رہوں
جزیرہ ہو کہ مقابل کوئی کنارہ ہو

کبھی کبھار اسے دیکھ لیں، کہیں مل لیں
یہ کب کہا تھا کہ وہ خوش بدن ہمارا ہو

قصور ہو تو ہمارے حساب میں لکھ جائے
محبتوں میں جو احسان ہو تمہارا ہو

یہ اتنی رات گئے کون دستکیں دے گا
کہیں ہوا کا ہی اس نے نہ روپ دھارا ہو

افق تو کیا ہے، در کہکشاں بھی چھو آئیں
مسافروں کو اگر چاند کا اشارا ہو

میں اپنے حصے کے سکھ جس کے نام کر ڈالوں
کوئی تو ہو جو مجھے اس طرح کا پیارا ہو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اگر وجود میں آہنگ ہے تو وصل بھی ہے
میں چاہے نظم کا ٹکڑا، وہ نثر پارہ ہو!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

نیم خوابی کا فسوں ٹوٹ رہا ہو جیسے
آنکھ کا نیند سے دل چھوٹ رہا ہو جیسے

رنگ پھیلا تھا لہو میں نہ ستارہ چمکا
اب کے ہر لمس ترا جھوٹ رہا ہو جیسے

پھر شفق رنگ ہوئی کوچہ جاناں کی زمیں
آبلہ پاؤں کا پھر پھوٹ رہا ہو جیسے

[illegible]

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# کرنوں کے قدم

خوش پوش مسافروں کے آگے
ننھا سا وہ کم سن بچہ
کس شانِ انا سے چل رہا تھا
سورج کی تمازتوں کے باوصف
سائے کی تلاش تھی______ نہ اس کو
درکار تھیں نقرئی پناہیں
جبینوں پہ نگاہ تھی نہ رخ پر
سکوں سے وہ بے نیاز آنکھیں
کچھ اور ہی ڈھونڈنے چلی تھیں
اس کو تو مسافروں سے بڑھ کر
سایوں سے لگاؤ ہو گیا تھا
اپنے نئے کھیل میں مگن وہ
لوگوں کے بہت قریب جا کر

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کس نے اسے گنتیاں سکھائیں
جس نے کبھی زندگی میں اپنی
اسکول کی شکل تک نہ دیکھی
استاد کا نام تک نہ جانا

سچ یہ ہے کہ سورجوں کو چاہے
بادل کے کفن بھی دے کے رکھیں
کب روشنیاں ہوئی ہیں زنجیر!
تنویر کا ہاتھ کس نے تھاما!
کرنوں کے قدم کہاں رکے ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

ہوا کی دھن پر بن کی ڈالی ڈالی گائے
کوئل کوکے، جنگل کی ہریالی گائے

رُت وہ ہے جب کونپل کی خوشبو سُر مانگے
پُروا کے ہمراہ عمریا بالی گائے

مورنی بن کر پروا سنگ میں جب بھی ناچوں
پروا بھی بن میں ہو کر متوالی گائے

رات گئے میں بندیا کھوجنے جب بھی نکلوں
کنگن کھنکے اور کانوں کی بالی گائے

رنگ منایا جائے، خوشبو کھیلی جائے
پھول ہنسیں، پتّے ناچیں اور مالی گائے

میرے بدن کارواں رواں اس میں بھیگے
رات نشے میں اور ہوا بھوپالی گائے

سجے ہوئے ہیں پلکوں پر خوشرنگ دیے سے
آنکھ ستاروں کی چھاؤں دیوالی گائے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ہوا کے سنگ چلے رہ رہ کے لے ہنسی کی
جیسے دریا پار کوئی بھٹیالی گائے

ساجن کا اصرار کہ ہم تو گیت سنیں گے
گوری چپ ہے لیکن منہ کی لالی گائے

منہ سے نہ بولے، نین مگر مسکاتے جائیں
اجلی دھوپ نہ بولے، رینا کالی گائے

دھانی بانکیں جب بھی سہاگن کو پہنائے
شوخ سروں میں کیا کیا چوڑی والی گائے

محنت کی سندرتا کھیتوں میں پھیلی ہے
نرم ہوا کی دھن پر دھان کی بالی گائے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# مورنی

بارش نے
جب سے مجھ کو پازیب پہنائی ہے
میں رقص میں ہوں
اور اتنی خوش ہوں
اپنے پاؤں کی بدرنگی کو
دیکھ دیکھ کے بھول رہی ہوں
پر پھیلائے
بھیگے جنگل میں مسلسل ناچ رہی ہوں!

www.IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

نظر کی تیزی میں ہلکی ہنسی کی آمیزش
ذرا سی دھوپ میں کچھ چاندنی کی آمیزش

یہی تو وجہِ شکستِ وفا ہوئی میری
خلوصِ عشق میں سادہ دلی کی آمیزش

مرے لیے ترے الطاف کی وہ اجلی رت
عذابِ مرگ میں تھی زندگی کی آمیزش

وہ چاند بن کے مرے جسم میں پگھلتا رہا
لہو میں ہوتی گئی روشنی کی آمیزش

یہ کون بن میں بھٹکتا تھا جس کے نام پہ ہے
ہوائے دشت میں آشفتگی کی آمیزش

زمیں کے چہرے پہ بارش کے پہلے پیار کے بعد
خوشی کے ساتھ تھی حیرانگی کی آمیزش

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

سمندروں کی طرح مری آنکھ ساکت ہے
مگر سکوت میں کس بے کلی کی آمیزش

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

# موسم

چڑیا پوری بھیگ چکی ہے
اور درخت بھی پتہ پتہ ٹپک رہا ہے
گھونسلا کب کا بکھر چکا ہے
چڑیا پھر بھی چہک رہی ہے
انگ انگ سے بول رہی ہے
اس موسم میں بھیگتے رہنا کتنا اچھا لگتا ہے!

IqbalCyberLibrary.net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

خوشبو ہے وہ تو چھو کے بدن کو گزر نہ جائے
جب تک مرے وجود کے اندر اتر نہ جائے

خود پھول نے بھی ہونٹ کیے اپنے نیم وا
چوری تمام رنگ کی، تتلی کے سر نہ جائے

ایسا نہ ہو کہ لمس بدن کی سزا بنے
جی پھول کا، ہوا کی محبت سے بھر نہ جائے

اس خوف سے وہ ساتھ نبھانے حق میں ہے
کھو کر مجھے یہ لڑکی کہیں دکھ سے مر نہ جائے

شدت کی نفرتوں میں سدا جس نے سانس لی
شدت کا پیار پا کے خلا میں بکھر نہ جائے

[illegible]

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میں کس کے ہاتھ بھیجوں اسے آج کی دعا

قاصد، ہوا، ستارہ، کوئی اس گھر نہ جائے

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

رنگ، خوشبو میں اگر حل ہو جائے
وصل کا خواب مکمل ہو جائے

چاند کا چوما ہوا سرخ گلاب
تیتری دیکھے تو پاگل ہو جائے

میں اندھیروں کو اجالوں ایسے
تیرگی آنکھ کا کاجل ہو جائے

دوش پر بارشیں لے کے گھومیں
میں ہوا اور وہ بادل ہو جائے

نرم سبزے پہ ذرا جھک کے چلے
شبنمی رات کا آنچل ہو جائے

عمر بھر تھامے رہے خوشبو کو
پھول کا ہاتھ مگر شل ہو جائے

چڑیا پتوں میں سمٹ کر سوئے
پیڑ یوں پھیلے کہ جنگل ہو جائے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# پہرے

پسِ شہرِ گل
سرخ پتھر کی دیوار پر
آکے موجِ صبا
عمر بھر دستکیں دے تو کیا
صرف یہ ہے کہ ہاتھ اس کے تھک جائیں گے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# اتنا دھیان میں رکھنا

اجلے آج کی سچائی کو
میلی کل کی دھندلاہٹ میں
کیا اوروں کی صورت تم بھی پرکھو گے؟
خیر__ تمہاری مرضی
لیکن اتنا دھیان میں رکھنا
سورج پر بھی رات کی ہم آغوشی کا الزام رہا ہے!

http://getebooks4free.com

# مجبوری

ہوائیں
دستکوں میں میرا نام لے رہی ہیں
میں، کواڑ کیسے کھولوں
میرے دونوں ہاتھ پشت کی طرف بندھے ہوئے ہیں

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# تعبیر

سیہ راتوں کے آگے سرخرو ہوں
چاند سے آنکھیں ملا کر بات کرتی ہوں
کہ میں نے عمر میں دیکھا ہے پہلی بار یہ منظر
مری نیندیں مرے خوابوں کے آگے سر اٹھا کر چل رہی ہیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# واٹرلو

اس کے کنول ہاتھوں کی خوشبو
کتنی سبز آنکھوں نے پینے کی خواہش کی تھی
کتنے چمکیلے بالوں نے
چھوئے جانے کی آس میں خود کو کیسا کیسا بکھرایا تھا
کتنے پھول اگانے والے پاؤں
اس کی راہ میں اپنی آنکھیں بچھائے پھرتے تھے
لیکن وہ ہر خواب کے ہاتھ جھٹکتی ہوئی
جنگل کی مغرور ہوا کی صورت
اپنی دھن میں اڑتی پھرتی
آج _ مگر
سورج نے کھڑکی سے جھانکا
تو اس کی آنکھیں پلکیں جھپکنا بھول گئیں
وہ مغرور سی، تیکھی لڑکی
عام سی آنکھوں، عام سے بالوں والے
اک اکھڑ پردیسی کے آگے
دوزانو بیٹھی
اس کے بوٹ کے تسمے باندھ رہی تھی!

http://getebooks4free.com

# نئی رات

گہن کو اپنے تن کا نوشتہ جان کے، میں نے
روشنیوں سے سارے ناطے توڑ لیے تھے
رات کو اپنی سکھی مان کے
اپنے سارے دکھ بس اس سے کہہ کے
جی ہلکا کر لیتی تھی
شام ڈھلے، تنہائی کے بازو پر سر رکھے سو جاتی
اور نیندوں کے بے آباد جزیروں میں تنہا
اک تھکی ہوئی خوشبو کی طرح بھٹکا کرتی!

آج بھی میں تنہا ہوں سفر میں
لیکن خود سے پوچھ رہی ہوں
میرے وجود کے گرد یہ کیسا ہالہ ہے!
یوں لگتا ہے
چادرِ شب شانوں سے سرکتی جاتی ہے
چاند مرے آنچل میں ستارے ٹانک رہا ہے!

اپنی ہی صدا سنوں کہاں تک
جنگل کی ہوا رہوں کہاں تک

ہر بار ہوا نہ ہو گی در پہ
ہر بار مگر اٹھوں کہاں تک

دم گھٹتا ہے گھر میں حبس وہ ہے
خوشبو کے لئے اپنے رفو کروں کہاں تک

ساحل پہ سمندروں سے بچ کر
میں نام ترا لکھوں کہاں تک

تنہائی کا ایک ایک لمحہ
ہنگاموں سے قرض لوں کہاں تک

گر لمس نہیں تو لفظ ہی بھیج
میں تجھ سے جدا رہوں کہاں تک

سکھ سے بھی تو دوستی کبھی ہو
دکھ سے ہی گلے ملوں کہاں تک

http://getebooks4free.com

منسوب ہو ہر کرن کسی سے
اپنے ہی لئے جلوں کہاں تک

آنچل مرے بھر کے پھٹ رہے ہیں
پھول اس کے لئے چنوں کہاں تک

http://getebooks4free.com

کیسے چھوڑیں اسے تنہائی پر
حرف آتا ہے مسیحائی پر

اس کی شہرت بھی تو پھیلی ہر سو
پیار آنے لگا سودائی پر

ٹھہرتی ہی نہیں آنکھیں جاناں!
تیری تصویر کی زیبائی پر
رشک آیا ہے بہت حسن کو بھی
قامت عشق کی رعنائی پر

سطح سے دیکھ کے اندازے لگیں
آنکھ جاتی نہیں گہرائی پر

ذکر آئے گا جہاں بھنوروں کا
بات ہو گی مرے ہرجائی پر

خود کو خوشبو کے حوالے کر دیں
پھول کی طرزِ پذیرائی پر

http://getebooks4free.com

☆

دشمن ہے اور ساتھ رہے جان کی طرح
مجھ میں اتر گیا ہے وہ سرطان کی طرح

جکڑے ہوئے ہے تن کو مرے اس کی آرزو
پھیلا ہوا جال سا شریان کی طرح

دیوار و در نے جس کے لیے ہجر کاٹے تھے
آیا تھا چند روز کو مہمان کی طرح

دکھ کی رتوں میں پیڑ نے تنہا سفر کیا

http://getebooks4free.com

ق

ڈوبا ہوا ہے حسنِ سخن میں سکوت، شب
تارِ رباب روح میں کلیاں کی طرح

آہنگ کے جمال میں انجیل کی دعا
نرمی میں اپنی، سورۂ رحمان کی طرح

☆

سناٹا فضا میں بہہ رہا ہے
دکھ اپنے ہوا سے کہہ رہا ہے

برفیلی ہوا میں تن شجر کا
ہونے کا عذاب سہہ رہا ہے

باہر سے نئی سفیدیاں ہیں
اندر سے مکان ڈھ رہا ہے

حل ہوگیا خون میں کچھ ایسے
رگ رگ میں وہ نام بہہ رہا ہے

جنگل سے ڈرا ہوا پرندہ
شہروں کے قریب رہ رہا ہے

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

چھونے سے قبل رنگ کے پیکر پگھل گئے
مٹھی میں آ نہ پائے کے جگنو نکل گئے

پھیلے ہوئے تھے جاگتی نیندوں کے سلسلے
آنکھیں کھلیں تو رات کے منظر بدل گئے

کب حدت گلاب پہ حرف آنے پائے گا
تتلی کے پر اڑان کی گرمی سے جل گئے

آگے تو صرف ریت کے دیا دکھائی دیں
کن بستیوں کی سمت مسافر نکل گئے

پھر چاندنی کے دام میں آنے کو تھے گلاب
صد شکر نیند کھونے سے پہلے سنبھل گئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کیسے چھوڑیں اسے تنہائی پر
حرف آتا ہے مسیحائی پر

اس کی شہرت بھی تو پھیلی ہر سو
پیار آنے لگا رسوائی پر

ٹھہرتی ہی نہیں آنکھیں جاناں!
تیری تصویر کی زیبائی پر

رشک آیا ہے بہت حسن کو بھی
قامت عشق کی رعنائی پر

سطح سے دیکھ کے اندازے لگیں
آنکھ جاتی نہیں گہرائی پر

ذکر آئے گا جہاں بھنوروں کا
بات ہو گی مرے ہرجائی کی

خود کو خوشبو کے حوالے کر دیں
پھول کی طرز پذیرائی پر

http://getebooks4free.com

☆

چہرہ نہ دکھا، صدا سنا دے
جینے کا ذرا تو حوصلہ دے

دکھلا کسی طور اپنی صورت
آنکھوں کو مزید مت سزا دے

چھو کر مری سوچ ___ میرے تن میں
بیلیں ہرے رنگ کی اگا دے

جاناں! نہ خیال دوستی کر
دے زہر جو اب تو تیز سا دے

شدت ہے مزاج میرے خوں کا

http://getebooks4free.com

سوئی ہے ابھی تو جا کے شبنم
ایسا نہ ہو موج گل اٹھا دے

چکھوں ممنوعہ ذائقے بھی
دل! سانپ سے دوستی بڑھا دے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# آج کی رات

نیند پلکوں کی جھالر کو چھوتی ہوئی
اوس میں اپنا آنچل بھگو کے
مرے دکھتے ماتھے پہ رکھنے چلی ہے
مگر_ آنکھ اور ذہن کے درمیاں
آج کی شب وہ کانٹے بچھے ہیں
جو نیندوں کے آہستہ رو، پھول پاؤں بھی چلنے سے معذور ہیں
ہر بن مو میں اک آنکھ اگ آئی ہے
جس کی پلکیں نکلنے سے پہلے کہیں جھڑ چکی ہیں

اور اب، رات بھر
روشنی اور کھلی آنکھ کے درمیاں
نیند مصلوب ہوتی رہے گی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

دستِ شب پر دکھائی کیا دیں گی
سلوٹیں روشنی میں ابھریں گی

گھر کی دیواریں میرے جانے پر
اپنی تنہائیوں کو سوچیں گی

انگلیوں کو تراش دوں پھر بھی
عادتاً اس کا نام لکھیں گی

رنگ و بو سے کہیں پناہ نہیں
خواہشیں بھی کہاں اماں دیں گی

ایک خوشبو سے بچ بھی جاؤں اگر
دوسری نکہتیں جکڑ لیں گی

خواب میں تتلیاں پکڑنے کو
نیندیں بچوں کی طرح دوڑیں گی

کھڑکیوں پر دبیز پردے ہوں
بارشیں پھر بھی دستکیں دیں گی!

http://getebooks4free.com

☆

ذرے سرکش ہوئے کہنے میں ہوائیں بھی نہیں
آسمانوں پہ کہیں تنگ نہ ہو جائے زمیں

آ کے دیوار پہ بیٹھی تھیں کہ پھر اڑ نہ سکیں
تتلیاں بانجھ مناظر میں نظر بند ہوئیں

پیڑ کی سانسوں میں چڑیا کا بدن کھنچتا گیا
نبض رکتی گئی، شاخوں کی رگیں کھلتی گئیں

ٹوٹ کر اپنی اڑانوں سے پرندے آئے
سانپ کی آنکھیں، درختوں پہ بھی اب اگنے لگیں

شاخ در شاخ الجھتی ہیں رگیں پیروں کی

# نیا دکھ

یہ دکھ جو برف کا طوفان بن کے آیا ہے
پہاڑ والوں پہ کیسے عذاب لایا ہے

یہ زندہ رہنے کی خاطر، اجازتوں کا دکھ
بطور قرض کے حاصل، محبتوں کا دکھ

یہ غم کی رات کی دہلیز اپنا گھر ہو گی
تمام عالم امکاں میں جب سحر ہو گی

http://getebooks4free.com

☆

وہ جس سے رہا آج تک آواز کا رشتہ
بھیجے مری سوچوں کو اب الفاظ کا رشتہ

تتلی سے مرا پیار کچھ ایسے بھی بڑھا ہے
دونوں میں رہا لذت پرواز کا رشتہ

سب لڑکیاں اک دوسرے کو جان رہی ہیں
یوں عام ہوا مسلک شہناز کا رشتہ

راتوں کی ہوا اور مرے تن کی مہک میں
مشترکہ ہوا اک در کم باز کا رشتہ

تتلی کے لبوں اور گلابوں کے بدن میں
رہتا ہے سدا چھوٹے سے اک راز کا رشتہ

ملنے سے گریزاں ہیں، نہ ملنے پہ خفا بھی
دم توڑتی چاہت ہے کس انداز کا رشتہ!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

حلقہ رنگ سے باہر دیکھوں
خود کو خوشبو میں سمو کر دیکھوں

اس کو بینائی کے اندر دیکھوں
عمر بھر دیکھوں کہ پل بھر دیکھوں

کس کی نیندوں کے چرا لائی رنگ
موجہ زلف کو چھو کر دیکھوں

زرد برگد کے اکیلے پن میں
اپنی تنہائی کے منظر دیکھوں

موت کا ذائقہ لکھنے کے لئے
چند لمحوں کو ذرا مر دیکھوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کیسے کیسے تھے جزیرے خواب میں
بہہ گئے سب نیند کے سیلاب میں

لڑکیاں بیٹھی تھیں پاؤں ڈال کر
روشنی سی ہو گئی تالاب میں

جکڑے جانے کی تمنا تیز تھی
آ گئے پھر حلقۂ گرداب میں

ڈوبتے سورج کی نارنجی تھکن
تیرتی ہے دیدہ خوناب میں

وہ تو میرے سامنے بیٹھا تھا ______ پھر
کس کا چہرہ نقش تھا مہتاب میں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# مشترکہ دشمن کی بیٹی

ننھے سے اک چینی ریستوران کے اندر
میں اور میری نیشنلسٹ کولیگز
کیٹس کی نظموں جیسے دلآ ویز دھندلکے میں بیٹھی
سوپ کے پیالے سے اُٹھتی، خوش لمس مہک کو
تن کی سیرابی میں بدلتا دیکھ رہی تھیں
باتیں۔ہوا نہیں پڑھ سکتی۔تاج محل۔میسور کے ریشم
اور بنارس کی ساری کے ذکر سے جھلمل کرتی
پاک و ہند سیاست تک آ نکلیں
پینسٹھ۔اس کے بعد اکہتر ___ جنگی قیدی ___
امرتسر کا ٹی وی ___
پاکستانی کلچر، محاذ نو ___ خطرے کی گھنٹی............

میری جوشیلی کولیگز
اس حملے پر بہت خفا تھیں
میں کچھ کہنا چاہا تو
ان کے منہ یوں بگڑ گئے تھے
جیسے سوپ کے بدلے انہیں کونین کا رس پینے کو ملا ہو
ریستوران کے مالک کی ہنس مکھ بیوی بھی
میری طرف شاکی نظروں سے دیکھ رہی تھی
(شاید سنہ باسٹھ کا کوئی تیر ابھی تک اس کے دل میں ترازو تھا!)

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

ریستوران کے نروز میں جیسے

ہائی بلڈ پریشر انساں کے جسم کی جیسی جھلاہٹ در آئی تھی

یہ کیفیت کچھ لمحے رہتی

تو ہمارے ذہنوں کی شریانیں پھٹ جاتیں

لیکن اس پل، آرکسٹرا خاموش ہوا

اور لتا کی رس ٹپکاتی، شہد آگیں آواز، کچھ ایسے ابھری

جیسے حبس زدہ کمرے میں

دریا کے رخ والی کھڑکی کھلنے لگی ہو!

میں دیکھا

جسموں اور چہروں کے تناؤ پہ

ان دیکھے ہاتھوں کی ٹھنڈک

پیار کی شبنم چھڑک رہی تھی

مسخ شدہ چہرے جیسے پھر سنور رہے تھے

میری نیشنلسٹ کولیگز

ہاتھوں کے پیالوں میں اپنی ٹھوڑیاں رکھے

ساکت و جامد بیٹھی تھیں

گیت کا جادو بول تھا!

میز کے نیچے

ریستوران کے مالک کی ہنس مکھ بیوی کے

نرم گلابی پاؤں بھی

گیت کی ہمراہی میں تھرک رہے تھے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

مشترکہ دشمن کی بیٹی

مشترکہ محبوب کی صورت

اجلے ریشم لمحوں کی بانہیں پھیلائے

ہمیں سمیٹے

ناچ رہی تھی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے
موسم کے ہاتھ بھیگ کے سفاک ہو گئے

بادل کو کیا خبر ہے کہ بارش کی چاہ میں
کیسے بلند و بالا شجر خاک ہو گئے

جگنو کو دن کے وقت پرکھنے کی ضد کریں
بچے ہمارے عہد کے چالاک ہو گئے

لہرا رہی ہے برف کی چادر ہٹا کے گھاس
سورج کی شہ پہ تنکے بھی بے باک ہو گئے

بستی میں جتنے آب گزیدہ تھے سب کے سب
دریا کے رخ بدلتے ہی تیراک ہو گئے

سورج دماغ لوگ بھی ابلاغ فکر میں
زلف شب فراق کے پیچاک ہو گئے

جب بھی غریب شہر سے کچھ گفتگو ہوئی
لہجے ہوائے شام کے نمناک ہو گئے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ناٹک

رت بدلی تو بھنوروں نے تتلی سے کہا

آج سے تم آزاد ہو

پروازکی ساری سمتیں تمہارے نام ہوئیں

جاؤ

جنگل کی مغرور ہوا کے ساتھ اڑو

بادل کے ہمراہ ستارے چھو آؤ

خوشبو کے بازو تھامو اور رقص کرو

رقص کرو

کہ اس موسم کے سورج کی کرنوں کا

تاج تمہارے سر ہے

لہراؤ

کہ ان راتوں کا چاند، تمہاری پیشانی پر اپنے ہاتھ سے دعا لکھے گا

گاؤ

ان لمحوں کی ہوائیں تم کو، تمہارے گیتوں پر سنگت دیں گی

پتے کرڑے بجائیں گے

اور پھولوں کے ہاتھوں میں دف ہوگا!

تتلی، معصومانہ حیرت سے سرشار

سیہ شاخوں کے حلقے سے نکلی

صدیوں کے جکڑے ہوئے ریشم پر پھیلائے۔ اور اڑنے لگی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کھلی فضا کا ذائقہ چکھا

نرم ہوا کا گیت سنا

ان دیکھے کہساروں کی قامت ناپی

روشنیوں کا لمس پیا

خوشبو کے ہر رنگ کو چھو کر دیکھا

لیکن رنگ، ہوا اور خوشبو کا وجدان ادھورا تھا

کہ رقص کا موسم ٹھہر گیا

رت بدلی

اور سورج کی کرنوں کا تاج پگھلنے لگا

چاند کے ہاتھ، دعا کے حرف ہی بھول گئے

ہوا کے لب پر فیلے سموں میں نیلے پڑ کر اپنی صدائیں کھو بیٹھے

پتوں کی بانہوں کے سر بے رنگ ہوئے

اور تمہارہ گئے پھول کے ہاتھ

برف کی لہر کے ہاتھوں، تتلی کو لوٹ آنے کا پیغام گیا

بھنورے شبنم کی زنجیریں لے کر دوڑے

اور بے چین پروں میں ان چکھی پروازوں کی آشفتہ پیاس جلادی

اپنے کالے ناخنوں سے

تتلی کے پر نوچ کے بولے ___

احمق لڑکی

گھر واپس آ جاؤ

ناٹک ختم ہوا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

خوشبو کی ترتیب، ہوا کے رقص میں ہے
میری نمو، میرے ہی جیسے شخص میں ہے

وہ میرا تن چھوئے من میں شعر اگائے
پیڑ کی ہریالی بارش کے لمس میں ہے

سوچ کا رشتہ سانس سے ٹوٹا جاتا ہے
لو سے زیادہ جبر فضا کے حبس میں ہے

دن میں کیسی لگتی ہو گی، سوچتی ہوں
ندی کا سارا حسن تو چاند کے عکس میں ہے

میری اچھائی تو سب کو اچھی لگی
اس کے پیار کا مرکز میرے نقص میں ہے

ایسی خالی نسل کے خواب ہی کیا ہوں گے
جس کی نیند کا سر چشمہ تک چرس میں ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# جنم

اب کے دیوالی، !
اس کے گھر بھی
میرے نام کا دیا جلا
جو اپنے دروازوں پر، میری دستک کو
ہوا شور سمجھتا تھا
ملن کی رُت کو برہ کی بھور سمجھتا تھا
سپنے تک میں چھو کر مجھ کو
خود کو چور سمجھتا تھا
چور نے مور کا جنم لیا ہے
سچی ہار کے سندر بن میں ناچ رہا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کیا ڈوبتے ہوؤں کی صدائیں سمیٹتیں
سیلاب کی ساعتیں، آندھی کو رہن تھیں

کائی کی طرح لاشیں چٹانوں پہ اُگ گئیں
زرخیزیوں سے اپنی پریشان تھی زمیں

پیڑوں کا ظرف وہ کہ جڑیں تک نکال دیں
پانی کی پیاس ایسی کہ بجھتی نہ تھی کہیں

بچوں کے خواب پی کے بھی حلقوم خشک تھے
دریا کی تشنگی میں بڑی وحشتیں رہیں

بارش کے ہاتھ چنتے رہے بستیوں سے خواب
نیندیں ہوائے تند کی موجوں کو بھا گئیں

ملبے سے ہر مکان کے نکلے ہوئے تھے ہاتھ
آندھی کو تھامنے کی بڑی کوششیں ہوئیں

تعویز والے ہاتھ مگرمچھ کے پاس تھے
تہہ سے دعا لکھی ہوئی پیشانیاں ملیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

موجوں کے ساتھ سانپ بھی پھنکارنے لگے
جنگل کی وحشتیں بھی سمندر میں مل گئیں

بس رقص پانیوں کا تھا وحشت کے راگ پر
دریا کو سب دھنیں تو ہواؤں نے لکھ کے دیں!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

سما کے ابر میں، برسات کی امنگ میں ہوں
ہوا میں جذب ہوں، خوشبو کے انگ انگ میں ہوں

فضا میں تیر رہی ہوں، صدا کے رنگ میں ہوں
لہو سے پوچھ رہی ہوں، یہ کس ترنگ میں ہوں

دھنک اترتی نہیں میرے خون میں جب تک
میں اپنے جسم کی نیلی رگوں سے جنگ میں ہوں

بہار نے میری آنکھوں پہ پھول باندھ دیے!
رہائی پاؤں تو کیسے، حصار رنگ میں ہوں

کھلی فضا ہے، کھلا آسماں بھی سامنے ہے
مگر یہ ڈر نہیں جاتا، ابھی سرنگ میں ہوں

ہوا گزیدہ بنفشے کے پھول کی مانند
پناہ رنگ سے بچ کر، پناہ سنگ میں ہوں

صدف میں اتروں تو پھر میں گہر بھی بن جاؤں
صدف سے پہلے مگر حلقہ نہنگ میں ہوں

http://getebooks4free.com

# نارسائی

تتلیاں
فصیلِ شب عبور کر کے
میری کورکوکھ کے لیے
پروں میں رنگ، آنکھ میں کرن لیے
کلائیوں سے ہو کے اب ہتھیلیوں تک آ گئیں
مگر
مری تمام انگلیاں کٹی ہوئی ہیں

http://getebooks4free.com

☆

رات کے زہر سے رسیلے ہیں
صبح کے ہونٹ کتنے نیلے ہیں

ریت پر تیرتے جزیرے ملیں
پانیوں پر ہوا کے ٹیلے ہیں

ریزگی کا عذاب سہنا ہے
خوف سے سارے پیڑ پیلے ہیں

ہجر، سناٹا، پچھلے پہر کا چاند
خود سے ملنے کے کچھ وسیلے ہیں

دستِ خوشبو کرے مسیحائی
ناخنِ گل نے زخم چھیلے ہیں

عشق سورج سے وہ بھی فرمائیں
جو شب تار کے رکھیلے ہیں

خوشبوئیں پھر بچھڑ نہ جائیں کہیں
ابھی آنچل ہوا کے گیلے ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

کھڑکی دریا کے رخ پہ جب سے کھلی
فرش کمروں کے سیلے سیلے ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

زمیں کے حلقے سے نکلا تو چاند پچھتایا
کشش بچھانے لگا ہے ہر اگلا سیارہ

میں پانیوں کی مسافر، وہ آسمانوں کا
کہیں سے ربط بڑھائیں کہ درمیاں ہے خلا

بچھڑتے وقت دلوں کو اگرچہ دکھ تو ہوا
کھلی فضا مگر سانس لینا اچھا لگا

جو صرف روح تھا فرقت میں بھی، وصال میں بھی
اسے بدن کے اثر سے رہا تو ہونا تھا

گئے دنوں میں جو تھا ذہن و جسم کی لذت
وہی وصال طبیعت کا جبر بننے لگا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

میں جگنوؤں کی طرح رات بھر کا چاند ہوئی
ذرا سی دھوپ نکل آئی اور ماند ہوئی

حدودِ رقص سے آگے نکل گئی تھی کبھی
سو مورنی کی طرح عمر بھر کو راند ہوئی

مہِ تمام، ابھی چھت پہ کون آیا تھا
کہ جس کے آگے تری روشنی بھی ماند ہوئی

ٹکے کا چارہ نہ گیاں کو زندگی میں دیا
جو مر گئی ہے تو سونے کے مول ناند ہوئی

نہ پوچھ کیوں اسے جنگل کی رات اچھی لگی
وہ لڑکی جو کہ کبھی تیرے گھر کا چاند ہوئی

http://getebooks4free.com

# وہ صورت آشنا میرا

میں اس کے سامنے
چپ رہ کے بھی یوں بات کرتی ہوں
کہ آنکھوں کا کوئی حرف بدن نا آشنا
آلودہ پیکر نہیں ہوتا
ہوا کی لہر پر جب گفتگو ہو
خواہ موسم پہ مرا اظہار ہو
یا ٹیلی وژن پر
وہ میرے لحہ موجود کا دکھ جان لیتا ہے
مجھے پہچان لیتا ہے
مری ہر بات کا چہرہ چھو کر، دیکھنے پر بھی
وہ صورت آشنا میرا
مرے لہجوں کے پس منظر سمجھتا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

اب کون سے موسم سے کوئی آس لگائے
برسات میں بھی یاد نہ جب ان کو ہم آئے

مٹی کی مہک سانس کی خوشبو میں اتر کر
بھیگے ہوئے سبزے کی ترائی میں بلائے

دریا کی موج میں آئی ہوئی برکھا
زردائی ہوئی رت کو ہرا رنگ پلائے

بوندوں کی چھماچھم سے بدن کانپ رہا ہے
اور مست ہوا رقص کی لے تیز کیے جائے

شاخیں ہیں تو وہ رقص میں پتے ہیں تو رم میں
پانی کا نشہ ہے کہ درختوں کو چڑھا جائے

[illegible]

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# بارش میں

زمیں ہے
یا کہ کچے رنگوں کی ساری پہنے
گھنے درختوں کے نیچے کوئی شریر لڑکی
شریر تر پانیوں سے اپنا بدن چرائے _ چرا نہ پائے

http://getebooks4free.com

## ایک شعر

گھر کی ویرانی کی دوست
دیواروں پہ اگتی گھاس!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# بے بسی

بارش نے زمیں پر پاؤں دھرا
خوشبو کھنکی، گھنگھرو چھنکا
لہرائی ہوا، بہکی برکھا
کیا جانے کیا مٹی سے کہا
در آئی شریر میں اک ندیا
کس اور چلی، دیا دیا

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# بسنت بہار کی نرم ہنسی

بسنت بہار کی نرم ہنسی
آنگن میں چھلکی

بھیگ گئی مری ساری

پھر ــــ پروا کی شوخی

کیسے اپنا آپ سنبھالوں

آنچل سے تن ڈھانپوں ــ تو

زلفیں کھل جائیں

زلف سمیٹوں

تن چھلکے گا!

IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

اشک آنکھ میں پھر اٹک رہا ہے
کنکر سا کوئی کھٹک رہا ہے

میں اس کے خیال سے گریزاں
وہ میری صدا جھٹک رہا ہے

تحریر اسی کی ہے، مگر دل
خط پڑھتے ہوئے اٹک رہا ہے

ہیں فون پہ کس کے ساتھ باتیں
اور ذہن کہاں بھٹک رہا ہے

صدیوں سے سفر میں ہے سمندر
ساحل پہ تھکن ٹپک رہا ہے

اک چاند صلیب شاخ گل پر
بالی کی طرح لٹک رہا ہے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# سفر

بارش کا اک قطرہ آ کر
میری پلک سے الجھا
اور آنکھوں میں ڈوب گیا

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

ٹھہر جائے، مگر رات کٹے
کوئی صورت ہو کہ برسات کٹے

خوشبوئیں مجھ کو قلم کرتی گئیں
شاخ در شاخ مرے ہات کٹے

موجۂ گل ہے کہ تلوار کوئی
درمیاں سے ہی مناجات کٹے

حرف کیوں اپنے گنوائیں جا کر
بات سے پہلے جہاں بات کٹے

چاند! آ مل کے منائیں یہ شب
آج کی رات ترے سات کٹے

پورے انسانوں میں گھس آئے ہیں
سر کٹے، جسم کٹے، ذات کٹے

http://getebooks4free.com

# احتساب

ہوا__ جو گندم کی پہلی خوشبو کے لمس سے لے کے
کڑوے بارود کی مہک تک
زمیں کے ہمراہ رقص میں تھی
گماں یہ ہوتا ہے
اس رفاقت سے تھک چکی ہے
اور اپنی پازیب اُتار کر
اجنبی زمینوں کی سرد بانہوں میں سو رہی ہے
فضا میں سناٹا دم بخود ہے!
ہوا کی خفگی ہی بے سبب ہے
کہ ابنِ آدم نے اپنے نیپام سے بھی بڑھ کر
کوئی نیا بم بنا لیا ہے؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ایک شعر

ہمارے عہد میں شاعر کے نرخ کیوں نہ بڑھیں
امیرِ شہر کو لاحق ہوئی سخن فہمی

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

سر گوشیٔ بہار سے خوشبو کے در کھلے
کس اسم کے جمال سے بابِ ہنر کھلے

جب رنگ پابہ گِل ہوں، ہوائیں بھی قید ہوں
کیا اس فضا میں پرچمِ زخمِ جگر کھلے

خیمے سے دور، شام ڈھلے، اجنبی جگہ
نکلی ہوں کس کی کھوج میں، بے وقت سر کھلے

شاید کہ چاند بھول پڑے راستہ کبھی
رکھتے ہیں اس امید پہ کچھ لوگ در کھلے

وہ مجھ سے دور، خوش ہے؟ خفا ہے؟ اداس ہے؟
کس حال میں ہے کچھ تو مرا نامہ بر کھلے

[illegible] شخص اتنا [illegible]

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

راتیں تو قافلوں کی معیت میں کاٹ لیں
جب روشنی بٹی تو کئی راہبر کھلے

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

ہوا سے جنگ میں ہوں، بے اماں ہوں
شکستہ کشتیوں پر بادباں ہوں

میں سورج کی طرح ہوں دھوپ اوڑھے
اور اپنے آپ پر خود سائباں ہوں

مجھے بارش کی چاہت نے ڈبویا
میں پختہ شہر کا کچا مکاں ہوں

خود اپنی چال الٹی چلنا چاہوں
میں اپنے واسطے خود آسماں ہوں

دعائیں دے رہی ہوں دشمنوں کو
اک ہمدرد پر نامہرباں ہوں

پرندوں کو دعا سکھلا رہی ہوں
میں بستی چھوڑ، جنگل کی اذاں ہوں

ابھی تصویر میری کیا بنے گی
ابھی تو کینوس پر اک نشاں ہوں

http://getebooks4free.com

## خدا سے

میں پذیرائی کے آداب سے واقف

مگر

اب کے برس میرے گھر

یا تو برسات آئے

یا مری تنہائی!

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

مرجھانے لگی ہیں پھر خراشیں
آؤ کوئی زخم گر تلاشیں

ملبوس برہنہ کھیتوں کے
پیراہن ابر سے تراشیں

بادل ہیں کہ نیلی طشتری میں
رقصاں ہیں سفیدیوں کی قاشیں

پیڑوں کی قبا ہی تھی قیامت
اور اس پہ بہار کی تراشیں!

تاروں کی تو چال اور ہی تھی
جیتا کیے ہم اگرچہ تاشیں

اہرام ہے یا کہ شہر میرا
انسان ہیں یا حنوط لاشیں

سڑکوں پہ رواں، یہ آدمی ہیں
یا نیند میں چل رہی ہیں لاشیں

http://getebooks4free.com

# ضد

میں کیوں اس کو فون کروں!
اس کے بھی تو علم میں ہوگا
کل شب
موسم کی پہلی بارش تھی!

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

چاند میری طرح پگھلتا رہا
نیند میں ساری رات چلتا رہا

جانے کس دکھ سے دل گرفتہ تھا
منہ پہ بادل کی راکھ ملتا رہا

میں تو پاؤں کے کانٹے چنتی رہی
اور راستہ بدلتا رہا

رات گلیوں میں جب بھٹکتی تھی
کوئی تو تھا جو ساتھ چلتا رہا

سرد رت میں، مسافروں کے لئے
پیڑ، بن کر الاؤ، جلتا رہا

موسمی بیل تھی میں سوکھ گئی
وہ تناور درخت، پھلتا رہا

http://getebooks4free.com

ق

دل، مرے تن کا پھول سا بچہ
پتھروں کے نگر میں پلتا رہا

نیند ہی نیند میں کھلونے لئے
خواب ہی خواب میں بہلتا رہا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# آزمائش

ڈیڑھ برس کے بعد

اچانک

وقت نے اپنا آئینہ پن دکھلایا

بچھڑے ہوؤں کو مدِ مقابل لے آیا

بہتی ہوا کے عکس بنانے والا ساحر

گونگی تصویروں کو اب آواز بھی دے!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# آشیرباد

پھر مسیحائی دستگیر ہوئی
چن رہی ہوں تمہارے اشکوں کو
کس محبت سے یہ نئی لڑکی
میرے ہاتھوں کی کم سخن نرمی
دکھ تمہارے نہ بانٹ پائی مگر
اس کے ہاتھوں کی مہربانی کو
میری کم ساز آرزو کی دعا
اور یہ بھی کہ اس کی چارہ گری
عمر بھر ایسے سر اٹھا کے چلے
میری صورت کبھی نہ کھلائے
زخم پر ایک وقت کی پٹی!

http://getebooks4free.com

## پروردہ

لوگ کہتے ہیں ان دنوں چپ ہے
میرا قاتل_
کہ اس کے خنجر کو
دھونے والی کنیز
چھپ چھپ کر
اب لہو کی زباں سے چاٹتی ہے!

IqbalCyberLibrary.net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

کہاں آرام لمحہ بھر رہا ہے
سفر میرا تعاقب کر رہا ہے

رہی ہوں بے اماں موسم کی زد پر
ہتھیلی پر ہوا کی، سر رہا ہے

میں اک نوزائیدہ چڑیا ہوں لیکن
پرانا، باز مجھ سے ڈر رہا ہے

پذیرائی کو میری، شہر گل میں
صبا کے ہاتھ میں پتھر رہا ہے

ہوائیں چھو کے رستہ بھول جائیں
مرے تن میں کوئی منتر رہا ہے

میں اپنے آپ کو ڈسنے لگی ہوں
مجھے اب زہر اچھا کر رہا ہے

کھلونے پا لیے ہیں میں لیکن
مرے اندر کا بچہ مر رہا ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

نہ قرضِ ناخنِ گل، نام کو لوں
ہوا ہوں، اپنی گرہیں آپ کھولوں

تری خوشبو بچھڑ جانے سے پہلے
میں اپنے آپ میں تجھ کو سمو لوں

کھلی آنکھوں سے سپنے قرض لے کر
تری تنہائیوں میں رنگ گھولوں

ملے گی آنسوؤں سے تن کو ٹھنڈک
بڑی لُو ہے، ذرا آنچل بھگو لوں

وہ اب میری ضرورت بن گیا ہے
کہاں ممکن رہا، اس سے نہ بولوں

میں چڑیا کی طرح دن بھر تھکی ہوں
ہوئی ہے شام تو کچھ دیر سو لوں

چلوں مقتل سے اپنے شام، لیکن
میں پہلے اپنے پیاروں کو تو رو لوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

مرا نوحہ کناں کوئی نہیں ہے
سو اپنے سوگ میں خود بال کھولوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

عمر بھر کے لئے اب تو سوئی کی سوئی ہی معصوم شہزادیاں رہ گئیں
نیند چنتے چنتے ہاتھ تھک گئے وہ بھی جب آنکھ کی سوئیاں رہ گئیں

لوگ گلیوں سے ہوکر گزرتے رہے، کوئی ٹھٹھکا، نہ ٹھہرا، نہ واپس ہوا
ادھ کھلی کھڑکیوں سے لگی، شام تکتی ہوئی لڑکیاں رہ گئیں

پاؤں چھو کر پجاری الگ ہو گئے، نیم مندر کی تنہائی میں
آگ بنتی ہوئی تن کی نوخیز، خوشبو سمیٹے ہوئے دیویاں رہ گئیں

وہ ہوا تھی کہ کچے مکانوں کی چھت اڑ گئی اور مکیں لاپتہ ہو گئے
اب تو موسم کے ہاتھوں ( خزاں میں ) اجڑنے کو بس خواب کی بستیاں رہ گئیں

آخرکار لو وہ بھی رخصت ہوا، ساری سکھیاں بھی اب اپنے گھر کی ہوئیں
زندگی بھر کو فنکار سے گفتگو کے لیے صرف تنہائیاں رہ گئیں

شہرِ گل میں ہواؤں نے چاروں طرف، اس قدر ریشمیں جال پھیلا دیے
تھرتھراتے پروں میں شکستہ اڑانیں سمیٹے ہوئے تتلیاں رہ گئیں

اجنبی شہر کی اولیں شام ڈھلنے لگی، پرسہ دینے جو آئے ۔ گئے
جلتے خیموں کی بجھتی ہوئی راکھ پر بال کھولے ہوئے بیبیاں رہ گئیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

جانے پھر اگلی صدا کس کی تھی
نیند نے آنکھ پہ دستک دی تھی

موج در موج ستارے نکلے
جھیل میں چاند کرن اتری تھی

پریاں آئی تھیں کہانی کہنے
چاندنی رات نے لوری دی تھی

بات خوشبو کی طرح پھیل گئی
پیرہن میرا، شکن تیری تھی

آنکھ کو یاد ہے وہ پل اب بھی
نیند جب پہلے پہل ٹوٹی تھی

عشق تو خیر تھا اندھا لڑکا
حسن کو کون سی مجبوری تھی

کیوں وہ بے سمت ہوا، جب میں
اس کے بازو پہ دعا باندھی تھی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# گلہ

اے خدا

میری آواز سے ساحری چھین کر

تو نے سانپوں کی بستی میں کیوں مجھ کو پیدا کیا!

WWW.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

دکھ نوشتہ ہے تو آندھی کو لکھا! آہستہ
اے خدا اب کے چلے زرد ہوا، آہستہ

خواب جل جائیں، مری چشمِ تمنا بجھ جائے
بس ہتھیلی سے اڑے رنگِ حنا، آہستہ!

زخم ہی کھولنے آئی ہے تو عجلت کیسی
چھو مرے جسم کو، اے بادِ صبا! آہستہ!

ٹوٹنے اور بکھرنے کا کوئی موسم ہو
پھول کی ایک دعا، موجِ ہوا! آہستہ

جانتی ہوں کہ بچھڑنا تری مجبوری ہے
پر مری جان ملے مجھ کو سزا آہستہ

مری چاہت میں اب سوچ کا رنگ آنے لگا
اور ترا پیار بھی شدت میں ہُوا آہستہ

نیند پر جال سے پڑنے لگے آوازوں کے
اور پھر ہونے لگی تیری صدا آہستہ

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

رات جب پھول کے رخسار پہ دھیرے سے جھکی
''چاند نے جھک کے کہا، اور ذرا آہستہ!''

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

منظر ہے وہی ٹھٹھک رہی ہوں
حیرت سے پلک جھپک رہی ہوں

یہ تو ہے کہ میرا واہمہ ہے!
بند آنکھوں سے تجھ کو تک رہی ہوں

جیسے کہ کبھی نہ تھا تعارف
یوں ملتے ہوئے جھجک رہی ہوں

پہچان! میں تیری روشنی ہوں
اور تیری پلک پلک رہی ہوں

کیا چین ملا ہے ــــــ سر جو اس کے
شانوں پہ رکھے سسک رہی ہوں

پتھر پہ کھلی، پہ چشم گل میں
کانٹے کی طرح کھٹک رہی ہوں

جگنو کہیں تھک کے گر چکا ہے
جنگل میں کہاں بھٹک رہی ہوں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

گڑیا مری سوچ کی چھنی کیا
بچی کی طرح بلک رہی ہوں

اک عمر ہوئی ہے خود سے لڑتے
اندر سے تمام تھک رہی ہوں

رس پھر سے جڑوں میں جا رہا ہے
میں شک پہ کب سے پک رہی ہوں

تخلیق جمال فن کا لمحہ!
کلیوں کی طرح چٹک رہی ہوں

http://getebooks4free.com

☆

ڈھونڈا کیے ہاتھ جگنوؤں کے
میلے سے بچھڑ کے آنسوؤں کے

اک رات کھلا! تھا اس کا وعدہ
آنگن میں ہجوم خوشبوؤں کے

شہروں سے ہوا جو ہو کے آئی
رم چھننے لگے ہیں آہوؤں کے

کس بات پہ کائنات تج دیں
کھلتے نہیں بھید سادھوؤں کے

تنہا مری ذات دستِ شب میں
اطراف میں خیمے بدوؤں کے!

یہ بول ہوا کے لب پہ ہیں ـــــــ یا
منتر ہیں قدیم جادوؤں کے!

http://getebooks4free.com

☆

اب کیا جو تیرے پاس آؤں
کس مان پہ تجھ کو آزماؤں

زخم اب کے تو سامنے سے کھاؤں
دشمن سے نہ دوستی بڑھاؤں

تتلی کی طرح جو اڑ چکا ہے
وہ لمحہ کہاں سے کھوج لاؤں

گروی ہیں ساعتیں بھی اب تو
کیا تیری صدا کو منہ دکھاؤں

اے میرے لیے نہ دکھنے والے!
کیسے ترے دکھ سمیٹ لاؤں

یوں تیری شناخت مجھ میں اترے
پہچان تک اپنی بھول جاؤں

تیرے ہی بھلے کو چاہتی ہوں
میں تجھ کو کبھی نہ یاد آؤں

http://getebooks4free.com

قامت سے بڑی صلیب پا کر
دکھ کو کیوں کر گلے لگاؤں

دیوار سے بیل بڑھ گئی ہے
پھر کیوں نہ ہوا میں پھیل جاؤں

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

من تھکنے لگا ہے تن سمیٹے
بارش کی ہوا میں بن سمیٹے

ایسا نہ ہو، چاند بھید پا لے
پیراہنِ گل شکن سمیٹے

سوتی رہی آنکھ دن چڑھے تک
دلہن کی طرح تھکن سمیٹے

گزرا ہے چمن سے کون ایسا
بیٹھی ہے ہوا بدن سمیٹے

[illegible]

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اندر سے شکست وہ بھی نکلا
لیکن وہی بانکپن سمیٹے

شام آئے تو ہم بھی گھر کو لوٹیں
چڑیوں کی طرح تھکن سمیٹے

خود جنگ سے دست کش تھے ہم لوگ
جذبات میں ایک رن سمیٹے

آنکھوں کے چراغ ہم بجھا دیں
سورج بھی مگر کرن سمیٹے

کس پیا رسے مل رہے ہیں کچھ لوگ
چمکیلے بدن میں پھن سمیٹے

پھر ہونے لگی ہوں ریزہ ریزہ
آئے مجھے میرا فن سمیٹے

غیروں کے لیے بکھر گئی تھی
اب مجھ کو مرا وطن سمیٹے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

پھول آئے، نہ برگ تر ٹھہرے
دکھ پیڑ کے بے ثمر ٹھہرے

ہیں تیز بہت ہوا کے ناخن
خوشبو سے کہو کہ گھر ٹھہرے

کوئی تو بنے خزاں کا ساتھی
پتہ نہ سہی، شجر ٹھہرے

اس شہر سخن فروشگاں میں
ہم جیسے تو بے ہنر ٹھہرے

[illegible]

http://getebooks4free.com

وہ شہر میں ہے، یہی بہت ہے
کس نے کہا، میرے گھر ٹھہرے

چاند اس کے نگر میں کیا رکا ہے
تارے بھی تمام ادھر ٹھہرے

ہم خود ہی تھے سوختہ مقدر
ہاں! آپ ستارہ گر ٹھہرے

میرے لیے منتظر ہو وہ بھی
چاہے سرِ رہگذر ٹھہرے

پازیب سے پیار تھا سو میرے
پاؤں میں سدا بھنور ٹھہرے

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

☆

اب کیسی پردہ داری، خبر عام ہو چکی
ماں کی ردا تو، دن ہوئے، نیلام ہو چکی

اب آسماں سے چادرِ شب آئے بھی تو کیا
بے چادری زمین پہ الزام ہو چکی

اجڑے ہوئے دیار پہ پھر کیوں نگاہ ہے
اس کشت پر تو بارشِ اکرام ہو چکی

سورج بھی اس کو ڈھونڈ کے واپس چلا گیا
اب ہم بھی گھر کو لوٹ چلیں، شام ہو چکی

شملے سنبھالتے ہی رہے مصلحت پسند
ہونا تھا جس کو پیار میں بدنام ہو چکی

آنکھیں ہیں اور صبح تلک تیرا انتظار
مشعل بدست رات ترے نام ہو چکی

کوہِ ندا سے بھی سخن اترے اگر، تو کیا
نا سامعوں میں حرمتِ الہام ہو چکی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

پانی پر بھی زادِ سفر میں پیاس تو لیتے ہیں
چاہنے والے ایک دفعہ بن باس تو لیتے ہیں

ایک ہی شہر میں رہ کر جن کو اذنِ دید نہ ہو
یہی بہت ہے، ایک ہوا میں سانس تو لیتے ہیں

رستہ کتنا دیکھا ہوا ہو، پھر بھی شاہ سوار
ایڑ لگا کر اپنے ہاتھ میں راس تو لیتے ہیں

پھر آنگن دیواروں کی اونچائی میں گم ہوں گے
پہلے پہل گھر اپنوں کے پاس تو لیتے ہیں

یہی غنیمت ہے کہ بچے خالی ہاتھ نہیں ہیں
اپنے پرکھوں سے دکھ کی میراث تو لیتے ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

جگا سکے نہ ترے لب، لکیر ایسی تھی
ہمارے بخت کی ریکھا بھی میرؔ ایسی تھی

یہ ہاتھ چومے گئے، پھر بھی بے گلاب رہے
جو رت بھی آئی، خزاں کے سفیر ایسی تھی

وہ میرے پاؤں کو چھونے جھکا تھا جس لمحے
جو مانگتا اسے دیتی، امیر ایسی تھی

شہادتیں مرے حق میں تمام جاتی تھیں
مگر خموش تھے منصف، نظیر ایسی تھی

کتر کے جال بھی صیاد کی رضا کے بغیر
تمام عمر نہ اڑتی، اسیر ایسی تھی

http://getebooks4free.com

ردا کے ساتھ لٹیرے کو زاد رہ بھی دیا
تری فراخ دلی میرے ویر ایسی تھی

کبھی نہ چاہنے والوں کا خوں بہا مانگا
نگار شہر سخن بے ضمیر ایسی تھی

http://getebooks4free.com

☆

میرے چھوٹے سے گھر کو یہ کس کی نظر، اے خدا! لگ گئی
کیسی کیسی دعاؤں کے ہوتے ہوئے بددعا لگ گئی

ایک بازو بریدہ شکستہ بدن قوم کے باب میں
زندگی کا یقیں کس کو تھا، بس یہ کہیے، دوا لگ گئی

جھوٹ کے شہر میں آئینہ کیا لگا، سنگ اٹھائے ہوئے
آئینہ ساز کی کھوج میں جیسے خلقِ خدا لگ گئی

جنگلوں کے سفر میں آسیب سے بچ گئی تھی، مگر
شہر والوں میں آتے ہی پیچھے یہ کیسی بلا لگ گئی

نیم تاریک تنہائی میں سرخ پھولوں کا بن کھل اٹھا
ہجر کی زرد دیوار پر تیری تصویر کیا لگ گئی

وہ جو پہلے گئے تھے، ہمیں ان کی فرقت ہی کچھ کم نہ تھی
جان! کیا تجھ کو بھی شہر نامہرباں کی ہوا لگ گئی؟

دو قدم چل کے ہی چھاؤں کی آرزو سر اٹھانے لگی
میرے دل کو بھی شاید ترے حوصلوں کی ادا لگ گئی

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

میز سے جانے والوں کی تصویر کب ہٹ سکی تھی مگر
درد بھی جب تھما، آنکھ بھی جب ذرا لگ گئی!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

وہی پرند کہ کل گوشہ گیر ایسا تھا
پلک جھپکتے، ہوا میں لکیر ایسا تھا

اسے تو دوست کے ہاتھوں کی سوجھ بوجھ بھی تھی
خطا نہ ہوتا کسی طور، تیر ایسا تھا

پیام دینے کا موسم نہ ہم نوا پا کر
پلٹ گیا دبے پاؤں، سفیر ایسا تھا

کسی بھی شاخ کے پیچھے پناہ لیتی میں
مجھے وہ توڑ ہی لیتا، شریر ایسا تھا

ہنسی کے رنگ بہت مہرباں تھے لیکن
اداسیوں سے ہی نبھتی، خمیر ایسا تھا

ترا کمال کہ پاؤں میں بیڑیاں ڈالیں
غزالِ شوق کہاں کا اسیر ایسا تھا!

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ایک ننھی سی امید

اب تو شہر میں لوٹ آئے ہو
اب تو سب لمحے اپنے ہیں
کیا اب بھی کم فرصت ہو؟
ہاں_ لمحوں کی تیز روی نے مجھ کو بھی سمجھایا ہے
دن کے شور میں اپنی صدا گم رہتی ہے
لیکن شام کا لہجہ تو سرگوشی ہے
جم خانے کی گہری رات کی انگوری باہوں میں آنے سے پہلے
جب وہ سکی آنکھوں میں ستارے بھر دے
اور سرشاری
بھولے بھٹکے رستوں کے وہ سارے چراغ جلا دے
جو تم ہوا سے لڑ کر روشن دکھا کرتے تھے
کیا کوئی کرن_ ننھی سی کرن_ میری ہو گی؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## گوری کرت سنگھار

بال بال موتی چمکائے

روم روم مہکار

مانگ سیندور کی سندرتا سے

چمکے چندن وار

جوڑے میں جوہی کی بینی

بانہہ میں ہار سنگھار

کان میں جگ مگ بالی پتہ

گلے میں جگنو ہار

صندل ایسی پیشانی پر

بندیا لائی بہار

سبز کٹار سی آنکھوں میں

کجرے کی در دھار

گالوں کی سرخی میں جھلکے

ہردے کا اقرار

ہونٹ پہ کچھ پھولوں کی لالی

کچھ ساجن کے کار

کسا ہوا کیسری شلوکا

چنری دھاری وار

ہاتھوں کی اک اک چوڑی میں

موہن کی جھنکار

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

سہج چلے، پھر بھی پائل میں

بولے پی کا پیار

اپنا آپ درپن میں دیکھے

اور شرمائے نار

نار کے روپ کو انگ لگائے

دھڑک رہا سنسار

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

تتلیوں کی بے چینی آبسی ہے پاؤں میں
ایک پل کو چھاؤں میں اور پھر ہواؤں میں

جن کے کھیت اور آنگن ایک ساتھ اجڑے ہیں
کیسے حوصلے ہوں گے ان غریب ماؤں کے

صورتِ رفو کرتے، سر نہ یوں کھلا رکھتے
جوڑ کب نہیں ہوتے، ماؤں کی رداؤں میں

آنسوؤں میں کٹ کٹ کر کتنے خواب گرتے ہیں
اک جوان میت آرہی ہے گاؤں میں

اب تو ٹوٹی کشتی بھی آگ سے بچاتے ہیں
ہاں کبھی تھا نام اپنا بخت آزماؤں میں

ابر کی طرح ہے وہ یوں نہ چھو سکوں لیکن
ہاتھ جب بھی پھیلائے آ گیا دعاؤں میں

جگنوؤں کی شمعیں بھی راستے میں روشن ہیں
سانپ ہی نہیں ہوتے ذات کی گپھاؤں میں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

صرف اس تکبر میں اس نے مجھ کو جیتا تھا
ذکر ہو نہ اس کا بھی کل کو نارساؤں میں

کوچ کی تمنا میں پاؤں تھک گئے لیکن
سمت طے نہیں ہوتی پیارے رہنماؤں میں

اپنی غم گساری کو مشتہر نہیں کرتے
اتنا ظرف ہوتا ہے درد آشناؤں میں

اب تو ہجر کے دکھ میں ساری عمر جلنا ہے

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

شوق رقص سے جب تک انگلیاں نہیں کھلتیں
پاؤں سے ہواؤں کے، بیڑیاں نہیں کھلتیں

پیڑ کو دعا دے کر کٹ گئی بہاروں سے
پھول اتنے بڑھ آئے، کھڑکیاں نہیں کھلتیں

پھول بن کی سیروں میں اور کون شامل تھا
شوخی صبا سے تو بالیاں نہیں کھلتیں

حسن کے سمجھنے کو عمر چاہیے جاناں
دو گھڑی کی چاہت میں لڑکیاں نہیں کھلتیں

کوئی موجہ شیریں چوم کر جگائے گی!
سورجوں کے نیزوں سے سیپیاں نہیں کھلتیں

ماں سے کیا کہیں گی دکھ ہجر کا کہ خود پر بھی
اتنی چھوٹی عمروں کی بچیاں نہیں کھلتیں

شاخ شاخ سرگرداں، کس کی جستجو میں ہیں
کون سے سفر میں ہیں، تتلیاں نہیں کھلتیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

آدھی رات کی چپ میں کس کی چاپ ابھرتی ہے
چھت پہ کون آتا ہے، سیڑھیاں نہیں کھلتیں

پانیوں کے چڑھنے تک حال کہہ سکیں اور
کیا قیامتیں گزریں، بستیاں نہیں کھلتیں

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

مٹی کی گواہی خوں سے بڑھ کر
آئی ہے عجب گھڑی وفا پر

کس خاک کی کوکھ سے جنم لیں
آئے ہیں جو اپنے بیج کھو کر

کانٹا بھی یہاں کا برگ تر ہے
باہر کی کلی ببول تھوہر

قلموں سے لگے ہوئے شجر ہم
پل بھر میں ہوں کس طرح ثمر ور

کچھ پیڑ زمین چاہتے ہیں
بیلیں تو نہیں اگیں ہوا پر

اس نسل کا ذہن کٹ رہا ہے
اگلوں نے کٹائے تھے فقط سر

پتھر بھی بہت حسیں ہیں لیکن
مٹی سے ہی بن سکیں گے کچھ گھر

http://getebooks4free.com

ہر عشق گواہ ڈھونڈتا ہے
جیسے کہ نہیں یقین خود پر

بس ان کے لیے نہیں جزیرہ
پیر آئے جو کھولتے سمندر

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

http://getebooks4free.com

# بچپنا

ننھا شگوفہ
شاخ سے ہاتھ چھڑا کر
ہوا کی بات میں آ کر
بارش کے میلے میں گیا
اور اپنے آپ سے بچھڑ گیا!

http://getebooks4free.com

# نذر حضرت امیر خسرو

## (پوربی)

پردیسی کب آؤ گے؟

سورج ڈوبا شام ہو گئی
تن میں چنبیلی پھولی
من میں روگ لگانے والے
میں کب تجھ کو بھولی

کب تک آنکھ چراؤ گے؟
پردیسی، کب آؤ گے؟

سانجھ کی چھاؤں میں تیری چھایا
ڈھونڈتی جائے داسی
بھرے ماگھ میں کھوجے تجھ کو
تم درشن کی پیاسی

جیون بھر ترساؤ گے
پردیسی کب آؤ گے؟

بھیروں ٹھاٹھ نے انگ بنایا
وادی سُر ____ گندھار
سموادی کو نکھار ورنگ دے
شدھ مدھم سنگھار

تم کب تک لگاؤ گے؟

http://getebooks4free.com

پردیسی، کب آؤ گے؟

ہاتھ کا پھول، گلے کی مالا

مانگ کا سرخ سیندور

سب کے رنگ ہیں پھیکے پرانے

ساجن جب تک دور

روپ نہ میرا سجاؤ گے؟

پردیسی، کب آؤ گے؟

ہر آہٹ پر کھڑکی کھولی

ہر دستک پر آنکھ

چاند نہ میرے آنگن اترا

سپنے ہو گئے راکھ

ساری عمر جلاؤ گے؟

پردیسی کب آؤ گے؟

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# رقص

آئینہ سے فرش پر،
ٹوٹے بدن کا عکس،
آدھے چاند کی صورت لرزتا ہے
ہوا کے وائلن کی نرم موسیقی
خنک تاریکیوں میں
چاہنے والوں کی سرگوشی کی صورت بہہ رہی ہے
اور ہجوم ناشناساں سے پرے
نسبتاً کم بولتی تنہائی میں
اجنبی ساتھی نے میرے دل کی ویرانی کا ماتھا چوم کر
مجھ کو یوں تھاما ہوا ہے
جیسے میرے سارے دکھ اب اس کے شانوں کے لیے ہیں!
دونوں آنکھیں بند کر کے
میں نے بھی اب بازوؤں پر تھک کر یوں سر رکھ دیا ہے
جیسے غربت میں اچانک چھاؤں پا کر راہ گم گشتہ مسافر پیڑ
سے سر ٹیک دے!
خواب صورت روشنی
اور ساز کی دلدار لے
اس کی سانسوں سے گزر کر
میرے خوں کی گردشوں میں سبز تارے بو رہی ہے
رات آنکھوں کے ڈورے بھی گلابی ہو رہے ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

اس کے سینے سے لگی
میں کنول کے پھول کی وارفتگی سے
سرخوشی کی جھیل پر آہستہ آہستہ قدم یوں رکھ رہی ہوں
جیسے میرے پاؤں کچی نیند میں ہوں اور ذرا بھاری قدم رکھے
تو پانی ٹوٹ جائے گا
شکستہ روح پر سے غم کے سارے پیرہن
ایک اک کر کے اترتے جا رہے ہیں
لمحہ لمحہ
میں زمیں سے دور ہوتی جا رہی ہوں
اب ہوا میں پاؤں ہیں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

# ایک بری عورت

وہ اگرچہ مطربہ ہے
لیکن اس کے دامِ صوت سے زیادہ
شہر اس کے جسم کا اسیر ہے
وہ آگ میں گلاب گوندھ کر کمالِ آذری سے پہلوی تراش
پانے والا جسم
جس کو آفتاب کی کرن جہاں سے چومتی ہے
رنگ کی پھوار پھوٹتی ہے!
اس کے حُسنِ بے پناہ کی چمک
کسی قدیم لوک داستان کے جمال کی طرح
تمام عمر لاشعور کی اسیر رنگ رکھتی ہے!
گئے زمانوں میں کسی پری کو مڑ کے دیکھنے سے لوگ
باقی عمر قیدِ سنگ کاٹتے تھے
یاں ــــ سزائے بازدید آگ ہے!
یہ آزمائشِ شکیبِ ناصحاں و امتحانِ زہدِ واعظاں
دریچہ مراد کھول کر ذرا جھکے
تو شہرِ عاشقاں کے سارے سبز خط
خدائے تن سے،
شبِ عذار ہونے کی دعا کریں
جواں لہو کا ذکر کیا
یہ آتشہ تو

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

پیرِ سال خوردہ کو صبح خیز کر دے!

شہر اس کی دلکشی کے بوجھ سے چیخ رہا ہے

کیا عجیب حسن ہے،

کہ جس سے ڈر کے مائیں اپنی کوکھ جائیوں کو،

کوڑھ صورتی کی بد دعائیں دے رہی ہیں

کنواریاں تو کیا

کہ کھیلی کھائی عورتیں بھی جس کے سائے سے پناہ مانگتی ہیں

بیاہتا دلوں میں اس کا حسن خوف بن کے یوں دھڑکتا ہے

کہ گھر کے مرد شام تک نہ لوٹ آئیں تو

وفا شعار بیبیاں دعائے نور پڑھنے لگتی ہیں!

کوئی برس نہیں گیا،

کہ اس کے قرب کی سزا میں

شہر کے سہی قداں

نہ قامتِ صلیب کی قبا ہوئے

وہ نہر جس پہ ہر سحر یہ خوش جمال بال دھونے جاتی ہے

اسے فقیہہِ شہر نے نجس قرار دے دیا

تمام نیک مرد اس سے خوف کھاتے ہیں

اگر بکارِ خسروی

کبھی کسی کو اس کی راندہ جہاں کی گلی سے ہو کے جانا ہو

تو سب کلاہ دار،

اپنی عصمتیں بچائے یوں نکلتے ہیں

کہ جیسے اس گلی کی ساری کھڑکیاں

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

زنانِ مصر کی طرح سے ان کے پچھلے دامنوں کو کھینچنے لگی ہیں
یہ گئی اماوسوں کی ذکر ہے
کہ ایک شام گھر کو لوٹتے ہوئے میں راستے بھٹک گئی
مری تلاش مجھ کو جنگلوں میں لا کے تھک گئی
میں راہ کھوجتی ہی رہ گئی
اس ابتلا میں چاند سبز چشم ہو چکا تھا
جگنوؤں سے کیا امید باندھتی
مہیب شب ہراس بن کے جسم و جاں پہ یوں اتر رہی تھی
جیسے میرے روئیں روئیں میں
کسی بلا کا ہاتھ سرسرا رہا ہو
زندگی میں — خامشی سے اتنا ڈر کبھی نہیں لگا!
کوئی پرند پاؤں بھی بدلتا تھا تو نبض ڈوب جاتی تھی
میں ایک آسمان چشیدہ پیڑ کے سیہ تنے سے سر ٹکائے
تازہ پتے کی طرح لرز رہی تھی
ناگہاں کسی گھنیری شاخ کو ہٹا کر
روشنی کے دو الاؤ یوں دہک اٹھے
کہ ان کی آنچ میرے ناخنوں تک آ رہی تھی —
ایک جست —

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

☆

کیا ذکرِ برگ و بار یہاں پیڑ ہل چکا
اب آئے چارہ ساز کہ جب زہر کھل چکا

جب سوزنِ ہوا میں پرویا ہو تارِ خوں
اے چشمِ انتظار! ترا زخم سل چکا

آنکھوں پہ آج چاند نے افشاں چنی تو کیا
تارہ سا ایک خواب تو مٹی میں مل چکا

آئے ہوائے زرد کہ طوفان برف کا
مٹی کی گود کر کے ہری، پھول کھل چکا

بارش نے ریشے ریشے میں رس بھر دیا ہے اور
خوش ہے کہ یوں حساب کرم ہائے گل چکا

[illegible]

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

http://getebooks4free.com

http://getebooks4free.com

## دعا

چاندنی،
اس دریچے کو چھو کر
مرے نیم روشن جھروکے میں آئے، نہ آئے
مگر
میری پلکوں کی تقدیر سے نیند چنتی رہے
اور اس آنکھ کے خواب بنتی رہے!

----------ختم شد---------------

http://getebooks4free.com